اورینٹل کالج میگزین

جلد (۹) عدد (۱)

عدد مسلسل (۳۳)

بابت

نومبر ۱۹۳۲ء

حصّہ اوّل

ایڈیٹر

مولوی محمّد شفیع ایم۔ اے

مطبع کریمی لاہور بیرون شیرانوالہ گیٹ سرکلر روڈ میں باہتمام میر قدرت اللہ پرنٹر چھپا اور

ایس این متر نے

[illegible] نے شائع کیا

۵۵ ف

فہرست مضامین

شاہنامے

میں

طلوعِ آفتاب

"تاریخ رزمیاتِ ایران" کے کسی آرٹیکل میں فاضل مصنف نے فردوسی کی قادرالکلامی پر بحث کرتے ہوئے یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ جہاں کہیں ایک ہی کیفیت یا ایک ہی واقعہ کو متعدد مرتبہ بیان کرنے کی ضرورت ہوئی ہے ۔ تو فردوسی نے اپنی قادرالکلامی اور تنوعِ بیان کا پورا ثبوت دیا ہے ۔ اور مثال کے طور پر یہ بھی جتلایا تھا کہ مثلاً اگر وہ تمام اشعار جہاں فردوسی نے شاہنامے میں طلوعِ آفتاب کو بیان کیا ہے یکجا کئے جائیں تو اس تنوعِ بیان کی یہ ایک نہایت عمدہ مثال ہو سکتی ہے ۔ غالباً اسی تجویز پر عمل کرتے ہوئے مشہور جرمن مستشرق پروفیسر پال ہورن نے شاہنامے کے ان اشعار کو جمع کیا ہے ۔ جن میں طلوعِ آفتاب کا بیان ہے ۔ لیکن اصل اشعار کی بجائے انہوں نے فقط جرمن ترجمہ لکھ دیا ہے ۔ اور آخر میں شاہنامے کی دو مختلف اڈیشنوں میں صفحوں کے حوالے دئے ہیں ۔ ہورن کا یہ مضمون نولڈکہ کے یادگارنامے میں جو ان کی ستّرویں سالگرہ کے جشن کی تقریب میں مرتب کیا گیا تھا شائع ہوا تھا ۔ اوّل تو یہ یادگارنامہ کمیاب ہے ۔ دوسرے شاہنامے کی جن اڈیشنوں کے حوالے ہیں وہ

بھی بہت کمیاب ہیں۔ تیسرے ہمارا خیال یہ ہے کہ "تاریخ رزمیاتِ ایران" کے خاتمے پر اس مجموعۂ اشعار کا بطور ذیل یا تتمّے کے طبع ہونا نہایت برمحل ہوگا۔ لہذا یہاں اسکو شایع کیا جاتا ہے '

بر دمیدنِ آفتاب ؎

بشبگیر چون بر دمید آفتاب سرِ جنگ جویان برآمد ز خواب

(فولرس[1] ص ۴۹۸)

دگر روز چون بر دمید آفتاب ببالید کوہ و بپالود خواب

(میکن[2] ۱۴۸۹)'

کشتی زرد ؎

برآمد یکی زرد کشتی ز آب ببالید رنج و بپالود خواب

(میکن ۱۸۲۷)'

برآمدنِ آفتاب ؎

تہی باش در پیش پردہ سرای چو خورشید تابان برآید ز جای

بخفت او چو خورشید از خاوران برآمد بسانِ رخِ دلبران

(فولرس ۶ ۴۹ ' ۲۳۲)'

تابیدنِ آفتاب ؎

چو آمد بہ برج حمل آفتاب جہان گشت با فر و آئین و آب

بتابید ز انسان ز برج برہ کہ گیتی جوان گشت زو یکسرہ

(ایضاً ۱۴)

---

[1] فولرس سے مراد شاہنامہ طبع فولرس (لیڈن ۱۸۷۷ء)
[2] میکن سے مراد ″ ″ میکن (کلکتہ ۱۸۲۹ء)

بلند شدنِ آفتاب ـــ

شب تیرہ تا شد بلند آفتاب همی گشت با نوذر افراسیاب

نکرد ایچ رستم برفتن شتاب بدان تا بر آمد بلند آفتاب

چو گفتار گرسیوز افراسیاب شنید و بر آمد بلند آفتاب

دفولرس ۲۶۳، ۳۵۲، ۶۵۶)،

پدید آمدنِ آفتاب ـــ

چو خورشید رخشنده آمد پدید زمین شد بسان گل شنبلید

چو خورشید تابنده آمد پدید سپیده ز خم کمان بردمید

دفولرس ۷۱۲، ۸۷۵)،

رخشیدنِ آفتاب ـــ

بآرامگه بود تا شب گذشت دگر روز چون شید رخشنده گشت

چو رخشنده خورشید شد بر سپهر بیاراست روی زمین را بمهر

دفولرس ۳۹۸، ۱۴۴۱)،

افروختن هور ـــ

بروز چهارم چو بفروخت هور شد از خواب بیدار بهرام گور

دمیکن ۱۴۹۳)،

افروختنِ آفتاب ـــ

چو از چرخ بفروخت گرنده شید

دفوارس ۱۴۶۹ ،

روشن شدنِ خورشید سے

چو خورشید بر چرخ روشن شود سر کوه چون پشت جوشن شود

رمیکن ۱۷۹۶ ،

تابیدنِ خورشید سے

چو اندر گذشت آن شب گشت روز بتابید خورشید گیتی فروز

دفوارس ۱۵۲۳ ،

افروختنِ گیتی فروز سے

بدین کار ما بر نیاید دو روز که بفروزد از چرخ گیتی فروز

رمیکن ۱۸۱۹ ،

چو بفروخت از کوه گیتی فروز برفتند ازان بیشه با بازو یوز

از آن پس بیاسود لشکر دو روز سه دیگر چو بفروخت گیتی فروز

هم آنجا ببودند گردان سه روز چهارم چو بفروخت گیتی فروز

دو رزم گران کرده شد در سه روز چهارم چو بفروخت گیتی فروز

دفوارس ۲۵۹ ، ۱۶۰۴ ، ۱۷۷۸ ،

سه جنگ گران کرده شد در سه روز چهارم چو بفروخت گیتی فروز

ببد بر ورش بدینسان سه روز چهارم چو بفروخت گیتی فروز

سخن گفت و بنشست با او سه روز چهارم چو بفروخت گیتی فروز

(میکن ۱۶۴۳، ۱۸۳۴، ۱۹۲۶، ۲۰۹۱)،

برین نیز بگذشت یک هفته روز بهشتم که بفروخت گیتی فروز

(ایضاً ۱۶۷۲)،

چو از کوه بفروخت گیتی فروز دو زلف شب تیره بگرفت روز

یکی رزم کردند تا چاک روز چو پیدا شد از کوه گیتی فروز

(فولرس ۹۴۲، ۹۰۷)،

هور گیتی فروز ؎

کنون می گساریم تا چاک روز که رخشان شود هور گیتی فروز

(میکن ۱۵۳۶)،

از امروز بشکیب تا پنج روز چو پیدا شود هور گیتی فروز

(ایضاً ۱۵۷۴)،

زمان داده ام شاه را تا سه روز چو پیدا شود فر گیتی فروز

(ایضاً ۱۸۲۰)،

خورشید گیتی فروز ؎

شما می گسارید خرم سه روز چهارم چو خورشید گیتی فروز

برآید یکی کلبه سازم فراخ سر طاق بر تر ز دیوار کاخ

(ایضاً ۱۳۹)،

بخشکی رسیدند چون روز گشت که تابش گیتی افروز گشت

(ایضاً ۱۵۷۵)،

چراغ –

جهان از شب تیره چون پرّ زاغ | هم آنگه سر از کوه برزد چراغ

هم انگه زمین گشت چون پرّ زاغ | چنین تا سر از کوه برزد چراغ

(ولرس ۳۸، ۱۴۵۸)،

دگر روز چون سیمگون گشت زاغ | پدید آمد آن زرد رخشان چراغ

(ایضاً ۱۸۴۸)،

چو خورشید پیدا شد از پشت زاغ | برآمد یکردار روشن چراغ

دگر روز چون خور برآمد ز راغ | نهاد از بر چرخ زرّین چراغ

(ولرس ۷۱۰، ۱۳۳۰)،

برینگونه تا شید بر پشت زاغ | برآمد جهان شد چو روشن چراغ

چو اندر بره خور نهادی چراغ | پس دشت بودی و در پیش باغ

(میکن ۱۵۰۷، ۲۰۰۶)،

روشن شدن گیتی از خورشید –

چو گیتی ز خورشید شد روشنا | رسید اندران جایگه بیژنا

دگر روز چون گشت روشن جهان | درفش شب تیره شد در نهان

(ولرس ۱۲۶۰، ۱۵۹۴)،

خورشید فام –

چو روی زمین گشت خورشید فام | سخن گوی ہندوی برشد ببام
(میکن ۱۸۹۶)

زرد شدنِ گیتی سے

چو شد روی گیتی ز خورشید زرد | بجُنّبد اندر آمد شب لاجورد
(فولرس ۸۷۳)

چو شد روی گیتی ز خورشید زرد | بجُنّبد اندر آمد شب لاجورد
(میکن ۱۳۷۱)

آراستہ شدنِ گیتی سے

چو خورشید گیتی بیاراستی | بدان کلبہ بازار برخاستی
(فولرس ۱۱۲۰)

چو خورشید گیتی بیاراستی | خروشی ز درگاہ برخاستی
(میکن ۱۷۱۰)

چو خورشید تابان ز برج بره | بیاراست روی زمین یکسره
(فولرس ۱۲۹۰)

گستردنِ دیبای زرد سے

چو گسترد خورشید دیبای زرد | بجوشید دریای دشت نبرد
(ایضاً ۱۲۱۶)

یاقوتِ زرد سے

دگر روز چون گنبد لاجورد | بر آورد و بنمود یاقوت زرد

تو گفتی کہ بر گنبد لاجورد | بگسترد خورشید یاقوت زرد

(فولرس ۳۱ ، ۳۸)،

کوه یاقوت زرد ؎

چو پنهان شدی چادری لاجورد   پدید آمدی کوه یاقوت زرد

چو پنهان شد آن چادر لاجورد   جهان شد ز دیدار خورشید زرد

(میکن ۱۸۰۰ ، ۱۹۰۰)،

بدانگه که دریای یاقوت زرد   زند موج بر کشور لاجورد

(فولرس ۸۹۵)،

کشادنِ راز ؎

چو خورشید بر چرخ بکشاد راز   سپهدار جنگی بزد طبل باز

(میکن ۱۹۴۳)،

بشادی سر آمد شب دیر باز   چو خورشید رخشنده بکشاد راز

چو خورشید تابنده بکشاد راز   بهر جای بنمود چهر از فراز

(فولرس ۱۸۶، ۶۳۲)،

بر دمیدنِ آفتاب از دریا ؎

ز دریای جوشان چو خور بر دمید   شد آن چادر قیرگون ناپدید

بر آمد یکی زرد کشتی ز آب   بیالید رنج و بپالود خواب

(میکن ۱۵۱۱ ، ۱۸۲۷)،

چشمهٔ آفتاب ؎

دوم روز چون چشمهٔ آفتاب بجنبید و بیدار شد سر ز خواب
(فولرس ۲۰۵)،

درفشی بزد چشمهٔ آفتاب سر شاه گیتی سبک شد ز خواب
(میکن ۱۵۵۶)،

بر آمدنِ آفتاب از کوه سے

چو خورشید تابان بر آمد ز کوه برفتند گردان همه همگروه

چنین تا بر آمد ز کوه آفتاب دل لشکر ترک شد پر شتاب

چو فردا بر آید ز کوه آفتاب کنم زین حصار تو دریای آب

بدانگونه تا خور بر آمد ز کوه نیامد ز بانش ز خواهش ستوه

شبی تا بر آمد ز کوه آفتاب دو تن را نیامد سر اندر بخواب
(فولرس ۱۶۷، ۸۹۷، ۹۰۰، ۱۶۸۹، ۳۲ ملحق)،

برین گفته یک شب به پیمود خواب چنین تا بر آمد ز کوه آفتاب

چنین تا پدید آمد از تیغ شید در و دشت شد چون بلور سپید
(میکن ۱۲۰۲، ۱۵۹۹)،

همه شب همی راند خود با گروه چو خورشید تابان بر آمد ز کوه
چراغ زمانه ز مین تازه کرد در و دشت بر دیگر اندازه کرد
(فولرس ۱۵۹۸)،

زبانہ برزدے

چو برزد زبانہ زکوہ آفتاب　　سرنامداران بر آمد زخواب

(ولرس ۲۱۱)

بعض اشعار میں آفتاب انسانی جسم کے ساتھ تصوّر کیا گیا ہے چنانچہ شاعر اس کے سر، ہاتھ، چہرے اور رخسار کا ذکر کرتا ہے :

سر برزدنِ خورشیدے

چو برزد سر از کوہ زرد آفتاب　　سر تاجداران بر آمد زخواب

(میکن ۱۸۴۳)

چو از کوہ خورشید سر بر زدی　　منیژہ زہر در ہمی نان چدی

چو خورشید برزد سر از کوہسار　　سپہبد برفتن بر آراست کار

(ولرس ۱۰۹۱، ۱۷۶۷)

ببودند یک شب بر آژنگ چہر　　بدانگہ کہ برزد سر از کوہ چہر

(میکن ۱۷۳۲)

چو خورشید برزد سر از کوہسار　　سیاوش بیامد بر شہریار

چو خورشید برزد سر از کوہسار　　بگسترد یاقوت بر پشتِ قار

چو خورشید برزد سر از کوہسار　　سوارانِ توران ببستند بار

(ولرس ۵۳۴، ۷۰۱، ۱۱۳۲)

چو خورشید برزد سر از تیرہ کوہ　　تہمتن ز خواب خوش آمد ستوہ

چو خورشید برزد سر از تیره کوه　　خروشی برآمد ز هر دو گروه

چو برزد سر از تیره کوه آفتاب　　بداندیش را سر برآمد ز خواب

چو خور سر برآرد ز کوه سیاه　　نمایم ترا جنگ شاه و سپاه

(فولرس ۲۳۶، میکن ۱۹۳۲، ۲۰۴۰، ۱۸۲۲)

چو خورشید برزد سر از تیغ کوه　　بیامد یک مرد دانش پژوه

چو خورشید برزد سر از برز کوه　　میانها ببستند توران گروه

چو خورشید برزد سر از تیغ کوه　　ز گیتی بیامد ز هر سو گروه

(فولرس ۳۷، ۴۵۶، ۱۴۳۷)

سر بر کشیدنِ خورشید

چو از کوه خورشید سر بر کشید　　ز چشم جهان شاه شد ناپدید

چو خورشید برزد سر از تیره راغ　　زمین شد بکردار روشن چراغ

چو خورشید برزد سر از پشت زاغ　　زمین شد بکردار روشن چراغ

هم آنجا رسیدیم هنگام روز　　چو برزد سر از چرخ گیتی فروز

شب تیره تا سر زد از چرخ شید   بد کوه چون پشت پیل سپید

(فولرس ۱۴۳۹، ۱۷۶۹، ۱۷۹۱، ۱۳۲۴، ۱۳۳۷)

بگشت اندرین نیز یک شب سپهر   چو بر زد سر از کوه تابنده مهر

پرستنده یدشاه دو هفته روز   چو بر زد سر از چرخ گیتی فروز

بکشمیهن آمد بهنگام روز   که بر زد سر از کوه گیتی فروز

چو بر زد سر از کوه گیتی فروز   زمین را بملحم بپوشید روز

(میکن ۱۶۹۹، ۱۸۳۰، ۱۵۴۵، ۱۹۴۲)

بر آمدنِ آفتاب از برج شیر ۵

چو خورشید بر زد سر از برج شیر   سپهر اندر آورد شب را بزیر

چو بر زد سر از برج خرچنگ شید   جهان گشت چون روی رومی سپید

چو بر زد سر از برج شیر آفتاب   ببالید روز و بپالود خواب

چو بر زد سر از چشمهٔ شیر شید   جهان گشت چون روی رومی سپید

چو بر زد سر از برج شیر آفتاب   زمین شد بکردار دریای آب

(فولرس ۷۵۷، ۸۸۷، میکن ۱۴۴، ۱۸۲۲، ۱۷۳۷)

روی نمودن خورشید، چهره نمودن خورشید ۵

بگفت آن زمان رستم جنگجوی چو خورشید تابنده بنمود روی

برین نیز بگذشت گردان سپهر چو خورشید تابنده بنمود چهر

شب تیره بودند باگفت وگوی چو خورشید بنمود بر چرخ روی
بگشت اندرین نیز چندین سپهر چو از خوشه بنمود خورشید چهر

چو خورشید تابنده بنمود چهر خرامان بر آمد بخم سپهر

چو خورشید تابنده بنمود چهر جهان کرد از چهر خود پر ز مهر

چو خورشید تابنده بنمود چهر بسان بتی با دل پر ز مهر

چو خورشید تابنده بنمود چهر بیاراست روی زمین را بمهر

چو خورشید بنمود تابنده چهر در باغ بگشاد گردان سپهر

چو بگذشت نیمی ز گردان سپهر درخشنده خورشید بنمود چهر

شب تیره چون چادر مشکبوی بیفگند و بنمود خورشید روی

دفولرس ۳۴۹، میکن ۱۶۲۵، ۱۴۸۸، فولرس ۷۷۵، ۸۲۰، ۹۰۰، ۹۱۵، ۱۵۸۴
میکن ۱۶۲۷، فولرس ۵۶۷، میکن ۱۸۰۷،

پہنای خورشید ؎

چو خورشید بنمود پہنای خویش   نشست از بر تند بالای خویش
بزیر اندر آورد برج بره   جہان چون می زرد شد یکسره

(فولرس ۷۹۲)

رخسارِ خورشید ؎

چو بنمود رخ آفتاب از نشیب   دل موبد شاه شد پر نہیب

(میکن ۱۵۸۶)

دستِ خورشید ؎

چو خورشید بر چرخ بنمود دست   شہنشاه بر تخت زرّین نشست

چو خورشید بنماید از چرخ دست   بدین دشت خیره نباید نشست

(میکن ۱۵۵۵، ۱۵۹۹)

چو خورشید بر چرخ بنمود دست   رخ تیره شب را بناخن بخست

چو بنمود خورشید بر چرخ دست   شب تیره بار غریبان ببست

(فولرس ۱۳۵۷، میکن ۱۵۷۴)

پنجۂ خورشید، چنگ خورشید ؎

چو خورشید زد پنجه بر پشت گاو   ز ہامون بر آمد خروشش چکاو

چو خورشید بر زد زخر چنگ چنگ   بدرید پیراہن مشک رنگ

چو بر زد زخر چنگ چنگ آفتاب   بفرسود رنج و بپالود خواب

دفولرس ۹۳۵ ، ۹۱۸ ، میکن ۱۶۴۲)،

بر خورشید ؎

چو خورشید رخشان بگسترد پر سیہ زاغ پرّان فرو برد سر

دفولرس ۷۹۷)،

آفتاب کا ایک جنگجو یا ایک بادشاہ کی مانند بر آمد ہونا، سپر گرفتنِ آفتاب

؎ چو خورشید برداشت زرّین سپر زمانہ بر آورد از چرخ سر

چو زرین سپر برگرفت آفتاب سر جنگجویان بر آمد ز خواب

چو خورشید زرّین سپر برگرفت شب آن شعر پیروزہ بر سر گرفت

چو خورشید زرّین سپر برگرفت شب تیرہ زو دست بر سر گرفت

چو خورشید از چرخ گردندہ سر بر آورد بر سان زرّین سپر

دگر روز چون بر دمید آفتاب چو زرّین سپر می نمود اندر آب

دفولرس ۷۷۴ ، ۱۷۷۰، ۱۳۱۵، ۱۵۷۷، ۶۱۲ ، ۱۴۸۲)،

تیغ آفتاب ؎

بدو گفت رستم کہ شد تیرہ روز چو پیدا کند تیغ گیتی فروز

بدانگہ کہ خورشید بنمود تیغ بخواب اندر آمد سر تیرہ میغ

سپهدار ایران بفرزانه گفت — که چون برکشد هور تیغ از نهفت

چو خورشید شمشیر رخشان کشید — شب تیره را گشت سرنا پدید

چو خورشید تیغ از میان برکشید — شب تیره زو دامن اندر کشید

چو زد بر سر کوه بر تیغ شید — جهان شد بسان بلور سپید

(فولرس ۴۹۲، ۶۷۱، ۵۳۴، ۸۶۸، ۱۵۵۶، ۱۵۱)

ببود اندر آن شهر خسرو سه روز — چهارم چو خورشید گیتی فروز

بابر اندر آورد برنده تیغ — جهان جوی شد سوی راه دریغ

(میکن ۱۹۰۷)

سر تیرگی اندر آید بخواب — چو تیغ تپش برکشد آفتاب

(فولرس ۴۸۴)

خنجر آفتاب سے

چو از کوه خنجر برآورد هور — گریزان شد از خواب بهرام گور

چو خورشید خنجر کشید از نیام — پدید آمد آن مطرف زرد فام

(میکن ۱۴۹۵، ۱۸۹۷)

پدید آمد آن خنجر تابناک — بکردار یاقوت شد روی خاک

(فولرس ۱۰۰۷)

سنان آفتاب سے

کنون چون برآرد سنان آفتاب نه بینند ازین پس مرا جز بخواب

چو خورشید بر زد سنان از فراز سوی کاخ شد دشمن دیوساز

چو خورشید بر زد سنان از نشیب شتاب آمد از رفتن اندر وریب

چو خورشید بر زد سنان از فراز خود و ماهرن از راه گشتند باز

چو بر زد سنان آفتاب بلند شب تیره گشت از درخشش نژند

چو بر زد خور از چرخ رخشان سنان به پیچید شب گرد کرده عنان

(فولرس ۱۴۳۸، میکن ۲۰۲۳، فولرس ۴۷، ۸۴، ۱۴۷۴، میکن ۱۸۵۷،
فولرس ۱۳۶۴)،

کمند آفتاب سے

چو خورشید روشن ز چرخ بلند همی خواست افگند مشکین کمند

(فولرس ۴۴۰)، تخت آراستن خورشید سے

چو خورشید تابان بیاراست گاه طلایه بیامد نزدیک شاه

چو کرسی نهاد از بر تخت شید جهان گشت چون روی رومی سپید

چو خورشید بر تخت زرین نشست شب تیره رخ را بناخن بخست

چو پیدا شد آن فرّ خورشید زرد   بپیچید زلف شب لاجورد

(میکن ۱۹۴۲، ۱۳۶۸، فولرس ۱۴۸۷، میکن ۱۹۵۸)،

تخت و تاج خورشید ؎

چو خورشید تابنده بنمود تاج   بگسترد کافور بر تخت عاج

چو خورشید تابنده بنمود تاج   زمین شد بکردار تابنده عاج

پر اندیشه بود آن شب دیر باز   چو خورشید بنمود تاج از فراز

چو خورشید بنمود تاج از فراز   هوا بر زمین نیز بگشاد راز

چو خورشید بنمود تاج از فراز   بپوشید روی شب دیر یاز

چو خورشید بنهاد بر چرخ تاج   بکردار زرّ آب شد روی ساج

چو خورشید بر چرخ بنمود تاج   جهانبان نشست از بر تخت عاج

چو شبگیر خورشید بنمود تاج   زمین شد بکردار دریای عاج

(فولرس ۸۹۷، میکن ۱۵۲۷، فولرس ۳۲۰، ۱۵۸۸، میکن ۱۷۵۵، فولرس ۱۴۷۷، میکن ۱۵۱۲، ۱۶۱۵)،

دوم روز چون شید بنمود تاج   نشست از بر سیم گون تخت عاج

بدانگہ کہ خورشید بنمود تاج — بر آمد نشست از بر تخت عاج

دگر روز چون تاج بنمود مہر — زبانہ بر آمد ز خم سپہر

(فولرس ۱۱۱۵، ۱۰۲۴، میکن ۱۵۵۳)،

زماہی چو خورشید بنمود تاج — بر افگند خلعت زمین را ز عاج

زخاور چو خورشید بنمود تاج — گل زرد شد بر زمین رنگ ساج

دگر ہفتہ چون ہور بفروخت تاج — بیامد نشست از بر تخت عاج

(میکن ۱۶۷۹، ۱۴۳۴، ۱۶۷۶)،

سہ دیگر چو بفروخت خورشید تاج — زمین زرد شد کوہ و دریا چو عاج

برین ہمنشان تا ز خم سپہر — پدید آمد آن زیور تاج مہر

(میکن ۱۵۱۳، ۱۶۰۰)،

کلاہِ خورشید سے

ببود آن شب و بامداد پگاہ — چو خورشید بنمود زرّین کلاہ

شب تیرہ لشکر ہمی راند شاہ — چو خورشید بفراشت زرّین کلاہ

بمان تا بیاساید امشب سپاہ — چو بر سر نہد کوہ زرّین کلاہ

(میکن ۱۴۳۵، فولرس ۱۵۹۵، ۱۲۹۵)،

درفش خورشید ـ

چو خورشید بر زد بهامون درفش — دم شب شد از خنجر او بنفش

زدیبا چو خورشید بر زد درفش — چو مصقول گشت آن هوای بنفش

چو بر زد ز دریا درفش سفید — ستاره شد از تیرگی نا امید

چو خورشید بنمود تابان درفش — معصفر شد آن پرنیانی بنفش

چو خورشید تابان بر آرد درفش — درفشان کند روی چرخ بنفش

چو خورشید تابان بر آرد درفش — چو زرّ آب گردد زمین بنفش

(فولرس ۸۳۴، میکن ۱۵۰۸، ۱۹۳۵، فولرس ۱۰۳۵، ۱۳۰۲، ۱۴۳۸)،

سراپردۂ خورشید ـ

چو خورشید بر کشور لاجورد — سراپردۂ زد ز دیبای زرد

(فولرس ۹۳۰)،

لشکر خورشید ـ

چو خورشید بر چرخ لشکر کشید — شب تار تا زنده شد نا پدید

(ایضاً ۹۲۷)،

پرده برداشتن آفتاب ـ

چو برداشت پرده ز پیش آفتاب — سپیده بر آمد بپالود خواب

چو خورشید از پرده بالا گرفت جهان از ثری تا ثریّا گرفت
(فولرس ۸۸، ۲۳۶)،

چو خورشید با رنگ دینار زرد ستم کرد بر پردهٔ لاجورد

چو خورشید آن چادر قیرگون بدرّید و از پرده آمد برون

چو خورشید از آن چادر نیلگون غمی شد بدرّید و آمد برون

بدانگه که خور چادر مشکبوی بدرّید و بر چرخ بنمود روی

چو خورشید از پرده آگاه شد ز برج کمان بر سرِ گاه شد

چو خورشید ازان چادر لاجورد برآمد بپوشید دیبای زرد

چو برقع بر افگند از چهر مهر بخواندش برِ خویش بوزرجمهر
(فولرس ۱۰۱۲، ۴۷۲، ۹۰۱، میکن ۱۵۱۵، فولرس ۱۴۸۴، ۱۵۹۱، میکن ۱۶۸۹)،

چون پیدا شد آن چادر عاج گون خور از بخش دو پیکر آمد برون

چو پیدا شد آن چادر زرد رنگ وزو گشت گیتی چو پشت پلنگ

چو زرین شد آن چادر مشکبوی   فروزنده بر چرخ بنمود روی

چو روشن شد آن چادر لاجورد   جهان شد یکردار یاقوت زرد

(دمیکن ۱۷۹۷، ۲۰۵۶، ۱۵۶۴، فولرس ۵۸۸)

زرد جام خورشید سے

چنین تا پدید آمد آن زرد جام   که خورشید خوانی مر او را بنام

چو مهمان من بوده باشد سه روز   چهارم چو از چرخ گیتی فروز

بیندازد آن چادر لاجورد   پدید آید آن جام یاقوت زرد

(دمیکن ۱۵۸۱، فولرس ۱۶۸۸)   (باقی)

محمد اقبال

خزائنِ مخطوطات

پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور

قصص و حکایات

(گذشتہ سے پیوستہ)

۱ - ملاحت مقال - دیکھو ریو - ج ۳ - ص ۱۰۰۶

[اوراق ۵۷ ، سطور ۱۷ - نیم شکستہ - تقطیع ۸½×۶ : ۶½×۴½]

دلپت رای (یادپست سنگھ) کا مجموعہ قصص [بعد از ۱۱۸۱ھ]

ناقص الآخر

۲ - محبوب القلوب - ریو - ج ۲ - ص ۷۶۷

[اوراق ۲۱۹ ، سطور ۱۵ - نستعلیق - تقطیع ۸″×۵½ : ۶×۴]

اخلاقی کہانیوں کا مجموعہ (۱۱۰۵ — ۱۱۳۵) از برخوردار بن محمود ترکمان

کتاب کچھ ناقص ہے -

۳ - لطایف الظرایف - ریو - ج ۲ - ص ۷۵۷

[اوراق ۱۲۵ - سطور ۲۰ - بدخط نستعلیق - تقطیع ۹×۷ : ۷×۴]

پرلطف کہانیوں اور لطیفوں کا مجموعہ (بعد از ۹۳۹ھ) از صفی بن علی بن حسین واعظ کاشفی - کتاب کے ۱۴ ابواب ہیں - ہر باب میں مختلف طبقات

میں سے ایک طبقے کے متعلق لطیفے ہیں -

کاتب - رحمت اللہ بن حاجی محمد بہوتہ ہیں -

تاریخ کتابت - ۲۵ ذوالقعدہ ۱۰۸۱ھ

۴ - **کارستان** - دیکھو انڈیا آفس - عدد ۲۰۸۳

[اوراق ۹۶ - سطور ۱۳ تا ۱۴ - شکستہ - تقطیع ۷½ × ۵½ : ۶ × ۳]

قصہ والا اختر (۱۰۵۰ھ) از مولانا ابوالبرکات منیر

کاتب - عصمت اللہ

تاریخ کتابت - محرم ۱۲۲۴ھ

۵ - **کشائش نامہ** - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۷۶۷

[اوراق ۶۳، سطور ۱۵ - تقطیع ۱۰ × ۶ : ۷ × ۴]

از خواجہ راجکرن رہتکی

۶ - **داستان حمزہ** - ریو - ج ۲ - ص ۷۶۱

[اوراق ۱۹۷ - سطور ۱۴، ۲۱، نستعلیق - تقطیع ½ ۹ × ½ ۶]

یہ مکمل داستان کا ایک جزو ہے -

کاتب - احمد بخش قانونگو بھیرہ

تاریخ کتابت ۱۱۸۴ھ

۷ - **چہار درویش** [اوراق ۵۵ - سطور ۲۳ - شکستہ آمیز - تقطیع ۹ × ۶½ : ۷½ × ۴]

چہار درویش کا ایک ناقص نسخہ از میر عطا حسین خان تحسین مرصع رقم بن باقر خان شوق

ناقص الآخر - اس کے دو نسخے اور بھی ہیں -

۸ - **قصہ دقیانوس** [اوراق ۲۶ - سطور ۱۴ - نستعلیق - تقطیع ۸½ × ۴½ : ۶ × ۳]

دقیانوس کا قصہ -

آغاز : راویان اخبار و ناقلان آثار چنین روایت کردہ اند

۹ - حکایات عجیب [اوراق ۱۱ - سطور ۱۶ - شکستہ - تقطیع ½۸ × ½۵ : ½۶ × ۴]

۵۲ حکایتوں کا مجموعہ - مصنف کا نام نا معلوم

۱۰ - انوار سہیلی - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۷۵۶

[اوراق ۱۹۲ - سطور ۲۲ - نستعلیق - تقطیع ۱۲ × ½۸ : ۹ × ۶]

حسین واعظ کاشفی کی مشہور کتاب انوار سہیلی

تاریخ کتابت ۷ رصفر ۱۲۱۳ھ

اس کتاب کے ایک دو نسخے اور بھی ہیں -

۱۱ - عیار دانش - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۷۵۶

[اوراق ۲۳۸ - سطور ۱۷ - ۱۸ ، نستعلیق - تقطیع ۱۰ × ۵ : ½۷ × ۳]

ابوالفضل علامی کی تصنیف (۹۹۶ھ)

کاتب - محمد علی

تاریخ کتابت - ۱۲۰۳ھ

اس کا ایک نسخہ اور بھی ہے -

۱۲ - طوطی نامہ - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۷۵۳

[اوراق ۲۲۷ ، سطور ۱۵ ، نستعلیق - تقطیع ۸ × ۵ : ½۵ × ۳]

۵۲ کہانیوں کا مجموعہ (۷۳۰ھ) از ضیاء الدین نخشبی (متوفی ۷۵۱ھ)

اس کا ایک نسخہ اور بھی ہے -

۱۳ - مرآة الخیال - [اوراق ۲۴۹ - سطور ۱۱ - نستعلیق - تقطیع ½۱۰ × ½۶ : ½۶ × ۴]

خاقان بن ملک شاہ اور ملکہ مصر کا افسانۂ عشق و محبت (۱۱۰۳ھ)

از مکھہ راج یا میگراج یا منگراج ملتانی جس نے اسے نواب حفظ اللہ خان کے نام پر معنون کیا ۔ تلسی رام بن ملک دنی چند نے دیباچہ لکھا ۔

۱۴ ۔ معدن الجواہر [اوراق ۲۴۷ ۔ سطور ۱۵ ۔ شکستہ ۔ تقطیع ۹½ × ۵½ : ۷ × ۴]

خواجہ امیر قادری نے اس مجموعہ حکایات کو مرتب کیا (۱۲۳۵ھ)

کتاب ۲۰ جواہر پر مشتمل ہے ۔

ناقص الآخر ۔

۱۵ ۔ قصہ یوسف [اوراق ۱۶۸ ۔ سطور ۱۵ ۔ نستعلیق ۔ تقطیع ۱۰ × ۷ : ۶ × ۳]

اس قصے کے ساتھ تصوف کی کتاب ریاض العاشقین بھی ہے ۔

تاریخ کتابت ۱۱۰۰ھ

کاتبان ۔ (۱) دوست محمد بن ملا سمرقندی

(۲) حاجی محمد ضیا بانی (؟) (ضیابانی)

۱۶ ۔ قصہ مہربانو ۔ دیکھو ۔ ریو ۔ ج ۲ ۔ ص ۷۷۲

[اوراق ۳۴ ۔ سطور ۱۵ ۔ نستعلیق ۔ تقطیع ۹ × ۶ : ۷ × ۴]

قصہ ملک زادہ و مہربانو

ناقص ۔

۱۷ ۔ شعلہ آہ ۔ [اوراق ۱۲۱ ۔ سطور ۱۵ ۔ شکستہ آمیز ۔ تقطیع ۱۱ × ۶ : ۷½ × ۳½]

ملک محمد اور شمس بانو کا قصہ عشق و محبت از منشی لچھمن سنگھ غیوری (از ۱۲۲۱ھ)

۱۸ ۔ قصہ سیف الملوک ۔ دیکھو ریو ۔ ج ۲ ۔ ص ۷۶۴

[اوراق ۲۴۵ ۔ سطور ۱۵ ۔ نیم شکستہ ۔ تقطیع ۸½ × ۵ : ۶½ × ۳]

سیف الملوک اور بدیع الجمال کا قصہ عشق و محبت ،

۱۹ - ریاض القصص [اوراق ۲۳۸ - سطور ۱۱ - نیم شکستہ - تقطیع ۱۰ × ۶ : ۵ × ۳½]

از شیخ قمر الدین بن حافظ عبد الرحیم بن محمد حاجی جالندھری

اس کتاب کے ساتھ ذیل کے رسائل ہیں :-

(۱) تعزیت نامۂ شیخ دانشمند - مصنف معلوم نہیں

(۲) زمانہ نامہ - شکایت روزگار

تاریخ کتابت - محرم ۱۲۸۶ھ

۲۰ - بہار دانش - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۷۰۵

[اوراق ۱۲۰ - سطور ۱۹ - نیم شکستہ - تقطیع ۱۲½ × ۸ : ۱۱ × ۶]

جہاندار سلطان اور بہرہ ور بانو کی داستان عشق (۱۰۶۱ھ)

از شیخ عنایۃ اللہ (متوفی ۱۰۸۸ھ)

۲۱ - ہفت قصہ حاتم طائی - دیکھو ریو ج ۲ - ص ۷۶۴

[اوراق ۱۴۴ - سطور ۱۳ - ۱۴ - شکستہ - تقطیع ۷½ × ۴ : ۵½ × ۳]

حاتم طائی کے قصے -

کاتب - سادھو رام - تاریخ - ربیع الاول ۱۲۱۶ھ

۲۲ - کتاب النشر [اوراق ۷۵ - سطور ۱۱ - نستعلیق - تقطیع ۸ × ۵ : ۵ × ۲½]

جعفر زٹلی (متوفی ۱۱۲۵ھ) کی کہانیاں

۲۳ - حکایات - [اوراق ۲۶ - سطور ۱۵ - شکستہ - تقطیع ۹½ × ۵½ : ۶ × ۳]

لطایف و حکایات کا مجموعہ

سید محمد عبد اللہ

میر قدرت اللہ خاں قاسم

اور

اُن کی تالیف مجموعۂ نغز

ان کی کنیت ابوالقاسم عرف میر قدرت اللہ قادری اور قاسم تخلص ہے۔ اکثر تذکرہ نگار 'خان' کا لفظ ان کے نام کے ساتھ اضافہ کرتے ہیں۔ حضرت امام رضا کی اولاد سے ہیں۔ ان کے سربرآوردہ بزرگوں میں ایک تو سید اسمٰعیل غوربندی ہیں۔ دوسرے سید فاضل گجراتی ہیں جو قصبۂ گجرات شاہ دولہ پنجاب سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کا مکان گجرات میں لوہاروں کے محلے میں تھا اور قبر بھی وہیں ہے۔ جو زیارت گاہ خلائق ہے۔ مصنّف کا بیان ہے کہ "یزار و یتبرک بھا"

حکیم صاحب نے اپنے خاندانی حالات کا مطلق ذکر نہیں کیا ہے۔ صرف اسی قدر کہا ہے کہ اب صرف فتح علی خان حسینی جو ایک شیخ باکمال ہیں اور جن کا ذکر اس تصنیف کے علاوہ 'کرامات پیران پیر' میں بھی آتا ہے۔ ان کے بزرگوں کے جاننے والوں میں باقی رہ گئے ہیں۔ چنانچہ کرامات پیران پیر

بزرگوں سے واقف مرے اے اجل نہیں کوئی اسکے سوا آج کل

نہیں کوئی باقی رہا دوسرا شناسا بڑوں کا اب اس کے سوا

حسب اور نسب کا مری دوستاں وہی آج آگاہ ہے بے گماں

اس اشعارے سے ہم اس قدر اخذ کرتے ہیں کہ وہ ایک شریف اور ممتاز خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے۔ تذکرہ نگار ان کے نام کے ساتھ

"خان" کا لفظ بھی ضم کرتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ سرکار شاہی سے یہ خطاب ان کے بزرگوں کو عطا ہوا ہے۔ اور وراثتاً ان تک پہنچا ہے۔ یہ امر بھی ان کی شرافت خاندانی کی دلیل ہے۔ ان کا آبائی پیشہ درس و تدریس و تعلیم و تعلم کے علاوہ درویشی اور پیری مریدی تھا۔ شیخ عبد القادر جیلانی سے ان کے خاندان کو خاص ارادت تھی۔ اور ان کے والد کی بھی انہیں یہی نصیحت تھی کہ وہ ہمیشہ قادری رہیں۔ چنانچہ حکیم صاحب اپنی مثنوی کرامات پیران پیر میں فرماتے ہیں

ہمیشہ اسے والد نامدار — کہ بادا برو رحمت کردگار
یہ کرتا نصیحت بدل دوستو — جو بعد ائمہ تو اے نیک خو
دل و جان سے جان جان پدر — شہنشاہ بغداد کو راہ بر
سدا بوجھ سب کا انہیں پیشوا — کہ ہیں تیرھویں وہ امام ہدیٰ

حکیم صاحب اس نصیحت پر مدۃ العمر عامل رہے اور ہر بارھویں تاریخ کو بڑے پیر کی فاتحہ دلواتے رہے۔ مصنف نے اپنے والد کے ذکر کے متعلق بھی خاموشی سے کام لیا ہے۔ صرف اسی قدر کہا ہے کہ میری عمر کے آٹھویں سال میں ان کا انتقال ہوتا ہے۔ چنانچہ

گیا جب جہاں سے وہ ناصح کریم — ہوا اور برس آٹھویں یہ یتیم

والد کی رحلت سے تین سال بعد میر فتح علی خان حسینی ان کو لے جا کر مولانا فخر الدین کے مدرسہ میں داخل کرا دیتے ہیں۔ چنانچہ کرامات پیران پیر۔

مجھے لے گیا وہ جوانمرد پیر — جہاں تھے وہ صدر فخر قطب کبیر
جب اس مدرسہ میں بصد انکسار — مری آمد و شد ہوئی گرم یار

حکیم صاحب چونکہ ابھی کم سن تھے۔ ان کی عمر مشکل سے گیارہ سال ہوگی۔ اس لئے مولانا فخر الدین نے انہیں سید احمد ابا حسن کے حوالے کر دیا تھا جو اسی

مدرسہ میں ایک مدرس اور مولانا کے مرید و جانشین تھے ۔ کرامات پیران پیر:۔

وہ استاد جن کے کیا تھا سپرد   مجھے حضرت شیخ نے جان خورد

وہ تھا سید پاک و عالی تبار   نہایت بزرگ و بزرگی شعار

وہ رکھتے تھے از بسکہ خلق حسن   تکبیت تھے کہتے انہیں با حسن

فنا شیخ میں تھے ہوئے مو بمو   گویا حضرت فخر تھے ہو بہو

پس از رحلت شیخ قربت دثار   خلافت ہوئی ان کو صدیق وار

باجماع یاران وہ پاکیزہ دین   محب نبی کے ہوئے جانشین

اس عہد کے طلبا کی سادہ زندگی کا ہم اس ایک امر سے اندازہ لگا سکتے ہیں جو مصنف نے اپنی اسی نظم میں اتفاقیہ ذکر کر دیا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ میں صبح سے لے کر شام تک ایک لمحہ کے لئے بھی کتاب کو اپنی آنکھ سے اوجھل نہیں ہونے دیتا تھا ۔ علی الصباح اٹھا ۔ آٹا گوندھا ۔ اس کا ایک پیڑا بنایا اور جا کر تنور پر لگوالیا اور کھا پی کر دن بھر پڑھنے میں مصروف رہا

نہ چھٹتی تھی مجھ سے کتاب ایک پل   کہ کرنا تھا مشکل مسائل کو حل

غرض شام سے صبح تک میں بکد   مطالعہ کناں تھا لے اہل خرد

لے ایک ساتھ آٹے کا پیڑا میں خام   علی الصبح پڑھنے کو جاتا مدام

پکا اوسکو تنور سے اور کھا   میں تا شام پڑھنا پڑھاتا سدا

مجھے بس کہ مقصود میاں علم تھا   میں تھا پیچھے باندہ اسکے آٹا پڑا

کبھو ہی میں ناغہ نہ کرتا سبق   بلا ناغہ پڑھتا ورق دو ورق

ان ایام میں حکیم صاحب اپنا اکثر وقت اپنے استاد اور مولانا فخر الدین کی معیت میں گذارتے ۔ جب یہ بزرگ زیارات کے لئے جاتے ۔ یہ اپنے سبقوں میں ناغہ ہو جانے کے ڈر سے ساتھ ساتھ رہتے ۔ زیارتیں بھی کرتے اور موقعہ پاکر سبق بھی پڑھ

سے لینے۔

توجوں سایہ ہمراہ شیخ اے جواں زیارت کو پیروں کی پھرتے دواں
سمجھ اپنی تحصیل میں یہ فتور سدا ساتھ رہتا میں با صد سرور
جہاں وقت فرصت کا ملتا مجھے میں لیتا سبق پڑھ وہیں لطف سے
زیارات تھے مجکو مفت اے پسر بسر بہم تھے یہ شیر و شکر

اسی زمانہ میں حکیم صاحب کے نانا کو امیر الامرا نجیب الدولہ بہادر کی سرکار سے توسل تھا۔ نانا کی کوئی جاگیر تو تھی نہیں مگر امیر الامرا ان کے ساتھ مروت سے پیش آتے اور سلوک کرتے رہتے تھے اور ایام طالب علمی میں یہی نانا ہمارے مصنف کے کفیل معاش تھے۔

نجیب زماں تھا وہ خان زماں کہ تھی دولت وجاہ کی اسکے شاں
وہ تھا دیندار اسقدر اے عزیز کہ عہد اس کے میں باہزاراں تمیز
ہوے لاکھا حافظ با وقار ہزاروں ہی فاضل ہوئے نامدار
یہ قاسم بھی میاں اُسکے ہی جود سے ہوا ہے کچھ آگاہ شد بود سے
کہ نانا سے اسکے وہ صاحب کرم مروت سے کرتا تھا کچھ بیش و کم
عوض اسکی جاگیر کے یہ امیر کرے تھا تواضع قلیل و کثیر
یہ تھا حال پر اسکے حد مہرباں وہ تھا اس کے الطاف سے کامراں
میں سد رمق کھا کے نانا کے ہاتھ شب و روز مشغول تھا علم ساتھ

نجیب الدولہ کے متعلق ہمیں یاد رکھنا چاہیئے کہ وہ علی محمد خاں کے زمانہ میں روہیلکھنڈ پہنچے۔ کچھ عرصہ بعد وہاں سے قطع تعلق کرکے وزیر غازی الدین کی وساطت سے دہلی آگئے۔ جب نواب صفدر جنگ نے دربار دہلی سے مخالفت کی ۱۱۶۶ھ میں نجیب الدولہ نے صفدر جنگ پر حملہ کرکے اسکو دریائے گنگا عبور کرنے پر مجبور کیا۔ اس معرکے میں نجیب الدولہ خود بھی زخمی ہوئے تھے۔ احمد شاہ بہادر نے اس

حسن خدمت کے صلہ میں ان کو نجیب الدولہ کا خطاب دیا ۔ عالمگیر ثانی کے دور میں احمد شاہ ابدالی نے انہیں بادشاہ دہلی کا امیر الامرا مقرر کیا ۔ لیکن شاہ موصوف کی واپسی قندھار پر جو ۱۱۷۰ھ میں ہوئی ۔ غازی الدین خاں وزیر نے یہ منصب ان سے لے کر احمد خاں بنگش والی فرخ آباد کو تفویض کر دیا ۔ نجیب الدولہ ۱۱۷۴ھ کی جنگ پانی پت میں بھی شریک تھے ۔ اس جنگ کے اختتام پر احمد شاہ ابدالی نے بوقت واپسی دوبارہ ان کو امیر الامرا بنا دیا اور شہر دہلی اور شاہی خاندان کی حفاظت ان کے سپرد کر دی ۔ نجیب الدولہ نے اپنے زمانۂ امیر الامرائی میں دہلی اور ان بقیہ اضلاع کا جو ابتک شاہان دہلی کے قبضے میں تھے بوجہ احسن انتظام کیا اور رجب ۱۱۸۴ھ میں اس دار فانی سے رحلت کی ۔

اس بیان سے ظاہر ہے کہ نجیب الدولہ ۱۱۷۴ھ سے دہلی میں رہنے لگے ہیں اور اپنی وفات کے سال ۱۱۸۴ھ تک یہیں رہے ۔ یہی زمانہ ہے جب ہمارا مصنف شہر دہلی میں اپنی طالب علمی کا زمانہ مولانا محمد فخر الدین کے مدرسہ میں گذار رہا ہے ۔ جب ان ایام میں وہ طالب علم ہے اور ۱۲۴۶ھ میں انتقال کرتا ہے تو اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایک بڑی عمر کا جو تقریباً اسی سال ہوگی مالک تھا ۔

معقول و منقول میں حکیم صاحب مولانا فخر الدین اور خواجہ احمد خاں کے شاگرد ہیں ۔ مولوی محمدی ملقب بہ میاں صاحب بسمل تخلص سے مختصر وقایہ ۔ مختصر معانی مطول و شرح عقائد نسفی پڑھی ہیں (مجموعۂ نغز ص ۱۰۴) ۔ فن طب میں رئیس الحکما و شریف الاطبا حکیم محمد شریف خاں کے اور فن شعر میں ہدایت اللہ خاں ہدایت کے تلمیذ ہیں ۔

حکیم صاحب کسی کے ملازم نہیں تھے اور طبابت ذریعۂ معاش تھی ۔ مولوی کریم الدین تاریخ شعرائے اردو میں لکھتے ہیں " علم طب خوب ان کو آتا تھا ۔ علاج

بیماروں کا کیا کرتے تھے (صہ ۳۱۹) صاحب گلستان سخن انکو "حکیم کامل اور طبیب فاضل" کے معزز الفاظ سے یاد کرتے ہیں (صہ ۴۰۳) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہت اچھے طبیب تھے۔

ان کی زندگی ایک بے انقلاب زندگی معلوم ہوتی ہے جو طبابت اور شعر کی خدمت میں خاموشی کے ساتھ بسر ہو گئی۔ ابتدائے شعور سے انہیں شعر گوئی کا شوق تھا۔ مشاعروں میں ضرور حاضر رہتے۔ امیر الامرا نجیب الدولہ کے عہد میں میر محمدی شرف کے ہاں محفل مشاعرہ منعقد ہوا کرتی تھی۔ حکیم صاحب ان ایام میں محض مبتدی فن تھے لیکن مشاعرہ میں ضرور شامل ہوا کرتے۔ فرماتے ہیں:۔

"در ایام دولت نواب معلے القاب نجیب الدولہ بہادر عفی اللہ عنہ طرح مراختہ بخانۂ خود می انداخت۔ قاسم ہیچمدان سراپا نقصان کہ دران اوان مبتدی این فن بود بمجلس وے حاضر می شد" (صہ ۳۴۰/۱)

اسی زمانہ میں میاں مصحفی دہلی میں مقیم تھے اور اپنے گھر مشاعرے کراتے تھے۔ حکیم صاحب ان مشاعروں میں بھی شریک ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ کہتے ہیں

"در زمانے کہ وارد حضرت دہلی بود یک چند طرح مراختہ بخانۂ خود انداختہ باقاسم ہیچ مدان سراپا نقصان کہ اکثر بمشاعرہ اش میرفت بسیار باہلیت و آدمیت پیش می آمد" (صہ ۱۸۹/۲)

معلوم ہوتا ہے کہ اسی عہد میں استاد ہدایت کی شاگردی اختیار کی ہے۔ ہدایت کے ذکر میں کہتے ہیں:۔

"قاسم ہیچمدان سراپا نقصان باوصف صحبت مستوفی درعرض چہل سال تخمیناً گاہے ندیدہ کہ از وے کسی رنجیدہ" (صہ ۳۱۴/۲)

اس میں چالیس سال کے زمانہ کی طرف جو اشارہ ہے وہ تذکرۂ ہذا کی تحریر کے

وقت یعنے ۱۲۲۱ھ میں کیا ہے - اب ظاہر ہے کہ (۱۱۸۱ = ۴۰ - ۱۲۲۱) ۱۱۸۱ھ میں حکیم صاحب استاد ہدایت سے تعلق میں آئے ہیں اور غالباً اسی زمانہ میں وہ ان کے شاگرد بنتے ہیں -

نوعمری سے جو زلف سخن کے سنوارنے کا لپکا پڑا ہے مرتے دم تک نہیں چھوٹا - مشاعروں میں ان کی حاضر باشی ضروری تھی - کثرت مشق سے استادوں میں شمار ہونے لگا اور فن شعر کے ماہر تسلیم کر لئے گئے - انہی مشاعروں کی بدولت میر انشاءاللہ خاں انشا سے ان کا اور عظیم بیگ عظیم کا بگاڑ ہو جاتا ہے - حکیم صاحب کی سلیم الطبعی اور سلاست مزاج سے توقع نہیں ہو سکتی کہ وہ خود کسی معاملہ میں پہل کرتے البتہ انشا کی شوخ اور ہنگامہ زا طبیعت ادھر مرزا کی خود بینی اور بد دماغی زیادہ تر اس ادبی معرکہ کی ذمہ دار ہے - حکیم صاحب براہ راست کوئی فریق نہیں تھے - لیکن مرزا عظیم کی رفاقت کی بنا پر انہیں اس جنگ میں حصہ لینا پڑا - یہ شعری رزم جس میں انشا کی طرف سے بعض ناجائز امور کی حد تک اقدام ہوا ہے - مرزا میڈھو کے مشاعرہ میں قطعات و غزلیات فخریہ سے گذر کر باقاعدہ میدان جنگ کی صورت اختیار کرنے والی تھی - جب حکیم صاحب کے سامنے شمع لائی گئی - انہوں نے انشا سے خطاب کر کے کہا - عمزاد! آپ کی سرکار سے ہمیں مسیلمۂ کذاب کا خطاب عنایت ہوا ہے - بہت اچھا! اب ذرا ہمارے الفیل ما الفیل پر بھی کان دھریے - صاحب مشاعرہ کو گمان گذرا کہ اب کوئی رکیک ہجو پڑھی جانے والی ہے - ادھر سے یہ اور ادھر سے محب علی محب اٹھے اور کوشش کر کے فریقین میں صلح کرا دی - دونوں طرف شرفا تھے مان گئے - معاملہ بخیر و خوبی گذر گیا اور گشت و خون تک نوبت نہیں آنے پائی اس پرخاش شاعرانہ کی یادگار مرزا عظیم بیگ کا وہ مشہور مخمس ہے جس کے شعر ذیل نے ہماری زبان میں ضرب المثل کی عزت حاصل کر لی ہے -

شہزور اپنے زور میں گرتا ہے مثلِ برق وہ طفل کیا گریگا جو گھٹنوں کے بل چلے
(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو تذکرۂ انشا صفحہ ۸۲ و ۸۶)

تذکرۂ ہذا میں بعض اشاروں سے پایا جاتا ہے کہ حکیم صاحب نے بعض اوقات ادھر ادھر سفر بھی کئے ہیں - کنور پریم کشور فراقی کے ذکر میں کہتے ہیں کہ میں نے اس کے باپ کو بندرابن میں فقیرانہ لباس میں دیکھا ہے (صفحہ ۴۸) - اس سے انکا بندرابن پہنچنا ثابت ہے -

منت کے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ میں اور منت ایک ہی گاڑی میں لکھنؤ پہنچے - میں واپس چلا آیا - اور وہ وہیں رہ گئے -

"اتفاقاً قاسم ہیچمدان سراپا نقصان ہم سفر آن فصاحت زبان در یک گردون تا بلدۂ لکھنو رسید جامع المتفرقین ویرا در اندک فرصت بوطن مالوف رسانید و آن میر میدانِ سخنوری در ہمان نواح، توطن گزید" (صفحہ ۲۱۵)"

حکیم صاحب کی شادی مولوی نور احمد صاحب ممتاز کی دختر بلند اختر سے ہوئی تھی نور احمد مولوی عبدالوہاب کے فرزند ہیں جو اپنے عہد کے بڑے عالم مانے جاتے تھے۔ خود مولوی نور احمد شاہ عالم ثانی کے ایام شہزادگی میں استاد تھے جب شہزادہ عالی گوہر (شاہ عالم کی شہزادگی کا نام ہے) دیار شرقیہ کو چلے گئے - مولوی نور احمد کا سلسلہ سلطان ہدایت بخش اور نواب عماد الملک کی سرکاروں میں ہوگیا - آخر میں خانہ نشین ہوگئے اور باقی عمر بڑی عزت کے ساتھ گذار دی - اہل شہر و محلہ مولوی صاحب کی بیحد عزت کرتے تھے - یہ اس سے ظاہر ہے کہ جسدن مولوی صاحب کا انتقال ہوا اہل بازار نے ان کے احترام میں اپنی دکانیں بند کر دیں اور شریک جنازہ ہوگئے اور جب تک مولوی صاحب کو دفن نہیں کر دیا گیا اسوقت تک واپس نہیں آئے (صفحہ ۲۱۲)

اولاد میں حکیم صاحب نے صرف ایک فرزند کا ذکر کیا ہے - اور بمصداق 'الولد سر

لابیہ' وہ بھی شاعر ہیں - ان کا نام عزت اللہ عشق ہے - حافظ و قاری ہونے کے
علاوہ فن طبابت میں صاحب کمال ہیں اور میرزا ولی عہد بہادر (اکبر شاہ ثانی) کے فرزند
اکبر مرزا ابوالمظفر بہادر ظفر (ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ پادشاہ) کے کلام کی
اصلاح دیتے ہیں - اس موقعہ پر حکیم صاحب کے فقرہ سے مترشح ہوتا ہے کہ شاید
خود حکیم صاحب بھی شاہی خاندان کی اصلاح دیتے رہے ہیں - ان کے الفاظ ہیں :-

"اما از برخوردار کامگار میر عزت اللہ عشق مدعمرہ و زاد قدرہ کہ ارشاد رشتۂ
استادی این دودمان عالیشان دارو استشارہ می فرمایند" (ص ۳۷۳)

ایک احتمال یہ بھی ہوسکتا ہے کہ عزت اللہ عشق کے نانا مولوی نور احمد شاہ عالم
ثانی کے استاد ہیں - ممکن ہے کہ یہ اشارہ اس طرف ہو - بہر حال استاد ذوق سے پیشتر
عشق ظفر کی غزلیات کی اصلاح دیا کرتے تھے -

حکیم صاحب کے بزرگوں کا پیشہ درس و تدریس اور پیری مریدی تھا - آخر الذکر
کو ترک کر کے حکیم صاحب نے اس کی جگہ طبابت کا مفید پیشہ اختیار کر لیا تھا - مگر
اول الذکر تعلیم و تعلم کو معلوم ہوتا ہے کہ برابر جاری رکھا - فن شعر میں ان کے شاگردوں
کی فہرست جہانتک کہ تذکرۂ ہذا کا تعلق ہے نہایت مختصر ہے - لیکن میں ایسے شاگردوں
کے نام جن کا ذکر اتفاقیہ اس تذکرہ میں آگیا ہے خواہ وہ کتبی شاگرد ہوں یا فن شعر کے
یا محض کتابی تکرار کرنے والے یہاں درج کئے دیتا ہوں -

(۱) آفاق - میر فریدالدین - اصل میں حکیم ثناء اللہ خان فراق کے شاگرد ہیں لیکن
استاد کے کہنے سے حکیم صاحب کو بھی اپنا کلام دکھا دیا کرتے ہیں (ص ۳۷)

(۲) احسن - احسن اللہ - حکیم صاحب ہی کے شاگرد ہیں (ص ۵۴)

(۳) اشرف - غلام اشرف - منجملہ دیگر کمالات علم موسیقی میں پوری دستگاہ
رکھتے ہیں - ساز سندر بین ان کی ایجاد ہے - بعض علوم عربیہ کے علاوہ ریختہ میں بھی

حکیم صاحب سے اصلاح لیتے ہیں۔ انکی لاابالیانہ افتادِ طبیعت کے حکیم صاحب شکوہ سنج ہیں۔ کہتے ہیں کہ اجتو وہ اپنا کلام مجھے دکھائے بغیر غیر ذمہ دارانہ طریق پر لوگوں کے سامنے پڑھ دیتے ہیں (ص ۶۲/۱)

(۴) افسوس۔ غفور بیگ۔ اصل میں استاد ہدایت کے تلمیذ ہیں لیکن استاد کی غیبت میں اپنا کلام فراق اور حکیم صاحب کو دکھا لیا کرتے ہیں (ص ۶۶/۱)

(۵) بیاں۔ خواجہ احسن اللہ خان۔ مصنف کے ساتھ بلا ناغہ سبق کی تکرار کرتے رہے ہیں (ص ۱۲۳/۱)

(۶) تنہا۔ ایک افغان زادہ تھا۔ عین عالم شباب میں انتقال کیا۔ اپنا کلام کبھی حکیم صاحب کو اور کبھی فراق کو دکھاتا رہا ہے (ص ۱۴۸/۱)

(۷) حفیظ۔ حافظ محمد حفیظ۔ کشمیری الاصل اور دہلوی المولد ہے۔ اپنا کلام کبھی فراق کو کبھی حکیم صاحب کو دکھاتا رہا۔ بعد میں عشق سے مشورہ کرنے لگا (ص ۲۱۳/۱)

(۸) راقم۔ غلام محمد ہفت قلم۔ مصنف مشہور تذکرۂ خوشنویسان۔ مجموعۂ نغز کی تالیف سے بارہ تیرہ سال پیشتر جب راقم لکھنؤ نہیں گیا تھا۔ حکیم صاحب سے شرح شمسیہ اور حاشیۂ میر پڑھتا رہا ہے۔ اور شعر میں بھی اصلاح لی ہے (ص ۲۶۴/۱)

(۹) شفیق۔ مظہر علیخان۔ مشق سخن فراق سے کرتا رہا ہے۔ لیکن حکیم صاحب اور ان کے فرزند عشق سے بھی استفادہ کیا ہے (ص ۳۴۴/۱)

(۱۰) نیاز۔ میاں نیاز احمد شاعر مشہور۔ حکیم صاحب کے ساتھ بعض کتابوں کی تکرار کی ہے (ص ۳۸۸/۲)

(۱۱) سرور۔ میر فیض علی۔ سید ابراہیم کی اولاد سے ہے جو سید شمس الدین کے بھائی ہیں۔ ان کا مزار دہلی سے دو منزل پر قصبۂ اجڑاڑہ میں واقع ہے۔ سادات کبرویہ میں سے ہیں اور طریق شطاریہ پر عامل ہیں۔ ان کے مزار پر ذیقعدہ کی سترھویں تاریخ سے

بیسویں تک سالانہ عرس ہوتا ہے۔ جس میں قرب و جوار کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔ یہ
سرور علوم عقلیہ و نقلیہ کی تحصیل کے لئے اپنے وطن سے آکر حکیم صاحب کے ہاں
مستقلاً مقیم ہوگیا ہے اور پوری سرگرمی کے ساتھ اپنی تعلیم میں مصروف ہے (صفحہ ۴۹ تکملہ)
حکیم صاحب کا شمار چوٹی کے شعرا میں نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے کلام کا جوہر مشاقی
اور روزمرہ کی صفائی ہے۔ کثرت مشق نے کلام کو پختگی کی حد تک پہنچا دیا ہے۔ مگر
ہمیں کہنا پڑتا ہے کہ شاعری اس میں بہت کم پائی جاتی ہے۔ ان کے پُرگو ہونے میں
کوئی شبہ نہیں۔ جیسا کہ ان کی تصنیفات سے ظاہر ہے۔ اس تذکرہ کی تالیف کے
وقت ایک ضخیم دیوان ختم ہو چکا ہے۔ جس میں سات ہزار اشعار ہیں۔ اس کے علاوہ
بحر رمل مسدس محذوف میں ایک معراج نامہ لکھا جا چکا ہے۔ جس کے ابیات کی تعداد
تین ہزار پانسو ہے۔

۱۲۱۷ھ میں ایک مثنوی بوزن شاہنامہ شیخ عبدالقادر جیلانی کے حالات و
کرامات میں موسوم بہ کرامات پیران پیر ختم کر چکے ہیں۔ جس میں پانچہزار دو سو
اشعار ہیں۔ اور بشرط زندگی ارادہ کر رہے ہیں کہ غزوۂ بدر کو نظم کے قالب میں ڈھالیں
کرامات پیران پیر کے سوا باقی تالیفات راقم کی نظر سے نہیں گذری ہیں۔ یہ مثنوی
نواب صدر یار جنگ بہادر کے کتب خانہ واقع حبیب گنج میں محفوظ ہے اور وہیں
راقم کو حکیم صاحب کی اس متبرک تالیف کی زیارت کا موقعہ ملا۔ گذشتہ سطور میں
حکیم صاحب کی زندگی پر روشنی ڈالنے والے بعض اشعار اسی مثنوی سے ماخوذ ہیں۔ یہ
مثنوی گویا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی جناب میں مصنف کی انتہائی
عقیدت مندی کی ایک یادگار ہے۔

لیکن حکیم صاحب کی زندگی کا سب سے بڑا کارنامہ جس کی بنا پر انہیں ہمارے
ادبیات کی تاریخ میں ایک ممتاز جگہ مل گئی ہے۔ ان کی موجودہ تالیف مجموعۂ نغز ہے

اس قابل قدر تالیف کی اہمیت اور اس کا صحیح رتبہ معلوم کرنے کے لئے ہمیں اس شاخ ادب کی ان مصنّفات کا ذکر کرنا ہوگا - جو اس تذکرہ سے پیشتر عالم وجود میں آچکی ہیں - اور جن کے متعلق ہمیں کچھ علم ہے -

سنہ ۱۱۶۵ھ میں نکات الشعرا اور تذکرۂ علی حسینی گردیزی - سنہ ۱۱۶۸ھ میں مخزن نکات - سنہ ۱۱۷۵ھ میں چمنستان شعرا - سنہ ۱۱۸۸ھ و سنہ ۱۱۹۲ھ کے مابین میرحسن کا تذکرہ سنہ ۱۱۹۳ھ میں تذکرۂ شورش - سنہ ۱۱۹۶-۵ھ میں گلزار ابراہیم - سنہ ۱۲۰۸ھ میں تذکرۂ مصحفی - گلشن ہند سنہ ۱۲۱۵ھ میں اور تذکرۂ عشقی اسی سن کے عنقریب بعد مرتب ہوچکے ہیں - مجموعۂ نغز ان تالیفات کے مقابلہ میں یقیناً ایک مبسوط اور ضخیم تالیف ہے - لیکن دو اور تذکرے ہیں جو ضخامت اور حجم کے اعتبار سے ان سب پر فضیلت رکھتے ہیں - چونکہ ہمارے تذکرہ کا ان کے ساتھ قریبی تعلق بتایا جاتا ہے - اس لئے ان کے بیان میں کسی قدر تفصیل کی ضرورت ہے -

ان میں ایک تو عیار الشعرا از خوب چند ذکا ہے جو سنہ ۱۲۰۹ یا سنہ ۱۲۱۳ھ میں شروع ہوا - اور مولف برابر تیس سال تک اس میں اضافے کرتا رہا - آخری تاریخ سنہ ۱۲۴۷ھ بتائی جاتی ہے - اس تصنیف میں پندرہ سو شاعروں کا ذکر ہے - اور ایک ہزار صفحات ہیں -

دوسرا تذکرہ عمدۂ منتخبہ از اعظم الدولہ سرور سنہ ۱۲۱۶ھ کی تالیف ہے - اور بارہ سو شعرا کے حالات پر شامل ہے -

اب مجموعۂ نغز کی باری آتی ہے جو سنہ ۱۲۲۱ھ میں تالیف ہوتا ہے - چھ سو ترانوے ریختہ نگاروں کے حالات اور آٹھ سو صفحات پر مشتمل ہے - سنہ ۱۲۲۱ھ تاریخ اختتام ہے - اگرچہ اس تاریخ سے بہت عرصہ پہلے اس کی داغ بیل پڑ چکی ہے - اشپرنگر جس کے سامنے یہ تذکرے موجود ہیں کہتا ہے کہ قاسم کا تذکرہ سرور

کے تذکرے پر مبنی معلوم ہوتا ہے۔ ساتھ ہی سرور کی تالیف کو عیار الشعرا کا ایک اصلاح یافتہ مرتبہ کہتا ہے۔ مگر خود عیار الشعرا کی نسبت اسکی رائے بہت بُری ہے کہتا ہے کہ اس میں تکرار کے علاوہ ہر قسم کا رطب و یابس اور غیر تنقیدی مواد جمع کر دیا گیا ہے حتیٰ کہ غیر شاعروں کو بھی شاعر لکھ مارا ہے۔ ہم ان دونوں تذکروں سے ناواقفیت کی بنا پر کوئی رائے قائم نہیں کر سکتے کہ مجموعۂ نغز پر ان تذکروں کا پرتو کس قدر ہے۔ اور مصنف کی اپنی کوشش کا حصہ کس حد تک ہے۔ حکیم صاحب ذکا اور سرور کے حالات کے ضمن میں ان کے تذکروں کا تو ذکر کرتے ہیں۔ مگر ان سے استفادہ کی بابت کچھ نہیں کہتے۔ البتہ ایک امر سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ تذکرۂ ہذا میں خود مصنف کی تحقیقات اور تلاش کا ایک بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ اسپرنگر جن کے پاس شفیق اور میر حسن کی مولفات کے سوا فہرست بالا کے تمام تذکرے موجود ہیں۔ ریختہ گویوں کی جدید فہرست طیار کرتے وقت جس میں التزاماً یہ اصول مدنظر رکھا ہے کہ ہر شاعر کا ذکر اصل ماخذ سے نقل ہو نہ اس کے کسی ناقل سے۔ مجموعۂ نغز کو تین سو بیس شعرائے اردو کے سلسلہ میں استعمال کر رہا ہے۔ جس سے صریحاً ظاہر ہے کہ ماخذی اطلاعات کی ایک بڑی مقدار اس میں جمع ہے۔ ادھر دتاسی نے اپنی تاریخ شعرای امدو میں ادھر نواب مصطفےٰ خاں شیفتہ نے گلشن بے خار میں کثرت کے ساتھ اس سے کام لیا ہے۔ لیکن اس تالیف کی حقیقی وقعت کا اسوقت اندازہ ہوتا ہے۔ جب مولانا محمد حسین آزاد کی مشہور عالم تصنیف آبحیات کی ورق گردانی کی جاتی ہے۔ مولانا نے اگرچہ ہر موقعہ پر اس تالیف سے استفادہ کا اظہار نہیں کیا ہے۔ تاہم وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ آب حیات کا ایک بڑا حصہ اس تذکرہ سے ماخوذ ہے۔

یہ تذکرہ جیسا کہ اس عہد کی تالیفات کا دستور ہے۔ فارسی زبان میں مرقوم ہے جس میں نثر سادہ و عاری کو موقعہ بموقعہ مرجز و مقفیٰ کے ساتھ آمیز کر دیا گیا ہے۔ لیکن

یہ بدعت آٹے میں نمک کے برابر ہے ۔ محمد شاہ کے زمانہ سے لے کر شاہ عالم ثانی کے اختتام عہد تک کے شعرا کے حالات و کلام پر یہ تصنیف روشنی ڈالتی ہے ۔ مصنف دور سوم و چہارم کے شعرا سے ذاتی واقفیت رکھتا ہے ۔ چالیس سال تک اسنے باغ سخن کی آبیاری کی ہے ۔ شاعروں اور مشاعروں سے واسطہ رکھا ہے اور شعر و غزل کے چرچوں میں اوقات گذاری ہے ۔ اس لئے اسکو اپنے عہد کے شعرا انکے محاسن و اخلاق ۔ قابلیت و استعداد اور جوہر کلام کے دیکھنے اور رائے قائم کرنے کا نہایت نادر موقعہ ملا ہے ۔

اساتذہ کے اسما کے ساتھ مصنف نے یہ التزام کیا ہے کہ ہر استاد کے تخلص کا ہم قافیہ جملہ اس کے نام سے پہلے لایا ہے اور پھر یہ فقرہ گاہ گاہ بادنیٰ تغیر ہر جگہ اس نام کے ساتھ دوہرایا گیا ہے ۔ گویا سرکار قاسمی سے خطابات عطا ہوئے ہیں ۔ شیخ ظہور الدین حاتم کا نام یوں لکھا ہے ۔

استاد اکثرے از سخن سنجان عالم شیخ ظہور الدین حاتم ص ۹۸/۱ ، ص ۱۱۴/۱ ، ص ۲۸۷/۱ میرزا مظہر کے لئے ۔ سخن سنج ہنر گستر مرزا جان جان مظہر ص ۱۲۳/۱ ، ص ۲۰۰/۱ ، ص ۲۵۲/۱ سودا کو ۔ سرآمد شعرای فصاحت آما مرزا محمد رفیع سودا ۔ ص ۳۰/۱ ، ص ۵۹/۱ ، ص ۱۰۶/۱ ، ص ۳۵۶/۱ ، ص ۳۵۷/۱ ،

میر صاحب کو سخن سنج بے نظیر محمد تقی میر ص ۱۰۷/۱ ، ص ۱۹۵-۴/۱ ، ص ۳۴۶/۱ ، ص ۳۶۱/۱ ، ص ۳۶۶/۱ ،

میر درد ۔ مملکت سخن سازی را تکیہ تاز مرد خواجہ میر درد ص ۲۴/۱ ، ص ۱۲۶/۱ ، ص ۱۷۷/۱ ، ص ۳۶۷/۱ ، اور سخن سنج روشن ضمیر حضرت خواجہ میر ص ۲۷۷/۱ ، ص ۲۸۶/۱ ، ص ۲۴۰/۱ ، ص ۲۳۵/۱ سے بھی خواجہ میر درد مراد ہیں ۔

میر سوز ۔ شاعر فصاحت افروز محمد میر سوز ص ۳۴/۱ ، ص ۸۰/۱ ، ص ۲۰۳/۱ ، ص ۲۷۶/۱ وغیرہ

ہدایت - استاد صاحب درایت ہدایت اللہ خاں ہدایت - ص ۱۹/۲ ، ص ۲۴/۲ ، ص ۸۲/۲ وغیرہ

فراق - دوستدار محب ، سراپا وفاق حکیم ثناء اللہ خاں فراق ص ۱۲۶/۱ ، ص ۲۷۴/۱ ، ص ۳۵۴/۱ ، ص ۳۶۶/۱ ،

مشہور اور پایہ کے شعراکے نمونۂ کلام میں کثرت کے ساتھ اشعار نقل کئے ہیں ان کے حالات کے سلسلہ میں اگرچہ چنداں اہتمام نہیں کیا گیا ہے تاہم اور تذکروں کے مقابلہ میں ہمارے مولف کی مساعی باروران جا سکتی ہے ۔ شعرا کی تاریخ وفات وحیات اگرچہ درج نہیں ہے ۔ تاہم ایسے امور موجود ہیں جن سے ان کے زمانوں کے متعلق غلطی کا احتمال باقی نہیں رہتا ۔

تذکرہ کی ورق گردانی سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانہ اگرچہ مشغلۂ شعر کے خلاف تھا اور سیاسیات کے مطلع پر فتنہ و آشوب کی گھنگور گھٹائیں ہر وقت چھائی ہوئی تھیں ۔ احمد شاہ ابدالی کی آمد اور بعد کے سیاسی واقعات نے شیرازہ سلطنت کو پراگندہ کر دیا ہے ۔ دہلی ویران ہو رہی ہے اور اس کے فرزند تلاش معاش میں دربدر اور خاک بسر پریشاں حال پھرتے ہیں ۔ لیکن راجا سے پرجا تک جسکو دیکھو شوق شعر میں ڈوبا ہوا ہے ۔ ذکور و اناث اور عامی و عالم اس کی چینٹک سے خالی نہیں مسلمان اور ہندو بلکہ فرنگی زادوں تک میں یہ ذوق سرایت کر گیا ہے ۔ سلاطین و عمال ۔ امرا وعلما ۔ سپاہ و اہل دیوان کے علاوہ ہر طبقہ کے پیشہ وروں پر شاعری کا رنگ چڑھا ہوا ہے ۔ مثلاً منیر صیقل گر ہے ۔ اگرچہ اچھے خاندان سے تعلق رکھتا ہے ۔ محمد امان نثار معمار ہیں ۔ جامع مسجد دہلی انہی کے بزرگوں کی بنائی ہوئی ہے اور یہ خود بھی اسی پیشہ سے بسر اوقات کرتے ہیں ۔ یہ وہی نثار ہیں جنہوں نے میر تقی میر کے اژدرنامہ کے جواب میں بدیہہ نظم پڑھ کر اہل مشاعرہ سے خراج تحسین وصول کیا تھا ۔ محمد ہاشم شائق خیاط

ہے - اس کے ساتھ مرثیہ خوانی کی خدمت کو بھی ضم کر لیا ہے اور کافی شہرت رکھتا ہے
محمد عارف رفوگر ہے - عنایت اللہ عرف کلو حجام ہے اور حضرت مولانا محمد فخر الدین
کی سر تراشی کرتا ہے - شعر میں میاں کلو کو مرزا سودا کے تلمذ پر فخر ہے - مذاق سخن
اسقدر بلند ہے کہ سودا کے سوا کسی کو شاعر بھی تسلیم نہیں کرتے - غلام ناصر جراح
ہے - مقصود ایک سقہ ہے - جو فن شعر میں بازار کے لونڈوں کا استاد ہے - فریں
ایک خاکروب ہے - اگرچہ تکملہ میں درج کرتے وقت مصنف نے اس کے اصل پیشے
کا ذکر ترک کر دیا ہے -

اسی طرح ہر وضع و قماش کے شعر گو موجود ہیں - ثقہ و سنجیدہ نگار سے لے کر
رند و اوباش - ہزال و ہجاج اور فحش گو تک اپنی اپنی بولی بول رہے ہیں - جعفر زٹلی
اٹل ، میر عبد الجلیل بلگرامی ، محمد عطا بانکہ - صاحبقران - شہوت وغیرہ - مؤخر الذکر کو
شاہ عالم ثانی نے مسخرۃ الدولہ قرمساق خان بہادر پھکڑ جنگ کا مناسب خطاب عنایت
کیا تھا - بعض نے عجیب عجیب تخلص اختیار کئے ہیں - کوئی اوباش ہے - کوئی عیاش
ایک عشاق ہے - اور ایک کافر ہے - یہ بزرگ اپنے اشعار کو کافر کٹہ کے خطاب
سے یاد کرتے ہیں - پنچھا - جھبنا - کھو وغیرہ بھی اسی قسم کے نام ہیں -

احمد نگر فرخ آباد - رامپور - لکھنؤ - عظیم آباد - مرشد آباد اور حیدر آباد وغیرہ
شاعری کے مرکز ہیں - لیکن سب سے زیادہ طاقتور مرکز دلی ہے - مشاعرے کثرت سے
ہوتے ہیں - اور ہر فرقہ و خیال کے لوگ اس میں حصہ لیتے ہیں - حتیٰ کہ ہندوؤں
کے ہاں بھی بزم مشاعرہ منعقد ہوتی ہے -

حکیم صاحب دشت سخن کے پرانے سیاح ہیں - ان کی تمام عمر شعرا اور شاعروں
کی صحبتوں میں گذری ہے - اس لئے ان کی رائیں شعرا کے کلام اور مقام کے متعلق قابل
احترام ہیں - باوجودیکہ اس تذکرہ میں سینکڑوں شعرا کا ذکر ہے - ان میں ایسے بھی ہیں جنکے

جن کے ساتھ بمقتضائے بشریت معاصرانہ چشمک اختلاف اور عداوت بھی ہوگی لیکن ہر ایک کے ذکر میں واقعہ نگاری کے فرائض کو ہاتھ سے نہیں جانے دیا ہے اور حق گوئی اور انصاف پسندی سے تجاوز نہیں کیا ہے۔ تقریباً ہر شخص کو نیکی کے ساتھ یاد کیا ہے۔ یہ امر ان کی نیک دلی اور سلیم الطبعی کی روشن دلیل ہے۔ انشاء اللہ خان انشا کے ساتھ اگرچہ ان کے جھگڑے رہے۔ شعروں میں نوک جھونک ہوتی رہی۔ فخریے اور ہجو یں لکھی گئیں۔ آخر معاملہ تیغ زبان سے گذر کر زبان شمشیر تک پہنچا۔ ان امور کے جاننے کے بعد خیال گذرتا ہے کہ حکیم صاحب نے اپنی تالیف میں انشا کے باب میں آفت توڑی ہوگی۔ ان کی سیرت واخلاق اور زندگی کی تصویر نہایت بھونڈی اور بھیانک اتاری ہوگی۔ لیکن دیکھا جاتا ہے کہ ان کے قلم نے اپنی فرض شناسی سے مطلق تزلزل نہیں کیا ہے۔ بلکہ انشا کی سیرت کے کمزور پہلوؤں کو بھی اچھی طرح سے واضح نہیں کیا ہے۔ کون نہیں جانتا کہ انشا ٹھٹول۔ شوخ اور ہنگامہ آرا تھے۔ لیکن ان کی ستیزہ کاریکے قصّوں کی تحریر کے وقت بھی ہمارے مصنّف کا رویہ اغماض اور چشم پوشی کو کارفرما ہے۔ انشا اور مصحفی کے معرکہ کے سلسلے میں لکھتے ہیں:۔

"امّا ازانکہ بے عیب ذات خداست تعالیٰ شانہ اعظم برہانہ'۔ ماہ تمام باین رفعت تمام و نورپاشی داغ سیاہ برجگر دارد و قاسم ناتمام باین مسکنت مالا کلام و دارستہ معاشی واقعہ نویسی راحیلہ ساختہ لعیب چینی آن بدر منیر سپہر شرافت می پردازد' بنابر مقتضای بشری اندکی شوخ طبع و ہنگامہ آرا و خود بین واقع شدہ دربلدۂ لکھنؤ بمشاعرۂ مرشد معظم الیہم بہ میان غلام ہمدانی مصحفی کہ شاعرے است مسکین نہاد بے ہیچ بحدے طرف شدہ کہ کار از گفتگوی رکیک کہ نشایان شان ہنرمندان نبود واگذاشتہ بہجو گوئی کشید بلکہ آنچہ زبان زد احاد الناس است ومجلس

عامیان نسزد نا بمحفل بہشت آئین ملوک و سلاطین چہ رسد چہ برطراز دکہ حیا بہ تحریرش رخصت نمی دہد و قلم حقائق رقم غرق عرق انفعال می شود - اگر از انسان کہ سراپا سہو و نسیان است خطائے رفت رفت - کلام بشر کلام اللہ نیست کہ بے خطا باشد شعر است ؎

شعر اگر اعجاز باشد بے بلند و پست نیست در ید بیضا ہمہ انگشتہا یکدست نیست" (ص۸۱)

ان الفاظ پہ یہ بیان ختم ہوتا ہے - اب خود ان کے ساتھ جو بیتی ہے اس کی رام کہانی یوں شروع ہوتی ہے :-

"اگرچہ گلہ گذاری خاصہ بعد صلح شعاری شعار اہل صلاح نیست اما چون چون کار بواقعہ نگاری افتاد بر سبیل حکایت ماجرائے کہ بمشاعرۂ امین الدولہ معین الملک ناصر جنگ بہادر عرف مرزا مینڈھو صاحب امیر تخلص بحضرت دہلی روداد نبذے ازان شرح دادن مضائقہ ندارد"

اس تمہید کے بعد اصل سرگزشت بیان کی گئی ہے - جس میں انشا کی زیادتیاں بھی درج ہیں - اپنی بے قصوری اور بے بسی کا بھی ذکر ہے - مگر اس روداد کے خاتمہ پر مصنف کے جذبات کا ترجمان یہ مصرع ہے ع

درمیان جان و جانان ماجرائے رفت رفت (ص۸۶-۱)

اور اسی مصرع پر یہ قصہ ختم کر دیا جاتا ہے -

شاہ نصیر کی کج خلقی اور رعونت کے حکیم صاحب البتہ شکوہ سنج ہیں اور وجہ بھی معقول ہے - قطع نظر ان دیرینہ مراسم سے جو شاہ صاحب کے والد شاہ غریب اور حکیم صاحب کے درمیان تھیں - اور شاہ صاحب حکیم صاحب کے سامنے پیدا ہوئے - ان کی گود میں کھیلے اور بڑے ہوئے - جوان ہو کر حکیم صاحب کے ساتھ نخوت اور بے اعتنائی سے پیش آئے - لکھتے ہیں :-

"با وصفے کہ والد ماجدش بر قاسم ہیچمدان خیلے مہربان و زبدۂ صوفیان زمان حضرت میر مہربان بر این سراپا نقصان نہایت عنایت فرمایو وند ومعہذا جلوہ اش از کتم غیب بمنصۂ ظہور بحضور این عین قصور و دیگر امور مستدعیہ مودت و تعیش باسرور کہ ذکر آنہا باوصف عدم ملایمت باطناب مخل می کشد از ہمہ اغماض العین فرمودہ برخلاف چشمداشت پیش مے آید ۔ ہے ہے غلط کردم و خطا کردم ۔ جائے شکوہ نیست ۔ در اظہار اوصاف جبلی و ابراز اخلاق خلقی انسان مجبور و معذور است ع کل انا ریترشح بما فیہ" (ص ۲۷۳/۲)

مولانا آزاد نے اس گتھی کو یوں سلجھایا ہے : ۔

"حکیم قدرت اللہ خاں قاسم سے ایک خاص معاملہ یہ درمیان آیا کہ ایک دفعہ مشاعرہ میں طرح ہوئی ۔ بار شتاب اور تلوار شتاب ۔ شاہ نصیر نے جو غزل کہہ کر پڑھی تو اس میں قطعہ تھا کہ : ۔

رخ انور کا ترے وصف لکھا جب ہمنے ۔۔۔ انوری نے دیا دیواں الٹ لے بار شتاب
پھر پڑھا ہمنے جو مضمون بیاض گردن ۔۔۔ سن اسے ہو گیا چپ قاسم انوار شتاب

حکیم صاحب مرحوم خاص و عام میں واجب التعظیم تھے ۔ اس کے علاوہ فضیلت علمی کے ساتھ فن شعر کے مشاق تھے اور فقط موزونی طبع اور زور کلام کو خاطر میں نہ لاتے تھے ۔ چونکہ خود قاسم تخلص کرتے تھے ۔ اس لئے قاسم انوار کا لفظ ناگوار ہوا چنانچہ دوسرے مشاعرہ کی غزل میں قطعہ لکھا : ۔

واسطے انساں کے انسانیت اول شرط ہے ۔۔۔ میر ہو یا میرزا ہو خاں ہو یا نواب ہو
آدمی تو کیا خدا کو بھی نہ ہم سجدہ کریں ۔۔۔ گر نہ خم تعظیم کو پہلے سر محراب ہو

(آبحیات صفحہ ۴۰۸)

شاہ نصیر کے علاوہ حکیم صاحب میر صاحب (میر تقی میر) سے بھی خفا ہیں خفگی کے اسباب سے ہم تاریکی میں ہیں۔ الزام وہی ہے جو شاہ نصیر کے خلاف تھا یعنے نخوت اور بد دماغی۔ یہ کمزوری شاعروں میں کم و بیش پائی بھی ضرور جاتی ہے۔ آبحیات میں میر صاحب کی سیرت کی جو بدنما تصویر اتاری گئی ہے۔ اس کے بعض رنگ حکیم صاحب ہی کے طیار کردہ ہیں۔ ہم ان الزامات کی تفصیل میں جانا نہیں چاہتے ناظرین ان کے متعلق بعض اشارے عنوان ذیل میں ملاحظہ فرمالیں:-

آبحیات اور مجموعۂ نغز

اس سے قبل اشارہ کیا جا چکا ہے کہ حکیم صاحب کا یہ تذکرہ مولینا محمد حسین آزاد کی مشہور تالیف آبحیات کا ایک اہم ماخذ ہے۔ یہاں اس مسئلہ پر کسی قدر روشنی ڈالنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اور مختصراً اس اطلاع کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔ جو اس تذکرہ سے لی گئی ہے :-

شاہ مبارک آبرو کے حالات اور اشعار متفرق۔ مکھن پاکباز کا ذکر ص۹۷ شیخ شرف الدین مضمون کا حال اور اشعار ص۱۰۲ - آرزو کا ذکر اور اشعار ص۱۲۱-۱۲۲ آرزو کی بدیہہ شعر خوانی ص۱۲۳ - محمد شاکر ناجی کے حالات اور نادر شاہ سے جنگ کے متعلق ان کے خمسہ کے دو بند اور متفرق اشعار ص۱۰۵ - شاہ حاتم کے بیشتر اور اشرف علیخان فغاں و مکیرنگ کے کمتر حالات و اشعار ص۱۰۷ اس تذکرہ سے منقول ہیں۔

میرزا جان جان مظہر کے واقعۂ شہادت کے ذکر میں تو خود آبحیات میں اس تذکرہ کا حوالہ دیا گیا ہے۔ مولینا آزاد فرماتے ہیں:

"لیکن حکیم قدرت اللہ خاں قاسم اپنے تذکرہ میں فرماتے ہیں کہ مرزا صاحب

اپنے کلام میں اکثر اشعار حضرت علی کی مدح میں کہا کرتے تھے ۔ اس پر بگڑ کر کسی سنی نے یہ حرکت کی" (حاشیہ میں اضافہ کیا ہے)

" عجب مشکل ہے حکیم صاحب بھی ایک خوش اعتقاد سنت جماعت تھے ۔ وہ کہتے ہیں کہ سنی نے مارا ۔ لوگ کہتے ہیں شیعہ نے مارا" (ص۱۴۴)

لیکن حکیم صاحب کا منشا بالکل برعکس ہے ۔ ان کی عبارت ہے :

" ازانجا کہ مشرب صافی و مذہب اہل حق حق بوے ارزانی داشتہ بود

ظالمے ناحق شناس در ایام متبرکہ عاشور بہ تعصب مذہب پے بہ

حقیقت کار نابردہ کہ وے غریق حب جناب ولایت مآب وحریق عشق

حضرت امامت انتساب مرتضوی بود سلام اللہ علیہ و کرم اللہ وجہہ چنانچہ

بعضے اشعار آبدارش خاصہ این بیت ؎

نکرد منظہر ما طاعتے و رفت بخاک نجات خود بتولای بوتراب گذاشت

بر بے گناہیش گواہی دہد بے گناہ شہید ساختہ بحضور سراپا سرور شہدای کربلاے معلے

علیہم السلام والرضوان رسانید (ص۱۹۹/۲)

سودا کے بیان میں میر و میرزا کی افضلیت کے سلسلہ میں مجموعۂ نغز کی اصل

عبارت بھی منقول ہے چنانچہ :-

"حکیم قدرت اللہ خاں قاسم بھی اپنے تذکرہ میں فرماتے ہیں :-

" زعم بعضے آنکہ سرآمد شعرای فصاحت آما مرزا محمد رفیع سودا در غزل گوئی بوے

نرسیدہ ۔ اما حق آنست کہ ع ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

مرزا دریائیست بیکران و میر نہریست عظیم الشان ۔ در معلومات قواعد میر را

بر مرزا برتریست و در قوت شاعری مرزا را بر میر سروری" (ص۱۶۴)

بقاء اللہ خاں بقا کے حالات ص۱۵۴ حاشیہ اور اشعار میر صاحب کی ہجو میں

ص۲۲۲ - میر خاں کمترین کا حال حاشیۂ ص۲۱۱ و ص۲۱۲ اسی ماخذ سے ہیں،

میر تقی میر کے متعلق ہمارے ہاں عام جذبات یہ ہیں کہ مولینا آزاد نے میر صاحب کی بد دماغی اور تنک مزاجی کے افسانہ کو غیر ضروری فروغ دیا ہے جس کی اصل غالباً کچھ بھی نہیں۔ مصنّفِ گلِ رعنا کا بیان ہے۔

"آزاد کہتے ہیں کہ "افسوس یہ ہے کہ ان کو (میر صاحب کو) اوروں کے کمال بھی دکھائی نہ دیتے تھے اور یہ میرے شخص کے دامن پر بدنما دھبّہ ہے" ایک اور جگہ کہتے ہیں کہ خواجہ حافظ اور شیخ سعدی کی غزل پڑھی جائے تو وہ سر ہلانا گناہ سمجھتے تھے۔ کسی اور کی کیا حقیقت ہے"۔ مگر جب اس کی جانچ ہم ان کی کتاب نکات الشعرا سے کرتے ہیں تو حیرت کی کچھ انتہا نہیں رہتی کہ یہ بیان کس قدر واقعہ کے خلاف ہے" (گلِ رعنا ص۱۵۶)

مولانا آزاد کی اصل عبارت یہ ہے

"سب تذکرے نالاں ہیں کہ اگر یہ غرور اور بے دماغی فقط امرا کے ساتھ ہوتی تو معیوب نہ تھی۔ افسوس یہ ہے کہ اوروں کے کمال بھی انہیں دکھائی نہ دیتے تھے اور یہ امر ایسے شخص کے دامن پر نہایت بدنما دھبّہ ہے جو کمال کے ساتھ صلاحیت اور نیکو کاری کا خلعت پہنے ہو۔ بزرگوں کی تحریری روایتیں ثابت کرتی ہیں۔ کہ خواجہ حافظ شیرازی اور شیخ سعدی کی غزل پڑھی جائے تو وہ سر ہلانا گناہ سمجھتے تھے۔ کسی اور کی کیا حقیقت ہے (آبحیات ص۲۱۶-۲۱۷)

اس موقعہ پر مولانا آزاد نے تخیّل سے کام نہیں لیا ہے۔ ان کی عبارت کا اصل ماخذ حکیم صاحب کا یہ فقرہ ہے:

"از نخوت و خود سریش چہ بر نگارم کہ سینۂ قلم حقایق رقم می فگارد بر شعر کسے گرہمہ اعجاز باشد و کلام شیخ شیراز سر ہم نمی جنباند تا بہ تحسین خود چہ رسد دیدہ سخن احدے اگرچہ معجز

طرازی بود وگفتۂ اہلِ شیرازی گوش ہم قرانمی دارد امکان چیست کہ حرف آفرین بزبانش رود (ص۲۳)

ولی کے متعلق آزاد کا یہ بیان بے اصل مانا گیا ہے " ولی کہ بنی نوع شعرا کا آدم ہے۔ اس کے حق میں فرماتے ہیں " ولی شاعریست از شیطان مشہور تر" میر خان کمترین اسی زمانہ میں ایک قدیمی شاعر ولی کے تھے انہیں اس فقرہ پر بڑا غصہ آیا۔ ایک نظم میں اول بہت کچھ کہا آخر میں آکر کہتے ہیں ع

ولی پر جو سخن لائے اسے شیطان کہتے ہیں" (ص۲۱۲-۲۱۱)

نکات الشعرا چھپ گیا ہے۔ بیشک اس میں شیطان والا فقرہ موجود نہیں ہے لیکن آزاد کا بیان حکیم صاحب کے ان بیانات پر مبنی ہے:

" در تذکرۂ خود ہمہ کس را بہ بدی یاد کردہ در حق شاعر شان جلی المتخلص بہ ولی نوشتہ کہ وے شاعرے است از شیطان مشہور تر وسزای این کردار ناہنجار از کمترین شاعر بواجبی یافتہ کہ وے ہجو ہاے متعددۂ او کردہ کہ بعضے ازان بغایت رکیک و پردہ در افتادہ" (ص۲۳)

" بنا بر نوشتن میر در تذکرۂ خود شاعر شان جلی المتخلص بہ ولی را کہ وے شاعریست از شیطان مشہور تر ہجوہاے رکیکہ بواجبی نمود (ص۱۴۳)

" سخنش بر جملہ سخن پردازان ہندی زبان ثابت است وسخن بر سخنش ابلیس منشی وشیطنت۔ میر خان کمترین کہ خداش بیامرزد بسیار بموقع و بجا گفتہ کہ ع

ولی پر جو سخن لاوے اوسے شیطان کہتے ہیں (ص۲۹۷)

محمد امان نثار کے حالات اژدر نامہ کا ذکر اور نثار کی ہجو نگاری ص۲۱۸۔ اسی تذکرہ سے منقول ہے۔ اور جرأت کے حال میں ایک حوالہ بھی ملتا ہے۔ چنانچہ:-

" حکیم قدرت اللہ خان قاسم فرماتے ہیں کہ ان کے بزرگ دربارشاہی میں دربانی

کی خدمت رکھتے تھے (صفحہ ۲۳۶) جرأت کے بعض ابتدائی حالات صفحہ ۲۳۷۔ مرزا محمد تقی خاں ترقی کے مشاعرہ میں جرأت کا دھوم دھامی غزل پڑھنا اور میر صاحب سے داد طلب کرنا ان کا ٹال ٹال جانا اور بعد میں جھنجلا کر یہ کہنا "کیفیت اس کی یہ ہے کہ تم شعر تو کہہ نہیں جانتے ہو اپنی چوما چاٹی کہہ لیا کرو (صفحہ ۲۴۱) اسی تالیف کا فیضان ہے۔ البتہ ایک فرق ہے کہ مجموعۂ نغز میں 'چوما چاٹی' کی جگہ 'چوما چاٹا' لکھا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو (صفحہ ۱۵۵/۲)

میر حسن کے حالات صفحہ ۲۵۳۔ میر ماشاء اللہ خاں کے پورے حالات صفحہ ۲۵۹۔ انشا اور عظیم بیگ کا معرکہ (صفحہ ۲۶۲۔ صفحہ ۲۶۵) اور نواب امین الدولہ یمین الملک ناصر جنگ عرف مرزا میڈھو کے ذکر کے لئے بھی یہی تذکرہ سند مانا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اور بھی موقعے ہیں جہاں آبحیات میں اس تالیف کا پرتو نمایاں ہے۔

محمود شیرانی

عربوں کا علم طب

(گذشتہ سے پیوستہ)

واکوننگ نے رازی کی تصنیف المنصوری، قانونِ بوعلی سینا اور علی ابن العباس کی کتاب الملکی کے بعض حصے مرتب کئے ہیں اور ان کا ترجمہ بھی شایع کیا ہے، یہ حصے بالخصوص تشریح سے متعلق ہیں، یہ مجموعہ اچھی خاصی ضخیم کتاب بن گیا ہے۔ جس میں مسلمانوں کی علم تشریح کے متعلق تمام معلومات آگئی ہیں، اس کتاب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مسلمانوں کا علم تشریح بالعموم بہت قطعی ہے، جسم کے تمام اعضا کے خاص فرائض ہیں اور ہر عضو کی ظاہری شکل و صورت اس مقصد کے مطابق ہوتی ہے جسے وہ پورا کرتا ہے۔ اس لئے عضلات کی جسامت بھی اُن اعضا کے مطابق ہوتی ہے۔ جنہیں وہ حرکت میں لاتے ہیں اور ان عضلات کی وضع اور انسانی اعضا کی حرکات میں بھی خاص تطابق ہوتا ہے، پس خالق نے ہر عضلہ کے دونوں سروں سے لمبے ریشے نکالے ہیں جن کا کام خاص عضو کو حرکت دینا ہوتا ہے،

علی ہذ القیاس ریڑھ کی ہڈی، اس کے مختلف ٹکڑے، سوراخ، گانٹھیں، اور گودے (النخاع الشوکی) کی تشریح بھی اسی طریق پر کی گئی ہے، جالینوس نے بھی ایسی ہی باتیں بیان کی ہیں۔ اور اس بارے میں عربوں نے سوائے مفسرانہ توضیحات کے اس پر کوئی خاص اضافہ نہیں کیا، رازی کے قول کے مطابق خدا تعالےٰ نے انسانی دماغ کو تمام حرکات و احساسات کا منبع بنایا ہے، لیکن ان اعضا تک جو دماغ سے بہت دور فاصلے پر واقع ہیں پہنچنے کے لئے حرکی اور حسی اعصاب کو کافی فاصلہ طے

کرنا پڑتا تھا اس لئے خدائے تعالیٰ نے طاسۃ الراس کے نیچے کی طرف ایک سوراخ رکھا ہے۔ جہاں سے نخاع نکل کر نیچے کو جاتی ہے، اس نخاع کو ریڑھ کی ہڈی (عمود فقری)، کے ذریعے اسی طرح محفوظ کیا گیا ہے، جس طرح دماغ کو طاسۃ الراس یا کاسۂ سر کے ذریعے محفوظ کیا گیا ہے۔ یہ نخاع اسی طرح اخیر تک محفوظ چلی گئی ہے کسی عضو کے قریب پہنچنے پر تو وہاں اعصاب کے ذریعے جو ریڑھ کی ہڈی کے سوراخوں میں سے نکل کر آتے ہیں۔ انہیں باہم پیوست کر دیا گیا ہے، اس سے اس عضو کا دماغ سے تعلق قائم ہو جاتا ہے اور وہ حرکات و احساسات اس میں منتقل ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ اگر دماغ کو کوئی شدید صدمہ پہنچے تو تمام جسم احساس و حرکت سے عاری ہو جاتا ہے، اور اگر نخاع میں کوئی ایسی تکلیف ہو تو وہ تمام اعضا جن کا فعل اس سے وابستہ ہوتا ہے یا جائے ماؤف سے نیچے کا حصّہ اپنی حرکت و احساس کھو بیٹھتا ہے،

بوعلی سینا بھی قریب قریب یہی کہتا ہے، جالینوس کی طرح لیکن کسی قدر تفصیل سے ریڑھ کی ہڈی کے چار بڑے مقصد بیان کرتا ہے، پہلا مقصد نخاع کے لئے محفوظ راستہ پیدا کرتا ہے، اگر تمام اعصاب براہ راست دماغ ہی سے نکل کر جسم میں جائیں تو انسان کے سر کی جسامت اتنی بڑھ جائے کہ اُسے اٹھانا مشکل ہو جائے، علاوہ بریں اعصاب کو اعضا تک پہنچنے کے لئے بہت بعید فاصلہ طے کرنا پڑے اور انہیں راستے میں صدمہ اور نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو، اور بھاری اعضا کو حرکت میں لانا بھی دشوار ہو جائے، ریڑھ کی ہڈی کا دوسرا فائدہ ان اعضائے رئیسہ کی حفاظت ہے جو اس کے متصل واقع ہوتے ہیں، تیسرا فائدہ یہ ہے کہ جس طرح کشتی میں درمیانی ستون کے سہارے دوسرے چھوٹے چھوٹے ستون یا لکڑیاں کھڑی کی جاتی ہیں۔ اسی طرح اس ہڈی کے بل پر تمام جسم کی ہڈیاں جو اس سے وابستہ ہوتی ہیں قائم رہتی

ہیں، چوتھا فائدہ یہ ہے کہ انسان جب چاہتا ہے اس کے سہارے سیدھا کھڑا ہو سکتا یا جھک سکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ریڑھ کی ہڈی چھوٹی چھوٹی ہڈیوں کو باہم پیوست کر کے بنائی گئی ہے، اور ایک ہی ہڈی یا بڑے بڑے ٹکڑوں سے نہیں بنائی گئی،

مسلمان اطبا نے ریڑھ کی ہڈی کے مختلف حصّوں کی خوب تشریح کی ہے اور ہر حصّے کی خاص غرض و غایت بیان کی ہے، اور پھر ان کی ساخت اور ان کے فرائض منصبی کے باہمی ارتباط کو واضح کیا ہے، چنانچہ یہ دکھایا ہے کہ پہلے ٹکڑے کا سوراخ جس میں سے اعصاب گذرتے ہیں دوسرے ٹکڑوں کے سوراخوں کی طرح نہیں، اگر یہی سوراخ سر کے قریب کے جوڑوں میں ہوتا جہاں اعصابی حرکات زیادہ تیز ہوتی ہیں تو اعصاب کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہوتا۔ اس کے برعکس یہی سوراخ اگر بارھویں ہڈی کے بند میں ہوتا تو بھی یہی نتیجہ ہوتا۔ سینے کی فقاری ہڈیاں بھی جسے ہم پسلیاں کہتے ہیں ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں، بوعلی سینا نے ان کی نہایت واضح تشریح کی ہے، دسویں پسلی کی شکل بالکل نصف دائرہ کی طرح خمیدہ ہوتی ہے، اس سے نیچے کی پسلیاں نسبتاً کم خمیدہ ہوتی ہے۔ بارھویں پسلی کی شکل پیٹھ کی ہڈیوں سے ملتی ہے اور یہ اُن سے پیوستہ بھی ہوتی ہے۔ یہی باعث ہے کہ اس میں دو جوڑ ہوتے ہیں ؂

علم تشریح میں مسلمانوں نے اسقدر شرح و بسط سے کتابیں لکھی ہیں کہ اس نے ایک مستقل فنی حیثیت اختیار کر لی ہے، اس موضوع کی تصنیفات، دقیق مسائل، لطیف جزئیات اور وسیع تفصیلات سے مملو ہیں، ہر مسئلہ کی تشریح نہایت مفصل اور اس کی تقسیم نہایت مبسوط ہے، ان کتابوں کے صفحات میں مسلم مصنف کی شخصیت نمایاں طور پر نظر آتی ہے، بالخصوص جب ہم

علم الحیات کے متعلقہ مسائل کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ چیز اور بھی واضح ہو جاتی ہے، مثلاً بو علی سینا جگر کے تحت میں رگوں کے افعال پر بحث کرتے ہوئے ایک مصنف کا ذکر کرتا ہے جو اپنے متقدمین سے اختلاف رائے رکھتا ہے' وہ اس مصنف کے خلاف لکھتا ہے اور کہتا ہے :۔

" تم جانتے ہو کہ جگر تولید خون کی جگہ ہے اور صفراوی' سوداوی اور بلغمی مادہ کو خارج کرتا رہتا ہے'۔ ۔ ۔ ۔ جگر میں چاروں خلطیں کام کرتی ہیں۔ وہ قوت ہضم کی جگہ گوشت کو بناتا ہے اور باقی قوتیں رگوں میں ہوتی ہیں

بو علی سینا نے اس مصنف کا جواب دیا ہے جو رگوں کو ہی قوت دوران خون کا سرچشمہ خیال کرتا ہے۔ اس خاص فنی بحث کو سمجھنا ہمارے لئے مشکل ہے۔

اکثر مسلمان اطبا نے جنین کی مختلف ارتقائی منازل کا گہرا مطالعہ کیا ہے' مسعودی نے مروج الذہب[1] میں بہت سے اطبا کے خیالات درج کئے ہیں اور ارسطو' بقراط' جالینوس وغیرہ کے اقوال نقل کئے ہیں' وہ لکھتا ہے کہ جنین یا علوق کے ارتقائی مراحل تقریباً وہی ہیں جو نباتات کے ہیں' جو حیثیت بیج کی زمین میں ہے وہی حیثیت جنین کی رحم میں ہوتی ہے' جنین کے لئے خون کی پوٹلیاں ایسی بھی ہیں جیسی کسی پودے کے لئے جڑیں جو زمین میں پھیلتی جاتی ہیں' یہ حالت اسوقت تک قائم رہتی ہے۔ جب تک کہ جنین غذائی شیرہ چوسنے کے قابل نہ ہو جائے +

" تبسم "

(ترجمہ مفکرین اسلام از کارا ڈوو)

---

[1] جلد ۳ ۔ صفحات ۳۶۲ ۔ ۳۷۰ ۔

ابن قتیبہ

کی

چار اہم کتابوں کا مطالعہ

اس سے قبل ہم نے ابن قتیبہ کی ان کتابوں کی طویل فہرست نقل کی ہے - جو کہ سیلاب زمانہ سے بچ کر علمائے ادب تک پہنچیں - اب ذیل میں ہم مصنف موصوف کی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں -

یوں تو ہمارے مصنف کی ہر کتاب اپنی مستقل علمی - ادبی - شعری - لغوی نحوی - تاریخی - شرعی - اجتماعی یا سیاسی حیثیت رکھتی ہے - لیکن وقت اور جگہ کی قلت مانع ہے کہ اتنی بڑی تعداد پر کما حقہٗ بحث کی جائے - اس لئے یہاں ہم صرف کتاب المعارف - کتاب الشعر والشعراء - ادب الکاتب اور عیون الاخبار ایسی متداول و اہم کتب کو پیش نظر رکھیں گے

سب سے پہلے ہم کتاب المعارف کو لیتے ہیں -

(۱)

کتاب المعارف[1]

وسٹنفیلڈ ناشر کتاب المعارف نے اس کتاب کے پانچ مخطوطات

---

[1] لیکن وسٹنفیلڈ نے عیون الاخبار کو ایسی اہمیت نہیں دی - اسی طرح نووی، سمعانی، ابن الانباری وغیرہم نے کتاب الشعر والشعرا کا جسے نقد شعری میں ایک ممتاز درجہ حاصل ہے

(ا) سلطانی کتب خانۂ عدالت وائنا کا قلمی نسخہ مورخہ صفر سنہ ۱۱۰۷ھ مطابق ستمبر سنہ ۱۶۹۵ء،

(ب) شاہی کتب خانہ گوتھا کا محشی قلمی نسخہ مورخہ ۳ رجب سنہ ۱۰۱۴ھ = ۲ نومبر سنہ ۱۶۰۵ء منقول از نسخہ مورخہ ۲ جمادی الثانی سنہ ۸۷۱ھ،

(ج) کتب خانہ لیدن کا قلمی نسخہ مورخہ ۱۸ ذالحجہ سنہ ۱۰۱۲ھ = ۷ مئی سنہ ۱۶۰۴ء

(د) قلمی نسخہ۔ ٹوڈرینی صفحہ ۳۰، اور

(ہ) شیخ بشترزی (متوفی سنہ ۱۸۴۶ء) کا قلمی نسخہ۔ موروثی لائبریری قسطنطنیہ،

احمد زکی ناشر عیون الاخبار نے دو اور قلمی نسخوں کا ذکر کیا ہے جو کہ دار الکتب المصریۃ میں موجود ہیں[۱]:-

(۱) استاد شنقیطی کے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ مورخہ سنہ ۱۱۱۶ھ اور

(۲) ایک غیر مشکول اور بے تاریخ نسخہ

کتاب المعارف دو دفعہ طبع ہو چکی ہے:

(ا) گوٹنجن میں (سنہ ۱۸۵۰ء) ناشر ایف ووسٹنفیلڈ۔ یہ مطبوعہ نسخہ مذکورۃ الصدر مخطوطات میں سے پہلے تین کے مقابلہ و معائنہ کا نتیجہ ہے[۲]

(ب) مصر میں (سنہ ۱۳۰۰ھ = سنہ ۱۸۸۱ء)

سبب تالیف و اہمیت:

ابن قتیبہ نے لکھا ہے کہ "اس کتاب میں میں نے ایسے معلومات جمع کئے ہیں جنکا جاننا ہر اس شخص کے لئے ضروری ہے جسے اشرف المخلوقات کا درجہ حاصل ہے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۶) کوئی ذکر نہیں کیا۔ تاہم جرجی زیدان نے ابن قتیبہ کا تذکرہ کرتے وقت انہی چار کتابوں کو مقدم رکھا ہے اور [illegible] انسائیکلوپیڈیا آف اسلام [illegible] اور عظیم الشان کہا ہے [۲] اس کتاب کے تمام حوالے [illegible] یورپ کے مطابق ہیں [۳] تفصیل کیلئے دیکھو جرمن دیباچہ کتاب المعارف صفحہ ۳-۸

(حاشیہ صفحہ ۵۷) [۱] تفصیل کے لئے دیکھو عیون الاخبار حصہ چہارم [۲] جرمن دیباچہ کتاب المعارف صفحہ ۶ سطر ۱۱-۱۲

جسے خدا تعالےٰ نے ادب سکھلا کر افتادہ طبقے سے نکال کر سرفراز کیا اور جسے علم و بیان عطا کر کے عوام پر فضیلت بخشی ہے۔ ایسے شخص کو چاہئے کہ اپنی ذات کو تعلیم و تعلم کے لئے وقف کر دے اور اس کے تحفظ کے لئے روحانی ریاضت کی طرف رجوع کرے کیونکہ بادشاہوں کی مجلس میں بھی بیٹھ کر وہ اس چیز سے بے نیاز نہیں ہو سکتا۔ شرفا کی صحبت میں بھی اس سے گریز نہیں۔ نیز ہر قسم کی معاشرت میں اس سے سابقہ پڑتا ہے کیونکہ اہل علم حلقہ میں بحث و تمحیص کے دوران میں یہ لوازمات میں سے ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ شاذ و نادر ہی کوئی مجلس جس کے ارکین کی نیت بخیر ہو اور خو جس کی بھلائی پر بنیاد ہو اور جس کا مسلک سراسر انسانیت ہو، ایسی ہوتی ہے کہ جہاں عام معلومات کی کسی نہ کسی طرح ضرورت نہ پڑے خواہ وہ کسی نبی کے ذکر کے دوران میں ہو یا کسی بادشاہ یا زمانۂ ماضی کے کسی عہد کے متعلق ہو۔ خواہ وہ کسی کے نسب کی بابت ہو یا عربوں کی کسی جنگ کے سلسلہ میں، بہرحال اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ قصہ کا اصل راز۔ قبیلہ کی اصل بود و باش۔ شہنشاہ کے عہد کے واقعات اور زیر بحث آدمی کی سرگذشت۔ نیز ضرب الامثال کی وجہ اختراع وغیرہ امور کے متعلق علم حاصل کیا جائے۔ چنانچہ اکابر و اشراف میں سے ایسے لوگ بھی ہیں نے دیکھے ہیں جنہیں اپنا نسب تک معلوم نہیں اور ایسے نجیب حضرات بھی نظر سے گذرے جنہیں اپنے اسلاف کا مطلق پتہ ہی نہیں۔ اور ایسے قریش جنہیں یہ بھی علم نہیں کہ انہیں کس پشت میں پہنچ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا آں سرورؐ کے جلیل القدر صحابہ سے شرف قرابت حاصل ہے۔ میں نے فارس کے بادشاہوں کے ان لڑکوں کو دیکھا جو کہ اپنے باپ اور اپنے باپ کے عہد کے واقعات و حوادث سے قطعاً نابلد ہیں۔ اکثر ایسے لوگ بھی دیکھنے میں آئے جو اپنے تئیں کسی قبیلہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ . . . .

حالانکہ انہیں یہ بھی خبر نہیں ہوتی کہ وہ قبیلہ کس خاندان کی شاخ ہے۔ کہیں وہ اپنے شجرہ نسب کو کسی قبیلے کے ایک حصّہ کی طرف لے جاتے ہیں حالانکہ انہیں اس قبیلے کی جڑ کا علم تک نہیں ہوتا۔ ایک شخص ایسا بھی ملا جسنے اپنے دقیق نسب سے منہ موڑکر اپنے آپ کو ایک ایسے شخص کے ساتھ جوڑ دیا جس نے کوئی اولاد ہی نہیں چھوڑی مثلاً وہ آدمی جسے میں نے دعوے کرتے سنا کہ اسے ابوذر سے نسبت ہے حالانکہ ابوذر کی کوئی اولاد ہی نہ تھی۔ ایک اور آدمی تھا جو اپنے آپ کو حسانؓ بن ثابت کی طرف منسوب کرتا تھا حالانکہ حسانؓ کے سب بچے دارفانی کو سدھار چکے تھے اور اس شخص کی طرح جو ماموں کے پاس گیا اور اس کے ساتھ نہایت دلکش انداز میں باتیں کیں۔ ماموں نے اس سے اس کا نسب پوچھا تو اسنے جواباً کہا " طی سے، جو عدی بن حاتم کی اولاد ہیں" ماموں نے اس سے پوچھا " کیا اس کی پشت سے ؟" اسنے کہا " ہاں ! ماموں بولا " ہرگز نہیں، ہرگز نہیں، ابوطریف نے تو کوئی بچہ ہی نہیں چھوڑا" اس آدمی کا ایسے شخص کے پاس اظہار جہالت کرنا جو کہ اسے اپنے تقرب کے لئے چنتا تھا ایسے نسب کے اختیار کرنے سے بھی قبیح تر تھا۔ پھر دیکھئے ایک متنوع شخص جو کہ ادب میں مہارت تامہ رکھے۔ مگر کسی ایسی ضروری چیز سے بے بہرہ ہو جس کا علم اس کے لئے تمام معلومات سے زیادہ اہم ہو۔ اس قصور سے اس شخص کے کمال میں نقص واقع ہو جاتا ہے اور اس کا رتبہ گر جاتا ہے۔ جیسا کہ ایک طالب علم فقہ کے اسرار و غوامض کے حصول کے درپے ہو لیکن ابواب صلوٰہ اور ابواب فرائض جیسی اہم چیزوں سے ناآشنا ہو یا حدیث کے راستوں کا ایسا سالک جو احادیث کے متن اور معانی سے غافل ہو۔ یا نحو کی علل اور تصاریف کا ایسا متلاشی جو ایک رقعہ یا ایک شعر بھی صحیح نہ پڑھ سکے[1]

نفس مضمون :

" میری یہ کتاب گوناگوں معلومات کی حامل ہے۔ سب سے پہلے ابتدا آفرینش

---

[1] کتاب المعارف صـ۳ـ۴

بعد ازاں انبیاء کے حالات آدمِ مسیحؑ اور مسیحؑ کے بعد کے وقفے تک۔ ان کی عمر اور ان کی اولاد۔ انکی اولاد کا ایک دوسرے سے جدا ہو جانا اور ان کا زمین کے مشارق و مغارب میں پھیلنا اور سمندروں۔ جنگلوں اور ریگستانوں کے اطراف و جوانب میں قیام پذیر ہونا۔ اس کے بعد میں نے انساب عرب کا مختصر سا ذکر کیا ہے۔ اور نہایت ہی تھوڑے الفاظ میں مشہور عمائر اور بطون کا حال لکھا ہے۔ زاں بعد میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کے حالات پیش کئے ہیں مثلاً آپؐ۔ آپ کے والدین۔ پھوپھیوں۔ دادیوں۔ نانیوں۔ دایوں۔ ازواج۔ اولاد اور موالی کے انساب و تراجم۔ آپکے مولد بعثت و غزوات کا تذکرہ۔ تا آنکہ آپؐ اپنے خالق حقیقی سے واصل ہوئے۔ اور مہاجرین عشرہ کے حالات پھر مشہور صحابہ کے۔ پھر معاویہ ابن ابی سفیان کے عہد سے لے کر احمد بن محمد بن المعتصم المستعین باللہ تک کے خلفاء کے واقعات اور مشہور ارباب سلطنت اور باغی جنہوں نے ان کے خلاف سر اٹھایا۔ پھر تابعین اور ان کے بعد کے علمائے حدیث۔ اور اصحاب الرای اور ان کے رافضی۔ شیعہ۔ مرجیٔ۔ قدری وغیرہ ہونے کے متعلق۔ نیز حجاز۔ کہ۔ عراق اور شام کے اہل قرآت، نسابین، مورخ، غریب اور شعر کے راوی، علمائے نحو۔ معلمین، متہاجرین، صحابہ کرام و تابعین کے حالات پھر ان شخصوں کا ذکر جنہوں نے کوئی ایسی بات کی جو مدتوں تک جاری رہی (یعنی "اوائل") اور کعبہ۔ بیت المقدس۔ مسجد مدینہ۔ مسجد بصرہ۔ مسجد کوفہ۔ مسجد دمشق جیسی مشہور مساجد کا تذکرہ۔ عمارات کی تاریخیں اور یہ کہ وہ کس کے ایماء سے بنائی گئیں۔ میں نے جزیرۃ العرب۔ حدود سواد اور جزیرہ واقع میان دجلہ و فرات اور حدود نجد و حجاز و تہامہ کے متعلق بھی اشارہ کیا ہے۔ میں نے فتوحات کا بھی ذکر کیا ہے کہ آیا وہ بالجبر واقع ہوئیں یا صلح سے۔ اور ایسے والیوں کا ذکر بھی جو عراقین پر حکمران تھے میں نے پہلے مہاجرین اور پچھلے مہاجرین میں فرق ظاہر کیا ہے۔ مخضرمین کے حالات

نصاریٰ بنی تغلب پر صدقہ کی مقدار کے دوچند ہو جانے کی وجہ - عرب کے زمانۂ جاہلیت کے مذاہب - جاہلیت میں اشراف کے پیشوں کا بیان، اہل عاہات جن میں متعدد عوارض جمع ہوئے نیز یہ کہ ابرص - لنگڑا - اندھا - کوڑھی - کم ریش - کانا - مجذوم - ناک اور لب کٹا - چھوٹے بڑے جبڑوں والا - بے بال وغیرہ وغیرہ کون کون تھا - اور ایسی چیزوں کا ذکر جو ایک ہی لڑی میں مسلسل ہوں اور ان کا شئی نہ ہو - ان لوگوں کے حالات جو اپنے آباء و اجداد اور قبائل کے غیر کی طرف منسوب کئے گئے ہیں اور جو اپنی کنیت سے موسوم ہیں اور طاعونوں اور ان کے اوقات اور مشہور لڑائیوں مثلاً یوم ذی قار - فجارین - حلف الفضول - حلف مطیبین - بکر و تغلب اور داحس و غبراء کا ذکر - جن لوگوں کے نام ضرب المثل بن گئے انکے حالات مثلاً قوس - حاجب - باقل، قرطے ماریہ - خریم ناعم - ساباط - شقائق نعمان - حدیث خرافہ - برجان چور - سحبان وائل الخطیب - طفیل جسکی طرف طفیلی منسوب ہیں - نطف کا خزانہ - کسعی کی ندامت - عرقوب کے وعدے - حنین کے موزے - منشم کا عطر وغیرہا - نیز میں نے ملوک حیرہ - ردافہ (یعنی عارضی نیابت) اور شاہان پارس کا ایک ایک کرکے ذکر کیا ہے - اور ان کی زندگی کے واقعات اور ان کی شان و شوکت اور رعب اور دبدبے کی کیفیت کا بھی تذکرہ کیا ہے[۵] -

طریق بیان :

کسی قبیلہ یا فرد کا ذکر کرتے وقت ہمارا مصنف سب سے پہلے اس فرد یا قبیلہ کا شجرہ نسب اور جگہ کا پتہ لگاتا ہے - پھر اس فرد یا ان افراد کی زندگی کے نہایت اہم اور مشہور واقعات کو تحریر میں لاتا ہے اور جہاں کہیں اختلاف روایت ہو وہاں ان مختلف اقوال و روایات کو نقل کر دیتا ہے - بیان نہایت سلیس -

---

[۵] کتاب المعارف صفحہ ۵-

پر مغز و بر محل - مختصر اور حشو و زوائد سے خالی ہے - یہی وجہ ہے کہ تین سو صفحے کی چھوٹی سی کتاب میں اسقدر مواد بھرا پڑا ہے -

" یہود و نصاریٰ کے حالات میں ابن قتیبہ عہد نامہ عتیق و جدید ہر دو کو نقل کرتا ہے (ان کے انبیاء و زعماء کا بیان کرتے وقت مصنف نے وہب بن منبہ کی طرف بہت دفعہ رجوع کیا ہے ، اہل فارس کے حالات میں فارس کی تاریخ سے اقتباسات پیش کئے ہیں - لیکن تاریخ اسلام کے متعلق اسنے اپنے مآخذ کے سلسلے میں کتب تاریخ کا ذکر نہیں کیا - ہاں بالعموم اپنی اسناد کا تذکرہ کیا ہے (نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے صحابہ کرام اور خلفائے راشدون کے حالات ابو الخطاب ابو الیقظان وغیرہم سے نقل کئے ہیں[۱])"

خاتمہ :

کتاب المعارف انواع و اقسام کے اعلام و اشخاص کے حالات پر مشتمل ہے - ادب عرب کے طلبہ کے لئے یہ کتاب لابد مرجع ہے - ادب و شعراور اخبار و آثار کے اسرار و غوامض پر صحیح روشنی ڈالی گئی ہے - اہل ادب کی بہت سی مشکلات ایسی ہیں جن کی عقدہ کشائی اس کتاب سے استفادہ کئے بغیر ہو نہیں سکتی اور نہ ہی اسوقت تک وہ کسی تسلی بخش نتیجہ پر پہنچ سکتے ہیں - مختصر یہ کہ یہ کتاب ادب عرب کی مفتاح ہے -

عربی نظم و نثر میں اکثر محاورات و ضرب الامثال وغیرہ آتے ہیں جن کے سمجھے بغیر عبارت صاف نہیں ہوتی - چنانچہ کتاب المعارف میں ایسے ابواب موجود ہیں جہاں کئی ایک امثال و محاورات کی وافی تشریح کی گئی ہے مثلاً اسرع من نکاح ام خارجہ (ص ۲۹۶) ، خفا حنین (ص ۲۹۸) ، اکفر من حمار (ص ۲۹۴)

---

[۱] جرمن دیباچہ کتاب المعارف ص ۳ ،

وغیرہ۔ اشعار عرب میں اکثر ایسے لوگوں اور قبیلوں کا ذکر ہوتا ہے کہ جب تک ان کا نسب نامہ معلوم نہ ہو شعر کا راز سربستہ ہی رہتا ہے۔ ابن قتیبہ نے قبائل عرب کا شجرۂ نسب اور ان کا مختصر حال بھی دیا ہے (ص۳۱)۔ پھر عرب کے ادب وشعر میں جاہلیہ کی لڑائیوں کا اکثر ذکر ہوتا ہے۔ ہمارے مصنف نے ان کی بھی ضروری تشریح و تفصیل کر دی ہے (ذکر ایام العرب المشھورۃ فی الجاھلیۃ ۲۹۲)

"تاریخ دانی کے لحاظ سے یہ کتاب اپنی مثال آپ ہے اور قدیم تاریخی مصنفات میں سے ہے[1]۔ اس میں تاریخ کے ہر اس حصہ پر جس سے اہل عرب کو کوئی سروکار ہو سکتا ہے، سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ مصنف نے اعلام یہود ونصاری و اسلام ۔ اسلامی یادگاروں ۔ فتوحات ۔ مشہور واقعات اور افراد کی سرگذشت اور فارس اور شام کے بادشاہوں کے حالات کو کافی جگہ دی ہے۔ "مابعد کے مورخین نے بھی اس کے مکتوبات کو بطور ایک شاندار ذخیرۂ معلومات کے استعمال کیا۔ ابن خلکان نووی، وغیرہما نے بھی اس سے استفادہ کیا" بعض اس کے نقش قدم پر چلے ہیں چنانچہ ابن ندیم نے بیان کیا ہے کہ وکیع القاضی نے اپنی کتاب الشریف میں وہی طرز بیان اختیار کیا ہے۔ جس طرز پر ابن قتیبہ کی کتاب المعارف لکھی گئی ہے[2]۔ صاحب کشف الظنون نے لکھا ہے کہ ابن جوزی کی کتاب تلقیح فھوم الاثرہ فی التاریخ والسیرۃ کتاب المعارف کے اسلوب کا تتبع کرتی ہے۔

اخیر میں ہم اس کتاب کے متعلق خود مصنف کی نصیحت کو جو کہ بالکل مبنی برحقیقت ہے، پیش کرتے ہیں:۔

---

[1] یہ امر یقینی ہے کہ بہت سے راویوں نے ابن قتیبہ کے پاس زبانی روایات بیان کیں جو سب سے پہلے اسی نے قلمبند کیں۔ جرمن دیباچہ کتاب المعارف ص۳، زیدان لکھتا ہے: ھو من قبیل الکتب التاریخ العام ومن اقدمھا۔

وقد شرطت علیك تعلم ما فی هذا الکتب و تعرفه ولواطلته وذکرت ما بك عنه الغناء اکثر دهرك اتعبتك وکددتك و اوجتك الی ان تلفظ منه شیئًا للمعرفة و الحفظ و تنبذ منه شیئًا فکفیتك ذلك واحتطت لك فیه بابلغ الاحتیاط وعایرت علی نظری بنظر الحفاظ من اخواننا والنساب و ادجوا ان اکون قد بلغت لك فیه همة النفس وثلج الفواد ولنفسی ما املت فی تبصیرك وارشادك من توفیق الله وحسن الثواب[۱]

ضروری نوٹ :

کتاب المعارف کی ترتیب میں دو ایک سقم قابل توجہ ہیں :-

(۱) "عرب کے ہمنام قبیلوں اور خاندانوں کا تذکرہ : اسے اس نسب نامہ کے بعد ہونا چاہیئے تھا جو کہ ص۵۵ پر تمام ہوتا ہے -

(۲) "ضرب الامثال اکفر من حمار اور احمق من دغة (ص۲۰۴) کا ذکر باب قصص قوم جری المثل باسمائهم (ص۳۹۵) میں ہونا چاہیئے تھا[۲]"

سخاء اللہ

میکلوڈ عربیک سٹوڈنٹ

(بقیہ حاشیہ ص۶۳)

[۲] المعارف جرمن دیباچہ ص۴ [۳] الفہرست ص۲۱۴

حاشیہ ص۶۴

[۱] کتاب المعارف ص۶ [۲] جرمن دیباچہ کتاب المعارف

میرزا بیدل

(قسط دوم)

مرزا بیدل کے تعلّقات

اس میں شک نہیں کہ مرزا بیدل نہایت سیر چشم اور قناعت پیشہ واقع ہوئے تھے۔ لیکن ان کے رقعات اور دیگر تصانیف سے واضح طور پہ معلوم ہوتا ہے کہ اس استغنا اور گوشہ نشینی کے باوجود ان کے تعلقات اس زمانہ کے سربرآوردہ امراء و وزرا اور نامور اہل علم کے ساتھ نہایت گہرے تھے۔ وہ ان کی شادی اور غم میں شریک ہوتے تھے۔ باقاعدہ تہنیت نامے اور تعزیت نامے تحریر کرتے تھے۔ تحفے تحائف اظہارِ تشکر کے ساتھ قبول کرتے تھے۔ تصنیفات ان کے نام معنون کی جاتی تھیں۔ ان کے کلام میں اصلاح دی جاتی تھی وغیرہ وغیرہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا کشمکش حیات سے گھبرائے ہوئے نرے خشک اور گوشہ نشین زاہد ہی نہیں تھے۔ بلکہ انزوا سے دلدادگی اور روحانیت میں انہمک رکھنے کے باوجود یہ بھی جانتے تھے کہ تکمیل نفس کے لئے خلق اللہ کے برگزیدہ اشخاص سے میل جول کس قدر مفید اور سود مند ثابت ہو سکتا ہے۔ فضلائے عصر میں وہ مخصوص حیثیت رکھتے تھے اور ذاتی خوبیوں۔ عمدہ خصائل۔ خداداد ذہانت اور روحانی جاذبیت کے باعث اکثر جلیل القدر منصبداروں کے ساتھ ان کے گہرے تعلقات تھے۔ ہم ذیل میں بعض ان اشخاص کا ذکر کرینگے جن کے ساتھ میرزا کو خصوصیت کے ساتھ رابطۂ اتحاد رہا اور مرزا

نے اپنے منشآت میں ان کا تذکرہ کیا ہے ۔

مرزا کے رقعات کا زیادہ حصہ نواب شکر اللہ خاں کے نام نامی کے ساتھ وابستہ ہے گو رقعات نفس مضمون کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف ہیں لیکن تمام کا اندازِ بیان نہایت نیازمندانہ اور مخلصانہ ہے جس سے استنباط کیا جا سکتا ہے کہ مرزا اور نواب صاحب کے درمیان گہرے تعلقات تھے ۔

اُدھر بقول آزاد بلگرامی نواب شکر اللہ خاں اور ان کے تمام خاندان کو مرزا صاحب سے بیحد عقیدت تھی - آزاد کا یہ قول صحیح مانا جا سکتا ہے کیونکہ مرزا کے رقعات میں چند ایسے رقعے بھی ملتے ہیں - مزید براں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نواب صاحب مرزا سے مشورۂ سخن کیا کرتے تھے ۔

نواب شکر اللہ خاں اور مرزا کے درمیان دوستی اور یگانگت کا سلسلہ تقریباً بارہ سال تک رہا ہے - جیسا کہ خاں موصوف کی وفات کے وقت مرزا کے ایک خط سے جو شکر اللہ خاں کے فرزند کے نام ہے معلوم ہوتا ہے ۔

"از دست رفتن دولتیکہ بسلسلۂ موافقتش دوازدہ سال محرک عسرت آہنگی سازِ التفاس بود" (ص ۱۳۶ رقعات)

نواب شکر اللہ خاں | مولانا غلام علی سروِ آزاد میں لکھتے ہیں کہ شکر اللہ خاں ذات کے سید - خورت کے رہنے والے اور عاقل خاں رازی کے داماد تھے - شہنشاہ اورنگزیب نے سرہند - سہارنپور اور میوات کا علاقہ ان کو عطا کیا تھا - آخر میوات میں ۱۱۰۸ھ میں

---

[۱] نواب شکر اللہ خاں از سادات خورت است و داماد عاقل خاں رازی و از پیشگاہ خلد مکانی بہ حکومت سہرند و سہارنپور و میوات سرفرازی یافت - آخر در میوات سنہ ثمان و مآتہ والف (۱۱۰۸ھ) از منصب حیات مستعفی گشت - میر لطف اللہ شکر اللہ خاں پسرِ اوست کہ بہ خطاب پدر مخاطب گردید و خلف دیگرش میر عنایت اللہ شاکر خاں و دیگرے میر کرم اللہ عاقل خان'

داعی اجل کو لبیک کہا - ان کے تین فرزند تھے - لطف اللہ - عنایت اللہ اور میر کرم اللہ - سرکار شاہی سے نمبر اول کو شکر اللہ نمبر دوم کو شاکر خاں اور نمبر سوم کو عاقل خاں کے خطاب عنایت ہوئے -

بیشک یہ صحیح ہے کہ نواب شکر اللہ خاں سہارنپور - میوات وغیرہ کے حاکم رہے ہیں - کیونکہ بیدل کے ہاں بھی دو تین رقعے ایسے ملتے ہیں جن میں سہارنپور - فتح میوات[2] اور عطاء میوات[3] کا ذکر آتا ہے - نیز یہ بھی درست ہے کہ اُن کے تین[4] فرزند تھے - اور ان کے نام لطف اللہ، عنایت اللہ اور کرم اللہ تھے - لیکن ہمیں افسوس سے لکھنا پڑتا ہے کہ لفظ "شکر اللہ" جو باپ بیٹے کے لئے رقعات میں بلا تمیز استعمال ہو رہا ہے - ہمیں اس قدر شبہات میں ڈال دیتا ہے کہ صفحہ ۱۱۴ کے رقعے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ہم نواب شکر اللہ خاں کی تاریخ وفات کے مسئلہ میں مولانا آزاد کیساتھ اتفاق یا اختلاف کرنے میں لمحہ بھر کے لئے مذبذب ضرور ہو جاتے ہیں - لیکن بعض دیگر وجوہات کی بناء پر جنکا ذکر ذیل میں ہوگا ہم یہی رائے قائم کرتے ہیں کہ یہاں شکر اللہ سے مرزا کی مراد غالباً شکر اللہ خاں نمبر دوم ہیں - کیونکہ پہلے پہل ۱۰۹۷ھ میں شاہی افواج نے نواب شکر اللہ خاں کی سرکردگی میں میوات کو تسخیر کیا ہے - اس لئے قدرتی طور پر یہی گمان گذرتا ہے کہ خان موصوف الذکر کو میوات کی حکومت ۱۰۹۷ھ میں یا اس کے قریب دربار شاہی سے عطا ہوئی ہوگی - دوسرے رقعہ[5] مندرجہ

---

[1] مہربانی ہائے خانصاحب الطاف مناصب و التفاتہائے میر صاحب کرم مناقب از عالم تقریر بیرون است و از مبالغہ تعداد افزدن - گاہے یہ مقتضائے بے اختیاری سرے یہ سہارنپور مے کشد و یاد گرامی صحبت خود را در خدمتِ فیض مناقب ایشان دلے مے دہد بہ اطفائے شعلہ ہائے بے کسی اگر آب است دران جا است ... صد۷۹

[2] دوشم از گردون ندا آمد کہ خان دلنواز   کرد در یک دم زدن بنیاد میواتی خراب

حاشیہ بنام شاکر خان سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ ۱۱۰۱ھ میں شکر اللہ خاں کے منجھلے بیٹے شاکر خان کو شاہجہاں آباد کی حکومت ملی ۔ تیسرے ۱۱۰۴ھ میں شکر اللہ خاں کے چھوٹے بیٹے کرم اللہ خاں کو منصب خانی عطا ہوا ۔ ان واقعات کو دیکھ کر ہمیں خیال گذرتا ہے کہ اسوقت نواب شکر اللہ خاں وفات پا چکے ہونگے اور ان کے فرزند اپنے والد کی اعلےٰ خدمات کے عوض میں شاہی نوازشات سے سرافراز ہو رہے ہونگے ۔ چنانچہ شاکر خاں کو شاہجہان آباد کی حکومت ملی اور کرم اللہ خاں کے منصب میں اضافہ ہوا ۔ اسی طرح شکر اللہ خاں کو جنہیں اپنے باپ کا خطاب ورثہ میں ملا تھا ۔ حکومتِ میوات عنایت ہوئی ہوگی + صفحہ ۹۸ کے ایک رقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ۱۰۹۰ھ میں شکر اللہ خان کے منصب میں اضافہ ہوا ۔

(بقیہ حاشیہ ص۶۷)

بے تکلف جست میواتی وجاٹ و راجپوت	تا نگرد پائمال حکم آن نصرت رکاب
یک جہاں خفاش را بر تے زآہنگش بس است	آفتاب است آفتاب است آفتاب (ص۱۰۴)

۵۳ مناصبِ حکومت میوات علو گلشن درجات بہ جناب جلالت منقبت مقصد نصرت و اقبال مصدر اثر جاہ و جلال نص نشاء تحقیق قدر جوہر توفیق سرکوب بد اندیشیٔ دشمنان نوید جمعیت دوستان خانصاحب مبارکباد ص۱۰۴ ، نمبر ۳ کے ہر فقرہ سے سال عطاء میوات ۱۱۰۴ھ برآمد ہوتا ہے ۔

۵۴

شکر امروز کہ در بہار وفاق	رنگ و بوئے شگفتگی ہم اند
اے خدا فضل کن کہ این گلہا	ہمہ لطف و عنایت و کرم اند

۵۵ اقتدار بہار ملک و مال ، استقلال علم و عمل ، دستگاہ علامت جاہ و جلال . . . حکومت مبارک شاہجہاں آباد بخان صاحب کواکب لوا مبارکباد ص۱۵۹ ،

(حاشیہ ص۶۸) بہنگاہ کرم انتساب جم کوکب فیاض رکاب ناز و نعمت دستگاہ خانصاحب افلاک درگاہ عطاء مہر سپہر آستان والی ملک کرم اللہ خان بمناصب خانی مبارکباد ،

شکرِ خدا کہ صاحب ما راز فضل حق　　جمعیت اضافہ اقبال سرمدی است
تا شکر این عطیہ برون آید از حساب　　تاریخ رد مراتب تائید ایزدی است
۱۰۹۰ھ

مرزا بیدل کے رقعات میں چند رقعے ایسے بھی موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ نواب شکر اللہ خاں ملکی مہمات اور سیاسی معاملات میں منہمک رہنے اور اپنے فرائض منصبی کو سرگرمی کے ساتھ سرانجام دینے کے باوجود اپنے علمی اور ادبی ذوق کو برقرار رکھنے اور ترقی دینے میں ہمیشہ ساعی رہے۔ زمین شعر میں طبع آزمائی کرتے اور اپنا نتیجۂ فکر مرزا کے پاس اصلاح اور مشورہ کی غرض سے ارسال کرتے تھے۔ اس امر کا ثبوت صفحہ ۹۵، ۱۰۲، ۱۲۳ کے رقعات سے ملتا ہے۔

کمال فن کے لحاظ سے نواب شکر اللہ خاں ایک اچھے خاصے نقاد تھے۔ انہیں ماہرِ فن جان کر مرزا نے اپنی کئی تصنیفات ان کے نقد اور تبصرہ کے لئے بھیجی ہیں۔ جب مثنوی طلسم حیرت ارسال کرتے ہیں تو ایک رقعہ میں ناقدری زمانہ کی شکایت کرتے کرتے اس خیال سے کہ کتاب خان کے پاس پہنچنے والی ہے اطمینان اور خوشنودی کا اظہار اسطرح کرتے ہیں ؎

شاد باش اے دل کہ آخر عقدہ ات وا می شود
قطرہ ما مے رسد جائیکہ دریا مے شود

شکر اللہ خان نے اس مثنوی کے نثر میں تلخیصی عنوان قائم کئے ہیں۔ یہ زمانہ ان بزرگوں کی دوستی کا ابتدائی زمانہ معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ مرزا خاں موصوف کی توجہ اور مہربانی کا تذکرہ عاقل خاں کے نام ایک رقعہ میں کر رہے ہیں۔ یہ بھی یاد رہے۔ کہ شکر اللہ خاں عاقل خاں کے داماد ہیں:-

"درین ایام خان سعادت عنواں بہ انکشاف مطالب طلسم حیرت عنوان ہا مقرر نمودہ و مرآتے کہ خلاصۂ مدعاے آن نسخہ است بصیقل تحریر زدودہ" (ص ۱۳۲ رقعات)

مثنوی طور معرفت ارسال کرتے وقت مرزا نے مندرجہ ذیل سطور حوالہ قلم کی ہیں جو رقعات بیدل میں صـ۱۱۷ پر ملتی ہیں:۔

"معنی نوازا طور معرفت از ہجوم دیدہ انتظار سامان یک عالم چراغاں است و بہ ہوائے نثار آن کلیم امین حقیقت صد ہزار گوہر معنی بدا ماں ... درین وقت آرزوئے بیتاب ہوا پرست این تمنا است کہ رابطۂ اجزائے تفرقہ امکان اوراق انتظار بیدلا ن برگرداند و دیدہ مشتاق را ہم چشم نقش پا بہ مطالعہ قدمبوسی رساند"

اپنی نظم گل زرد خاں کی خدمت میں روانہ کرتے وقت مرزا رقم طراز ہوتے ہیں:۔

"اقبال رنگینہائے این گلدستہ منتظر نگاہ معنی بین است و معراج خرمیہائے این گلشن مطالعہ بہار آفرین" رقعات صـ۱۳۵

شکر اللہ خان بیدل کے کلام سے بیحد شغف رکھتے ہیں۔ مرزا کے دو رقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے مرزا کے دیوان کا انتخاب بھی تیار کیا تھا۔ چنانچہ بیدل نے اس موقعہ پر یہ معنی خیز جملہ لکھا ہے " لطف کریم بہانہ جوست ہر کرا پسندید پسندید و ہر چہ را برگزید برگزید" ایک اور جگہ مرزا نے شکر اللہ خان کا ان الفاظ میں شکریہ ادا کیا ہے:۔

سجدۂ شکر را جبین نیاز بار منتہاست کہ اجزائے پریشاں مقال دور گرداں بساط حضور را برشتۂ نظر تامل شیرازہ پیمائی اقبال تحسین مے فرمایند و اوراق خزاں فرسائے مہجوران گلشن قرب را از توجہ حفظ الغیب بہ گلدستہ ہامے ستایند"

نواب شکر اللہ خان کے نام مرزا کے بعض ایسے رقعے بھی ہماری نظر سے گذرے ہیں جو اسوقت کے بعض تاریخی واقعات پر روشنی ڈالتے ہیں:۔

مندرجہ ذیل قطعہ سے جو ایک رقعہ کا ضمیمہ ہے معلوم ہوتا ہے کہ ماہجی رام نرو کا(؟)

باغی ہوکر میوات کے پہاڑوں میں مطلق العنان پھر رہا تھا۔ اسکی سرکشی کی بنا پر شکراللہ خاں اسکی سزا دہی کے لئے گئے۔ دونوں کے درمیان لڑائی ہوئی۔ جس میں بابجی نے شکست فاش کھائی اور بصد مشکل جان بچاکر فرار ہوا۔ اس جنگ کی تاریخ وقوع جو بروئے حساب جمل ۱۰۹۷ھ ہے۔ اس طرح بیان کی گئی ہے:۔

سرخیل نرو کہ بابجی رام (؟)	از باد بروت پشم در دست
باہفت پسر کہ ہر کدامش	چون کہ سرے بہ تیغ مے زد
عمرے در کوہسار میوات	مے بود چون خرس ازخودی مست
با لشکرِ خان آسمان جاہ	گردید طرف از فطرت پست
یعنی بہ پناہ قلعہ کوہ	بر جنگ مبارزان کمر بست
بگریخت بصد ہزار تشویش	تا از دم تیغ بے امان است
در تاریخش مہندس فکر	فرمود دل نروکہ بشکست (ص۱۲۶)

مرزا نے رقعہ ذیل میں یورش دکن، تسخیر بیجاپور اور گولکندہ کی تاریخ میں ذیل کا قطعہ لکھا ہے:۔

شاہ عالمگیر یعنی حضرت اورنگزیب	آنکہ دارد تکیہ بر شمشیر او فتح وظفر
عزمش از اقلیم دہلی کرد آہنگ خروج	تا کند بنیاد شاہان دکن زیر و زبر
اولین سالیکہ فتح ملک بیجاپور بود	در غل و زنجیر رفت اسکندر از طوق و کمر
تاخت بر گلکندہ رایات ظفر سال دوم	ہمچنان بر قلب قطب الملک طوفان داد سر
گشت از روئے جمل در دیدۂ اہل حساب	سال فتح اولین جمشید نصرت جلوہ گر
خواستم روشن شود آئینۂ فتح دوم	داد شوخیہائے ادراکم درین مصرع خبر
ہست یک معنی کہ تعبیر از دو تاریخش کنند	اعظم مطلوب[۱۰۹۸] فتح بادشاہ نامور[۱۰۹۸]

مرزا ایک اور رقعہ بنام شکر اللہ خان میں اسلام آباد کی بدنظمی۔ دہلی کے سفر۔

عاقل خاں سے ملاقات اور شاہجہان آباد میں مستقل رہائش اختیار کرنے کی خواہش کا ذکر کرتے ہیں۔ اس کا تذکرہ ہم اپنی پہلی قسط میں کر چکے ہیں۔

مرزا کے منشآت سے معلوم ہوتا ہے کہ نواب شکراللہ خاں کی وفات کے بعد مرزا اور نواب صاحب کے بیٹوں کے درمیان سابقہ تعلقات برابر جاری رہے۔ مرزا انہیں مختلف تقاریب پر رقعات لکھتے رہے ہیں اور ان رقعات کا انداز نہایت مخلصانہ ہے ذیل میں چند رقعے بہ غرض وضاحت پیش کئے جاتے ہیں :۔

جب شکراللہ خاں کو میوات کی حکومت دربار شاہی سے ۱۱۰۴ھ میں عطا ہوئی تو مرزا نے انہیں ایک رقعہ مبارک باد کے طور پر لکھا۔ اس رقعہ کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں۔

شکراللہ خاں کے بیٹے کی تاریخ پیدائش مرزا نے ذیل کے رقعہ میں لکھی ہے۔ اس رقعہ کے ہر فقرہ سے سال ۱۱۰۰ھ برآمد ہوتا ہے :۔

"خرمیہائے بہار آگہی، سرسبزیہائے عید شاہنشہی، فلک دستگاہی مراتب پایندگی رفیع الشانی ..... مبارک صد ۱۶۳"

شکراللہ خاں کی مطلوبہ کے فوت ہونے پر مرزا نے نہایت افسوسناک الفاظ میں صفحہ ۱۷۰ پر اظہار غم کیا ہے۔ رقعات صفحہ ۱۷۸، ۱۷۹، ۱۹۵، ۲۱۲ سے معلوم ہوتا ہے کہ شکراللہ خاں نے جاٹوں اور راجپوتوں کی تنبیہہ کا بار اپنے ذمہ لیا تھا اور حیدرآباد دکن کی طرف لشکرکشی بھی کی تھی۔

اسی طرح شاکر خاں کے ساتھ بھی مرزا کی باقاعدہ خط و کتابت کا سلسلہ جاری رہا۔

جب شاکر خاں کو ۱۱۰۰ھ میں شاہجہان آباد کی حکومت ملی تو مرزا نے ایک رقعہ میں جس کا ہم پہلے ذکر کر آئے ہیں اظہار مسرت کیا ہے۔ اس رقعہ کے ہر فقرہ سے تاریخ سال ۱۱۰۰ھ برآمد ہوتی ہے۔

شاکر خاں کے ہاں لڑکا پیدا ہونے پر مرزا نے خان کو ایک رقعہ مبارک باد میں لکھا

اور مندرجہ ذیل اشعار میں تاریخ ولادت بیان ہوئی

این گل کہ ز رنگش چمن صبح شگفت افسردگی از طبیعت امکان رفت

تاریخ بہار او سروش تحقیق جمعہ نہم جمید الآخر گفت

مرزا کے متعدد رقعوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شاکر خان نے بھی دکن کی طرف فوج کشی کی تھی - چنانچہ ہم یہاں صرف مرزا کے اس رقعہ کا حوالہ دیتے ہیں جس میں انھوں نے بیان کیا ہے کہ شاکر خاں ان کے لئے دکن میں بادشاہ وقت سے جاگیر حاصل کی تھی - لیکن مرزا نے جاگیر قبول نہیں کی تھی اور اس احسان کے شکریہ میں شاکر خاں کو صفحہ ۱۷۷ کا رقعہ ارسال کر دیا تھا -

جہاندار شاہ نے شاکر خاں کو فوج کے ہراول کے لئے منتخب کیا تھا - اس کا ذکر مرزا نے صفحہ ۱۸۹ کے رقعہ کے ایک شعر میں کیا ہے -

خلقے درین گنج سعادت میرفت آخر گہر نیاز شاکر خاں سفت

گفتم چہ نویسم رقم تاریخش رضواں بدل اسرار درجنت گفت

مرزا اور کرم اللہ خاں کے درمیان بھی ہمیشہ خط و کتابت ہوتی رہی - ۱۱۱۴ھ میں جب انہیں منصب خانی ملا تو مرزا نے انہیں مبارکباد لکھی - اس کا ذکر پہلے ہو چکا ہے -

کرم اللہ خاں کے ہاں لڑکا اور لڑکی پیدا ہونے پر مرزا نے ایک رقعہ تہنیت کے طور پر لکھا - اس رقعہ کے ہر فقرہ سے تاریخ پیدائش ۱۱۱۸ھ بر آمد ہوتی ہے ص۱۷۹

بہ خوف طوالت ہم مرزا بیدل کے دیگر رقعات جن میں نواب شکر اللہ خاں اور ان کے بیٹوں کے حالات ملتے ہیں نظر انداز کرتے ہیں +

نظام الملک | مرزا کے چھ سات رقعے نظام الملک آصف جاہ کے نام پر ہیں - نظام الملک کا نام چین قلیج خاں ہے - وہ نسلاً ترک تھے - امرائے عالمگیری میں مخصوص

حیثیت رکھتے تھے ۔ دہلی کی وزارت اور دکن کی حکومت بھی ان کے سپرد رہی۔ سیدوں کے زوال کے بعد ان کا تسلط دکن پر مستحکم ہوگیا ۔ اور وہاں اپنی سلطنت کی داغ بیل اس قابل ستائش طریقہ پر ڈالی کہ ان کا خاندان دکن کے زرخیز علاقہ پر آجتک قابض چلا آتا ہے ۔

آزاد بلگرامی اپنی تصنیف سرو آزاد میں لکھتے ہیں کہ نظام الملک بیدل کے شاگرد تھے ۔ ظن غالب ہے کہ آزاد اپنے اس بیان میں صحیح ثابت ہوں ۔ کیونکہ مرزا اپنے ایک رقعہ میں نظام الملک کی ایک غزل کی برجستگی کے متعلق لکھتے ہیں :۔

"تمہید غزل تازہ چہ قدر افسون معنیہائے برجستہ داشت" صـ۲۰۳

جس سے معلوم ہوتا ہے کہ نظام الملک اپنا کلام مرزا کے پاس بھیجتے رہتے تھے ۔

مرزا کے ایک اور رقعہ صفحہ ۸۴ سے معلوم ہوتا ہے کہ نظام الملک نے مرزا سے ان کا دیوان اور مثنوی بھیجنے کی درخواست کی تھی اور ان کی خواہش کے مطابق مرزا نے یہ کتابیں ارسال کی تھیں ۔

رقعہ صفحہ ۱۰۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا برابر تین ماہ دستوں کی بیماری میں مبتلا رہے اور نظام الملک کو ان کے سفر کی تقریب پر الوداع نہیں کہہ سکے ۔

عاقل خاں | مرزا نے متعدد رقعات عاقل خاں کو بھی لکھے ہیں ۔ ان رقعات میں ایسا مواد محفوظ ہے ۔ جسکی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ عاقل خاں اور مرزا کے تعلقات نہایت خوشگوار تھے ۔ نیز یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ امرائے عالمگیری میں مرزا کو سب سے پہلے عاقل خاں ہی سے ملنے کا اتفاق ہوا ۔ اور خان موصوف کی وساطت سے ان کا تعارف نواب شکر اللہ خاں کے ساتھ ہوا ۔

ایک رقعہ صفحہ ۸۱ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا نے عاقل خاں کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ میں تمہارے دربار میں حاضر ہونگا ۔ لیکن چند مجبوریوں اور پریشانیوں

کی بنا پر وہ اپنا وعدہ ایفا نہیں کر سکے - اور معذرت میں مندرجہ ذیل الفاظ تحریر کئے :-

فریاد رسا دلیل افسردگیہا غیر ازین چہ خواہد بود کہ وعدہ آن ترب سعادت بہ بعد این ہمہ مدت کشید و شاہد نارسائیہا بیش ازین چہ خواہد نمود کہ سررشتۂ پرواز این قدر بعقدۂ قفس آرائی آرمید؎

ندانم شعلہ افسردہ ام یا گرد نمناکم — کہ تا از پا نشستم نقش پائے خویشتن گشتم

نیز اس رقعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مرزا نے اپنی مثنوی محیط اعظم کو اپنی کاہلی اور غفلت کا وسیلہ آمرزش جان کر خان موصوف کے پاس ارسال کی :-

"محیط اعظم را کہ ساقی نامہ ایست مخترع افکار دعاگو - با منتخبے از غزلیات خیال رنگ و بو وسیلہ آمرزش قصور نمودہ بپارگاہ قبول معذرت فرستاد"

صفحہ ۱۵ کے ایک رقعہ سے ظاہر ہے کہ مرزا نے اپنی مثنوی طلسم حیرت عاقلخان کے نام نامی پر معنون کی تھی - اسی طرح صفحہ ۱۳۲ کے ایک رقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ مرزا نے مثنوی طور معرفت کا خاتمہ عاقلخان کے پاس بھیجا تھا اور بعد عجز و نیاز گذارش کی تھی :-

"اگر در جناب خالد انتساب قبول برگ سبزے ببرزد گلدستہ آرائے یک عالم فرق افتخار است"

مرزا کے دیگر رقعات کو نظر انداز کرتے ہوئے ہم ان کے ایک رقعے کے وہ دو اشعار نقل کرنا چاہتے ہیں جو انہوں نے شاہ عالم کو اعظم شاہ پر فتح حاصل کرنے کے وقت عاقلخان[1] کو مبارک باد کے طور پر لکھے تھے - ان ابیات سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۱۱۹ء میں شاہ عالم اور اعظم شاہ میں لڑائی ہوئی جس میں شاہ عالم نے فتح پا کر عنان سلطنت اپنے ہاتھ میں لے لی اور سریر آرائے سلطنت ہند ہوئے :

[1] لیکن یہ رقعہ کرم اللہ عاقل خاں کے نام معلوم ہوتا ہے کیونکہ کرم اللہ کا خطاب بھی عاقل خان ہے -

جلوس معدلت انوار بادشاہ زمن   باین مربع اسرار دادہ اند نشان
شنیوں رافت یزدان جلال قدرت شان   ہمان خلیفۂ رحمن معظم دو جہان

مندرجہ بالا اشعار سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ اسوقت اعظم شاہ اور مرزا کے پرانے تعلقات منقطع ہو چکے ہونگے اور ان میں کسی قدر کشیدگی پیدا ہو چکی ہوگی ۔ کیونکہ اگر یہ معاملہ نہ ہوتا تو مرزا اپنے سابق سرپرست کی شکست اور ہلاکت پر عاقل خاں کو رقعہ مذکورہ کے اشعار بالا بطور مبارک باد ہرگز نہ لکھتے ۔

حسین علی خاں | مرزا بیدل کے رقعات کی ایک اچھی خاصی تعداد حسین علیخان امیر الامرا کے نام پر بھی ہے ۔ حسین علیخان قطب الملک سید عبداللہ خاں کے چھوٹے بھائی تھے ۔ یہ وہی سید ہیں جو خاندان مغلیہ کے زمانہ انحطاط میں لامحدود طاقت اور رسوخ کے مالک تھے ۔

سرو آزاد کے مصنف صفحہ ۱۴۹ پر لکھتے ہیں کہ مرزا بیدل اور سید حسین علی خاں کے تعلقات اچھے تھے ۔ جب سید حسین علیخاں دکن کے نظم و نسق میں مصروف تھے تو مرزا نے انہیں ذیل کے دو اشعار لکھے ؎

اے نشۂ پیمانۂ قدرت بکچہ کاری   ہستی اثرت یا سپے تاراج خماری
مے در قدح گل بسری جام بدستی   رنگ چمن موج گلی جوش بہاری

لیکن جب انہوں نے بادشاہ فرخ سیر کے ساتھ غداری کی تو مرزا نے مصرع "سادات بہ وے نمک حرامی کردند" لکھا ۔ اس مصرع کو عالمگیر شہرت ہوگئی ۔ مرزا نے سیدوں کے خوف سے لاہور کا رخ کیا اور عبدالصمد خاں ناظم لاہور کے پاس پناہ گزیں ہوئے ۔ عبدالصمد خاں نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور نہایت عزت و احترام سے اپنے پاس رکھا ۔ جب سیدوں کی طاقت اور زور میں زوال آنا شروع ہوا ۔ مرزا شاہجہان آباد واپس چلے آئے ۔

مرزا کی تصنیفات اس واقعہ پر اگرچہ پوری روشنی نہیں ڈالتیں۔ لیکن ان کا لاہور میں آنا ثابت ہے چنانچہ :-

" وقتے غبار قافلۂ تجردم از ساحت عرصۂ دہلی بسیر پنجاب دامن عزم شکست و ندرائے محمل خیال بہ ہیش آہنگی سفر لاہور کمر شوق بربست (چہار عنصر صفحہ ۵۳)

اسی سفر میں میرزا سرائے نکودر میں بھی وارد ہوئے۔ میرزا کے پاس ایک زنگ آلود چھرا تھا۔ اسکو نکودر کے کسی لوہار نے ان کی خواہش کے مطابق سان پر رکھ کر درست کر دیا اور کوئی اجرت نہیں لی۔ اسی سفر میں حسن ابدال بھی پہنچے ہیں۔ سفر میں ایک برہمن ان کا ہمراہی تھا۔ جس سے حشر اجساد و قیام قیامت پر خوب خوب بحث رہی اور میرزا اس کے پیچیدہ اعتراضات کی معقول تردید کرتے رہے (صفحہ ۳۲۳ چہار عنصر)

یٰسین خان

تنقید و تبصرہ

(۱) اسلامی نظام تعلیم

یہ ایک چھوٹا سا رسالہ جرمن مستشرق ڈاکٹر ہانہ برگ کے ایک عالمانہ مضمون کا اردو ترجمہ ہے جس میں فاضل مستشرق نے اسلامی نظام تعلیم اور اسلامی مدارس کے طریقۂ تعلیم پر مبصرانہ بحث کی ہے - یہ رسالہ سنہ ۱۸۵۰ء میں لکھا گیا - ظاہر ہے کہ اب سے اسّی برس پہلے فاضل مصنّف کو جو مواد میسّر آیا - آج اس سے بہت زیادہ موجود ہے ، اگر اسی مضمون پر آج کوئی مبصّر قلم اٹھائے تو وہ اس کو بے انتہا وسعت دے سکتا ہے - تاہم اس مختصر رسالے میں بہت سی مفید اطلاعات ہیں اور فاضل مستشرق نے یہ ثابت کیا ہے کہ آج کل کی یونیورسٹیوں میں بہت سی روایات مسلمانوں کی قدیم درسگاہوں سے اخذ کی گئی ہیں - مثلاً درس کے وقت پروفیسر کا طیلسان یا گاؤن پہننا - مدارس کے اخراجات کے لئے اوقاف کا ہونا ، درس دینے کے لئے سند یا اجازت[1] کا حاصل کرنا وغیرہ ، سب سے بڑی قابل قدر بات یہ ہے کہ مصنّف نے مسلمانوں کی تعلیمی روایات کو اُس بیجا تعصّب کی نظر سے نہیں دیکھا جو اب سے اسّی برس پہلے یورپ میں عام تھا - بلکہ اُن روایات کو عزت و احترام کے ساتھ بیان کیا ہے -

ایک قابل افسوس کوتاہی اس مضمون میں یہ ہے کہ بیانات کی سند کہیں پیش نہیں کی گئی معلوم نہیں کہ یہ کوتاہی اصل مضمون میں ہے یا ترجمے میں اسناد کو قلم انداز کیا گیا ہے -

[1] License.

اُردو ترجمہ جناب فضل کریم صاحب درانی بی۔ اے نے کیا ہے۔ فاضل مترجم کو ہم مبارک باد دیتے ہیں کہ انہوں نے نہایت کامیابی کے ساتھ اس فرض کو سرانجام دیا ہے۔

ملنے کا پتہ:۔ **قومی کتب خانہ** ریلوے روڈ۔ لاہور (مطبوعہ ۱۹۳۲ء)

---

(۲) **عنقائے معانی**۔ غالب اور اس کے دلآویز ادبی و شعری کارناموں کا اعتراف ملک کی جانب سے جس وسعت و رنگارنگی کے ساتھ کیا گیا ہے اسکی تفصیل قابل نگارش نہیں۔ اس کے کلام کی دقت و پیچیدگی کو مدنظر رکھتے ہوئے آج تک بے شمار شرحیں لکھی گئیں اور آئے دن لکھی جارہی ہیں۔ حال ہی میں جناب شیر علی خاں سرخوش نے دو جلدوں میں ایک شرح لکھی ہے جو عنقائے معانی کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ سرخوش صاحب کو تمام دوسرے شارحین سے کسی نہ کسی طرح اختلاف ہے۔ اور اختلاف رائے بری بات نہیں، ان کو شارحین سے خاص شکایت یہ ہے کہ انکی شرحیں طلبہ کے نقطۂ نظر سے اپنے مقاصد کو صحیح طور پر کامیاب نہیں ظاہر کرتیں۔ چنانچہ سرخوش صاحب نے زیادہ تر طلبہ کے فائدے کو ملحوظ رکھتے ہوئے یہ شرح مرتب کی ہے۔ کتابت کی غلطیاں اور بدنمائی اور کاغذ و طباعت کی خرابی بھی ایسے نقص ہیں جو آیندہ اشاعت میں نہ ہونے چاہئیں۔ قیمت تین روپے +

ملنے کا پتہ:۔ **پاپولر بک ڈپو۔ موہن لال روڈ۔ لاہور**

---

(۳) **احسان عشق** اور **احسان عشق کا ضمیمہ**۔ لسان الحکمہ شمس العلما جناب مولوی محمد عبدالرحمن صاحب شاطر کی قابلیت علمی و شاعری صوبہ مدراس میں مسلّم

ہے جو محتاج بیان نہیں ۔ چنانچہ گورنمنٹ کی طرف سے ان کو خطاب شمس العلما اور قوم کی طرف سے لسان الحکمہ انکو لقب ملا ہے ۔ مدراس یونیورسٹی کے ممتحن اور ممبر ہیں ۔ یہ سب امور ان کی شہرت اور قابلیت پر دال ہیں ۔ ۱۹۲۵ء میں احسان عشق کے نام سے چالیس صفحات کا ایک رسالہ اور ۱۹۳۰ء میں سولہ صفحات کا دوسرا رسالہ موسومہ ضمیمہ احسان عشق ۲۰×۲۶ تقطیع پر چھپوایا تھا جسے حال میں مصنف نے اورینٹل کالج میگزین لاہور کے دفتر میں بھیجا ہے ۔ ان دونوں میں کلام نظم جناب شاطر کا ہے ۔ دونوں کی نظمیں زیادہ تر اردو زبان کی ہیں اور کم کم فارسی ۔ پہلے رسالہ میں مصنف کی مختصر لائف بھی ہے ۔ خواہ بند ہوں یا سباعیات و رباعیات و مثلثات تقریباً سب کا وزن رباعی ہے ۔

کلام سے وسعت معلومات مصنف کا پتہ چلتا ہے ۔ عنصر مذہب غالب ہے جو مولوی صاحب کی دینداری پر دال ہے ۔ تخیل خوب ہے ۔ صفائی اور روانی بھی کلام میں پائی جاتی ہے ۔ یورپین خیالات کی تردید و تغلیط اور مسلمات اسلامی کی تصدیق شاعرانہ انداز میں فرماتے ہیں ۔ پیشوایان دین سے اظہار عقیدت و ارادت بھی کافی ہے ۔ اکبر ۔ محسن ۔ اقبال ۔ سرسید و غالب کے مداح بھی ہیں ۔ جس سے ان کی نیک نیتی ۔ حسن ظن اور خوش خلقی نمایاں ہے ۔ برہنائے سنت شاعری کہیں کہیں اپنی بھی مدح کی ہے ۔ کلام سے جامع معلومات مشرق و مغرب ہونا معلوم ہوتا ہے ۔ یورپین مسلمات جدیدہ خلاف مذہب کی تنقیص و تردید بطور خطابات شعریہ اچھے عنوان سے فرماتے ہیں ۔ عیب الطاء جسکو اہل فن عیب فاحش مانتے چلے آتے ہیں ۔ مولانا بخیال توسع میدان شاعری اپنے لئے جائز قرار دیتے ہیں ۔ طباعت و کتابت و کاغذ برا نہیں قیمت دونوں رسالوں پر تحریر نہیں اس لئے کہہ سکتے ہیں کہ مصنف سے مفت ملتے ہوں گے ۔

---

۴ ۔ گلزارِ عثمانی

مولوی محمد عبدالقوی صاحب المتخلص بہ فانی ایم اے (علیگ) لکھنؤ یونیورسٹی کے

فارسی لکچرر نے اپنے نو تصنیف نو قصائد بزبان فارسی حال میں شائع کئے ہیں - نواں قصیدہ تقریب کتخدائی شہزادگان والاشان اعلحضرت حضور نظام بالقابہ دام ملکہٗ وسلطانہٗ کی تہنیت میں ہے اور باقی آٹھ حضور نظام کی مدح میں ہیں -

پہلے قصیدہ کی بحر اور قوافی وہی ہیں جو قاآنی کے مشہور قصیدہ کے ہیں جس کو قاآنی نے مدح مرزا تقی خاں میں کہا ہے اور جس کا مطلع یہ ہے (قاآنی)

نسیم خلد میوزد مگر ز جوئبارہا　　کہ بوے مشک میدہد ہوائے مرغزارہا

اسکے جواب میں جناب فانی مطلع ذیل ارشاد فرماتے ہیں ؎

نہ این گل است و یاسمن بطرف جوئبارہا　　بہار کرد عنبرین ہوائے مرغزارہا

ساتواں قصیدہ عرفی کے مشہور قصیدہ کے جواب میں ہے جسکو عرفی نے مدح میں امیرالمومنین حضرت علی علیہ السلام کے فرمایا ہے جس کا مطلع یہ ہے ؎

اے مرتفع ز نسبت ذات تو شان علم　　کلک گہرفشان تو رطب اللسان علم

جناب فانی بھی بہ تتبع عرفی ممدوح سے مخاطبہ کرتے ہوتے مطلع یوں تحریر کرتے ہیں ؎

اے ذات تو بدہر ہمہ میزبان علم　　باشد ز فیض تو ہمہ تاب و توان علم

جس طرح علم جناب امیر شہرہ آفاق ہے - علم پروری حضور نظام بالقابہ بھی اظہر من الشمس ہے جو محتاج بیان نہیں

دوسرا قصیدہ بھی عرفی کے مشہور قصیدہ کے جواب میں ہے - جس کو عرفی نے مدح جلال الدین اکبر میں کہا ہے - جبکہ اکبر کو دین آتش پرستی کی طرف میلان تھا - اسی وجہ سے ردیف آفتاب کو اختیار ہے - جس کا مطلع یہ ہے ؎

اے دل معنی سرشتت رازدان آفتاب　　تا ابد بر خوان دولت میہمان آفتاب

اس کے جواب میں جناب فانی مطلع ذیل لکھتے ہیں :-

؎ شہسوار دولت تو ہمعنان آفتاب　　آستان قصر جاہت آسمان آفتاب

تیسرا قصیدہ بھی قاآنی کے مشہور قصیدہ کے جواب میں ہے ۔ جس کو قاآنی نے مدح محمد شاہ غازی شہنشاہ ایران میں کہا ہے ۔ جس کا مطلع یہ ہے ؎

ساقی بدہ رطل گران زان مے کہ دہقان پرورد — اندہ برد غم بشکرد شادی دہد جاں پرورد

اس کے جواب میں جناب فانی ارشاد فرماتے ہیں ؎

بادہ ہمہ قوت روان بر رخ گلستان پرورد — در دل ہمہ شادی دہد ہر جان پژمان پرورد

قاآنی نے اگرچہ دونوں قصیدوں میں صنعت تسمیط کو التزاماً صرف کیا ہے ۔ جناب قاآنی کے قصیدہ میں بھی کہیں کہیں کسی مصرع میں تسمیط پائی جاتی ہے ۔

چوتھا قصیدہ بھی اسی بحر اور اسی ردیف و قافیہ میں ہے ۔

آٹھواں قصیدہ وہ قافیہ اور ردیف رکھتا ہے جسکو خاقانی نے غیاث الدین بن محمود بن ملک شاہ کی مدح میں کہا ہے ۔ جسکا مطلع یہ ہے ؎

ما فتنہ بر تو ایم و تو فتنہ بر آئینہ — ما را نگاہ در تو ترا اندر آئینہ

جناب فانی نے قافیہ و ردیف تو یہی اختیار کیا ہے مگر بحر اور ہے اور مطلع اسکا یہ ہے ۔

از جمال روئے زیبا شد منور آئینہ — کرد عکس مطلع خورشید خاور آئینہ

تخئیل ۔ شوکت الفاظ اور ترنم ان قصائد میں پائے جاتے ہیں جو شاعری کے لئے ضروری ہیں ۔ اگر یہ کہا جائے کہ خاقانی ۔ ظہیر ۔ عرفی اور قاآنی کا باحسن وجوہ تتبع کیا ہے ۔ تو بیجا نہ ہوگا ۔ اہل زبان کا اس طرح تتبع زبان آموز سے دشوار ہے ۔ چسپانی ردیف و برجستگی قافیہ بھی پائی جاتی ہے ۔ ان مشکل قوافی و ردیف میں قلم اٹھانا کوئی آسان کام نہیں جب ممدوح اعلےٰ ہے تو مدح اعلےٰ کیوں نہ ہو ۔

صفحہ نو پر پہلا شعر یہ ہے ؎

آنچہ در مغرب بود از علم بہر الاش — خامہا در دست دارد ترجمان آفتاب

الاش کی ترکیب الا ۔ اور ستش ضمیر یا اش سے ہے جس پر الف بوجہ تعذر تلفظ وقف

ضرورت بڑھا لیا کرتے ہیں - اہل ایران جن الفاظ کے آخر میں ہمزہ ہوا سے جہاں باقی رکھتے ہیں وہاں اکثر حذف بھی کر دیتے ہیں - اس صورت میں املاء بقاعدہ اہل فرس املا بروزن فعلن رہ جاتا ہے - پھر جن الفاظ کے آخر میں الف ہو ان پر یائے زاید کا اضافہ بھی کر دیتے ہیں - اس بنا پر یہ لفظ املاے بھی ہوسکتا ہے - ان امور کو مدنظر رکھتے ہوئے ذیل کی صورتیں ہوسکتی ہیں - املائش یا املایش بروزن مفعولن - املائش بروزن فعلان - املائش بروزن فاعلن اس شعر میں نظم ہوا ہے - ممکن ہے صحیح ہو مگر میری نظر سے نہیں گذرا - کسی کی نظر سے نگذرنا دلیل غلطی نہیں -

اگرچہ صحت میں اچھی کوشش کی گئی ہے مگر معدودے چند کتابت کی بھی غلطیاں ہیں - صفحہ ۳۷ پر یہ مطلع ہے ؎

تو ہستی بجان میزبان خلیفہ دو فرزند تو مہمان خلیفہ

کاتب نے بجائے میہمان مہمان لکھدیا - جب تک اس مصرع میں یہ لفظ اشباع کے ساتھ نہ ہو وزن منکسر رہتا ہے -

چونکہ قصائد مدح اعلیحضرت حضور نظام بالقابہ میں ہیں - لہذا ان کا نام گلزار عثمانی رکھا گیا ہے - ۲۰ × ۲۶ تقطیع پر مع ٹائیٹل پچاس صفحات ہیں - کاغذ کتابت اور طباعت سب خوب ہیں - مجلد کی قیمت سوا روپیہ اور غیر مجلد کی ایک روپیہ ہے - آسی پریس محمود نگر لکھنؤ سے یہ کتاب ملتی ہے +

رسالے

(۱) **ہندوستانی** - صوبہ متحدہ الہ آباد کی ہندوستانی اکیڈمی کا سہ ماہی رسالہ ہے جو ڈاکٹر تاراچند ایم - اے پروفیسر ڈاکٹر عبدالستار صدیقی ایم - اے مولوی سید مسعود حسن رضوی ایم - اے منشی دیا نرائن نگم بی - اے (اڈیٹر زمانہ) اور مولوی اصغر حسین (سکریٹری)

کی ادارت میں جاری ہوا ہے - زیادہ تر اردو علم و ادب کے متعلق مضامین شائع ہوتے ہیں - اور ان کے لب و لہجہ میں عام تحقیق و تدقیق اور تنقید و تفحص کے علاوہ زبان و بیان کی آسانی کو بھی رائج کرنے کی کوشش کی جاتی ہے - اکیڈمی تمام ملک میں وہ پہلی اور تنہا علمی انجمن ہے جو حکومت کی مالی امداد سے بروئے کار آئی ہے اور اپنی بساط کے مطابق اردو اور ہندی زبانوں کی علمی و ادبی خدمات انجام دے رہی ہے - چنانچہ وہ متعدد تالیفات جو ابتک اکیڈمی کی جانب سے شائع ہو چکی ہیں - اسکی سرعت رفتار اور ترقی کا کافی ثبوت بہم پہنچاتی ہیں -

"اردو' معارف' اور اورینٹل میگزین کیساتھ ہندوستانی ہی وہ رسالہ ہے جو خالص اور ٹھوس علمی خدمت کو اپنا مقصد زندگی قرار دیتا ہے اور ہمیں مسرت ہے کہ ہم ملک کے علمی حلقہ کو اس نئے رسالے کی قابل قدر ادبی خدمات کی طرف توجہ دلا رہے ہیں -

رسالہ ٹائپ میں شائع ہوتا ہے اور ٹائپ کی خوبصورتی قابل داد ہے - سالانہ قیمت پانچ روپے ٭ ملنے کا پتہ :- **ہندوستانی اکیڈمی صوبہ متحدہ الہ آباد**

---

(۲) الضیاء - مادہ پرستی کے اس دور عروج میں عربی تحریر و تقریر اپنے انتہائی انحطاط کو پہنچ چکی ہے - کیونکہ حالات سے مجبور ہو کر امت کے اعلیٰ طبقہ کو علوم عربیہ کی طرف توجہ ہی نہیں رہی - دوم سوم طبقہ کے افراد گو ادھر متوجہ ہیں - مگر کئی ایک ناگفتہ بہ وجوہ کی بنا پر ان میں ملکہ تقریر و تحریر عربی بہت کم پیدا ہوتا ہے ٭ ضرورت تھی کہ اس طبقہ کی رہنمائی کے لئے کوئی علمی' ادبی مجلہ کسی عالم کی نگرانی میں شائع ہوتا کہ طلبۂ علوم عربی کو تحریر و تقریر کا خوگر بنایا جا سکے ٭ بحمد اللہ کہ یہ دیرینہ ضرورت پوری ہوتی نظر آتی ہے - لکھنؤ سے ایک ماہواری رسالہ 'الضیاء' کے نام سے مولانا سید سلیمان ندوی اور شیخ تقی الدین ہلالی مراکشی کی نگرانی اور جناب مسعود صاحب ندوی کی ادارت میں شائع ہوا ہے - رسالہ مذکورہ کا نمبر (۶) اسوقت ہمارے سامنے ہے جس میں مفید معلومات کو فراہم کیا گیا ہے ہم طلبہ علوم عربیہ کو رسالہ مذکور کیطرف پر زور توجہ دلاتے ہیں - رسالہ کا سالانہ چندہ ۴ روپئے ہے ٭ اور دفتر "الضیاء" لکھنؤ سے مل سکتا ہے ٭

(۳) مسلمہ - انجمن اشاعت اسلام جالندھر کے مدرسۃ البنات کا ماہوار صحیفہ "مُسلمۃ" مسلمان عورتوں اور بچیوں کے لئے ایک گرانبہا تحفہ ہے - ہم نے اس رسالہ کے تینوں نمبروں کا مطالعہ کیا ہے - مسلمات کی اصلاح و ترقی کے لئے فی الحقیقۃ یہ ایک مبارک قدم ہے - مضامین کافی سلجھے ہوئے اور فرقہ پرستی سے بالا ہیں اور ان میں اچھا خاصہ اسلامی رنگ نظر آتا ہے - عبارت کے سلیس اور عام فہم ہونے کا بھی پورا لحاظ رکھا گیا ہے - کیا ہی اچھا ہو اگر غیر اقوام کی عورتوں کے حالات کے علاوہ تاریخ اسلام کی مشہور و معروف - بہادر اور نیک اور پاک عورتوں کے سوانح حیات اور ان کے شاندار کارناموں کی نشر و اشاعت کے لئے بھی ایک مستقل سلسلۂ مضامین شروع کر دیا جائے اور یوں نیک نمونے پیش کر کے مومنات میں جذبۂ عمل پیدا کرے اور انہیں صالحات بننے کی ترغیب دے -

تعداد صفحات ۳۲، لکھائی - چھپائی اور کاغذ عمدہ - سالانہ چندہ ایک روپیہ *

دار المصنّفین، اس کا تخیل اور گذشتہ تاریخ - اِس عنوان سے دار المصنّفین اعظم گڈھ کی جانب سے ایک مختصر رسالہ شائع ہوا ہے، جس میں اعظم گڈھ کے اس قابل قدر علمی مجلس کے حالات و ضروریات کے متعلق تفصیلات شائع کی گئی ہیں -

آج اسبات کی ضرورت نہیں معلوم ہوتی کہ ہم اپنے ناظرین کو دار المصنفین کی مفید اور قابل قدر علمی و ادبی خدمات کی جانب توجہ دلائیں یا اس کے اشاعتی کارناموں پر ستائش و استحسان کی نظر ڈالیں - کیونکہ یہ حقایق تمام ملک کے سامنے ہیں - قارئین کرام سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ اس رسالہ کو پڑھیں تاکہ دار المصنفین کی تاسیس و مقاصد کے علاوہ اس کی موجودہ ضروریات سے بھی ان کو آگاہی حاصل ہو - ہم ان سے یہ بھی استدعا کرتے ہیں کہ وہ دار المصنفین کی موجودہ ضروریات کی جانب فوری توجہ کریں - جس کی یہ علمی مجلس، ہر لحاظ سے مستحق ہے *

عربوں کے پالتو جانور

ہم نے اپنے گذشتہ مضمون بعنوان "اہل البدو و اہل الحضر" میں اس بات کی تشریح کی کوشش کی تھی کہ ملک عرب کے جغرافی طبعی حالات نے عرب قوم کی ہیئت ترکیبی اور اُن کی اقتصادی زندگی کی تعیین و تشکیل میں کس حد تک اور کس طرح اثر ڈالا ہے - چونکہ ان کی اقتصادی زندگی یعنی طریق حصول معاش میں اُن کے پالتو جانوروں کا بہت سا حصہ ہے - اس لئے اتمام بحث کی غرض سے آج کے مضمون میں ہم اُن کے پالتو جانوروں کا مزید ذکر کرتے ہیں -

پالتو جانوروں کے متعلق کئی لحاظ سے بحث ہو سکتی ہے - مثلاً علم الحیات (biology) یا علم اللسان (Philology) کے نقطۂ نظر سے - مگر اس مضمون میں ہم اُن سے صرف اس لحاظ سے تعرض کرینگے کہ اولاً ان کو ملک عرب کی آب و ہوا کے ساتھ کیا کچھ مناسبت ہے - اور ثانیاً ان کا اہل البدو اور اہل الحضر کے اقتصادی نظام میں کیا درجہ ہے +

اسباب کے یہاں بالتفصیل بیان کرنے کی ضرورت نہیں کہ کسی ملک کی آب و ہوا اور طبعی حالات صرف انسانی زندگی ہی پر اثر نہیں ڈالتے بلکہ حیوانات پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں - ہر ملک کی آب و ہوا اسباب کا فیصلہ کرتی ہے کہ کون کون سے جانوروں کی اس خاص ملک میں پیدائش و افزائش ہو سکتی ہے - اور کون سے جانوروں کی زندگی وہاں دشوار یا محال ہے - بالفاظ دیگر ہر ملک کا جغرافیہ ان انواع حیوانات پر ایک قسم کا انتخابی عمل کرتا ہے - جن سے انسان جلب منفعت کر سکتا ہے - یہی سبب ہے کہ اگرچہ روئے زمین پر انسان نے بہت سے حیوانوں کو تسخیر کیا ہے - مگر اسکے تسخیر کردہ جانور مختلف

مرا گر برد سیلِ اشک یکچندی ز کوی او   ولیکن چشم می دارم که باز آرد بسوی او

اگر در عشق او دم در کشم آتش بجان افتد   وگر آهی کشم ترسم که ناگه در جهان افتد

مولانا قاسم عاصم

چون فقیر و نامرادست، فرزند شهر هرات است، نظم نیز می گوید، این مطلع از وست که ؎

یاد روزی که ز خیل و حشمت می بودم
متصل سایه صفت در خدمت می بودم

مولانا هجری

فرزند شهر هرات است، گاهی ندیمی نیز می کند، اما قوت طامعه اش برعکس

طالع واقع شده وکارش از بسیار خوردن افیون بفنا رسیده، این مطلع از وست ~~۵~~

ای که با مدعیان کار تو لطف و کرم است
در حق اہل محبت چه جفا و ستم است

این بیت از و بهتر واقع شده است ~~۵~~

بسفال سگ کوئی تو ولم آب خورد — که سفال سر کوی تو بِه از جام جم است

مولانا اسیری

از بلدهٔ مروست و ولد مولانا ستری مشهور ست، طالب علمی دارد و بدیهه را روان می گوید این مطلع از وستش ~~۵~~ (ق ۱۰۹ ب)

چرا چو آهوی وحشی رمیدهٔ از من؟
چه گفته ام؟ چه شنیدی؟ چه دیدهٔ از من؟

مولانا محمد علی

از اولاد بی بی سوقی بوده، و بی بی سوقی از خدماء محرم سلطان حسین میرزا بود، محمد علی بغایت جوان خوش طور و خوش طبع و فانی صفت بود، همراه کاروان بخارا عزیمت آن دیار کرد، در راه قطاع الطریق اورا تلف کردند، این رباعی در مرثیهٔ میرزا گفته ~~۵~~

شام اجل تو مه نگند از سر خویش — بر کند ز دُود بیت رخ انور خویش
برخاست بماتم تو شمع از سر سوز — پیچید ز دودِ دل سیه بر سر خویش

---

۵۷ سبک (کذا)

مولانا عبدالکریم [نگاہی]

از طبقۂ جامہ بافان ولایت نیشاپورست، در سادگیہا بغایت صاحب جمال بوده، نگاہی تخلص می کرد و حالا در عراق ست، این مطلع از وست ؎

ہر کہ از قید تعلق یک قدم بیرون نہاد
از تجرّد پا چو عیسیٰ بر سر گردون نہاد

میرزا علی خلج

ملازم جناب نقابت[1] پناہی خلافت دستگاہی خلیفۃ الخلفائی امیر فریدالدین جعفرست، طبعش بد نیست، این مطلع از وست ؎

دین عشاق بجز دیدن جانان نبود
ہر کرا میل بدین نیست مسلمان نبود

مولانا فقیری

مرد سیاہ چہره است و در بازار ملک بحرفۂ طاقیہ دوزی قیام می نماید ظرفا اظہار علامیتے[2] او می کنند، اما او بغایت آزاد و فارغ البال است و باوجود کہ عامی است دیوان غزل تمام کرده (ق ۱۱۰ و) اشعارش بد نیست، این مطلع (ق ۱۱۰ ا) از وست ؎

ساخت پابوس[3] تو ای سرو سرافراز مرا
کہ تو با خاک برابر نہ کنی باز مرا

---

[1] نقابت (کذا) [2] علامے (کذا) یا غلامی؟ [3] پابوس (کذا)

مولانا جاروبی لنگ

ترک است، و از مردم صحرانشین است، و در نواحی قبة الاسلام بلخ دیوانه و قمار باز و بی اعتبار ست، این دو بیت از وست ؎

صد ره سرم بکوی تو گر خاک در شود — کی شوق پای بوس[1] تو از سر بدر شود

ای شمع امشب از سر بالین من مرو — یکشب چه شد برای تو ام گر سحر شود

مولانا سوادی

گویند خط و سواد ندارد، اورا از جانب روم باسیری آورده فروخته اند، این مطلع از وست که ؎

بسوختیم و کسی نیست در حوالی ما
که پیش یار بگوید خراب حالی ما

مولانا نجمی

گویند از شیراز ست و مرد لوندست، این مطلع از وست که مطلع ؎

آباد از خیال تو ویرانهٔ دلم
جان منی و جای تو در خانهٔ دلم

مولانا تابعی

فرزند شهر هرات است، سابقاً بصنعت بسمه کاری مشغولی می کرده، و از

---

[1] پای پوس (کذا)

تخلص نیز معلومست اما حالا بر نالی اشتغال می نماید، و دیوان غزل تمام کرده و ابیاتش از ده هزار بیت زیاده است، اما به این مطلع که جهت خانه اش که آب ویران ساخته، گفته، ندارد ؎

مدام خانهٔ چشمم ز آب دیده خرابست　　خراب چون نبود خانهٔ که بر سر آبست

(ق ۱۱۰ ب) مولانا قوسی

(ق ۱۱۰ ب

مولدش از شهر هرات است، مرد نامراد است و هنرش از تخلص ظاهرست، این مطلع ازوست ؎

جائی که توئی نیست کسی را گذر آنجا
از من که تواند که رساند خبر آنجا

مولانا مانی

تبریزی، از آدمی زادگان آن دیارست و نویسندگی می کرد، طبعش خوب بود، این بیت ازوست که ؎

زبت کمتر نه آموز از دو آئین محبوبی
که پیشش سجده آرند و نگوید یک سخن با کس

حبیب معرّف

بسیار جوان بفهم است، و در اوائل حال معرف جامع امیر علی شیر بود و حالا معرف مسجد جامع شهرست، طبعش نیک و آوازش خوب و صحبتش مرغوب و خود ندیم شیوه است، اما سیاه چرده است، بعضی یاران از روی مطایبه می گفتند، بهر

وجیه قابل است و مقبول طبع پادشاه و گداست این رباعی ازوست که در آمدن[1] نواب نامدار گفته است رباعیه

صدشکر که کرد رو بآبادانی | عالم ز کمال عدل ورمش خانی
خانیست که هست ثانی حضرت شاه | اما خانی که نیست او را ثانی

این مطلع او خوب واقع شده

آن زلف بر عذار تو از مشک ناب چیست | چندین ستاره سوخته بر آفتاب چیست

(ق ۱۱۱ ر) حضرت مخدومی نورا نیز این بحر و قافیه را فرموده اند نظم

ای ترک شوخ این همه ناز و عتاب چیست
با دل شکستگان ستم بی حساب چیست؟

مولانا ابو المعالی [سامعی]

از ولایت خواف است، و درویشی بر او غالبست، و در جوار مزار مقرب باری خواجه عبد الله انصاری می باشد، گاهی بشعر و معما توجه می نماید و سامعی تخلص می کند، این معما باسم آدهم ازوست بیت

تا من بخون گر ساختی ای آسمان خورشید را
باری بخونم ترکن جیب مه امید را

مولانا مایلی (؟)

فرزند شهر هرات است و نقاشی کاسه و طبق می کند و گاهی نغمهٔ[2] نی هم ازو سر میزند، این رباعی ازوست

---

[1] آمدن (کذا) [2] نعمه (کذا)

دور از تو بدرد و محنت و غم بودم | با سینهٔ ریش و چشم پر نم بودم
بانی همه شب به ناله همدم بودم | بی یاد تو القصه دمی کم بودم

مولانا عبدالصمد

از سمرقندست، اگرچه پدرش مرد صوفی‌وش و مرید خواجه عبداللہ بوده و او مرد لوند و بی قیدست، این دو بیت ازوست که ؎

کشتهٔ عشقم، گلی کز خاک من بیرون شود | بر مشام هر که بوی او رسد مجنون شود
از جفای گردش گردون شکایت گر کنم | همدمم آهست و آن هم جانب گردون شود

مولانا شاه محمد

ملازم بابر بادشاه بود، منصب کتاب داری داشت (ق ۱۱۱ ب) و در ان ممالک (ق ۱۱۱ ب) بحافظ تیزک، مشهور بود، این مطلع ازوست که مطلع

هرچند شعله زد شب غم برق آه ما
روشن نگشت[1] پیش تو روز سیاه ما

درویش حیدر توتیائی

قلندر شیوه است، و در نقش و عمل و خوانندگی قابلیت دارد، این مطلع ازوست ؎

چه روم کعبه که بینم در و دیوار آنجا
من و کویش که بود لذت دیدار آنجا

---

[1] نگشت (کذا)

شاہ محمود قورچی

در شعر ترکی و فارسی خوبست، اول سپاہی بود، حالا بنامرادی مشغولست، این مطلع از وست ؎

بقصد خون من برخاست با ہر کس کہ بنشستم
بجان من بلای راست شد ور ہر کہ دل بستم

مولانا درویش

در ولایت سرخس مردی بود عامی و نمدمالی می کرد، اما طبعش نیک بود، این مطلع از وست ؎

کشم بدیدہ و دل نقش ابروان ترا
بہ بین بچشم کہ چون می کشم کمان ترا

مولانا نور اللہ

از ظرفاء متعین خراسانست، این مطلع از وست کہ ؎

جان را فدای لالہ عذاری نساختیم
ای روی ما سیاہ کہ کاری نساختیم

مولانا لوائی

از آدمی زادگان شہر ہرات است، و در قریۂ سیاوشان می باشد، طالب علمی نیز کردہ، اما خالی از ابدالی نیست، این مطلع (ق ۱۱۲ ا)، از وست کہ ؎

(ق ۱۱۲ ب)

دل بزنجیر سر زلف نگاری مایل است
باید این دیوانه را زنجیر ورنه مشکل است

مولانا ماہری

از قندهار، مرد فقیرست و نامراد، این مطلع ازوست ؎

زلفین تو در گردن جان کرده رسنها
ایشان دو بلای سیه و من تن تنها

مولانا پناہی

از خوش طبعان متعین شهر هرات است، جوانی خوبست، اما مردم می گویند که دستار خود را بسیار کلان می بندد، این مطلع ازوست ؎

شدم دیوانه و عالم برای من غمی دارد
مرا غم نیست چون دیوانگی هم عالمی دارد

مولانا امیرجان

برادر مشار الیه است، طبع نیک دارد و اکثر قصیده می گوید، اما قصایدش همه مناقب است و مدح، اما شعر را چنان می خواند که گویی بحث می کند، این مطلع ازوست ؎

وصل بگذشت[۱] و مرا هجر مهی پیش آمد
وه چه گویم که چه روز سیهی پیش آمد

۱؎ گذشت (کذا)

مولانا ضعیفی

از نیشاپور بود، طالب علمی داشت، در اوائل رند و لاابالی بود، اما در آخر باوجود پای لنگ پیاده بحج رفت و در ولایت مذکور فوت شد، این مطلع از وست ؎

چو سر بحلقهٔ زلف بتان در آوردم
سرِ[1] ی بعالم دیوانگی بر آوردم

ملک معز الدین

(ق ۱۱۱ ب) نویسنده است و مولدش از ولایت خواف است (ق ۱۱۲ ب) جوان نیک است، این مطلع از وست که ؎

گر مرا در عشق غمخواری نباشد گو مباش!
اینچنین غم بر دل یاری نباشد گو مباش!

مولانا باقی

در سهر مزار بی بی ستی می بود و می گفت، من سیدم، اما جنون تمام داشت، این مطلع از وست ؎

زرد و زارم چون هلال از فرقت آن آفتاب
میروم از گریه چون برگ خزان بر روی آب

مولانا فراقی

از ولایت لسکرد و بحرآباد است، و مرد فقیر است و کفش[2] دوزی می کند،

[1] کذا - غالباً سهرباسر [2] کفش (کذا)

این مطلع از وست کہ ؎

شب قدر است و زلف یار و دل گم کردہ ما آنجا ‏ ‏ نمی بینم دلیل روشنی جز برق آہ آنجا

من و کوی‌اش حدیث ای واعظ از جنت مکن چندین ‏ ‏ مرا مقصود دیدار است خواہ اینجا و خواہ آنجا

مولانا زین الدین علی

ملازم بدیع الزمان میرزا بود، در نویسندگی وقوف داشت، نی را نیک می نواخت، بیتی دو نیز می خواند، این مطلع از وست مطلع

قامت سرو کہ بر آب نمودار شدہ

گرد دعوی بقد یار و نگون سار شدہ

مولانا محرمی

از آدمی زادگان شہر ہرات است، اما اکثر اوقات در ماوراءالنہر می بودہ طبع خوب دارد، این رباعی از وست ؎

شوخی کہ نقاب از رخ خود بر نگرفت ‏ ‏ جز جور و جفا طریق دیگر نگرفت

گفتم برا فروز شبی شمع جمال (ق۱۱۳ ا) ‏ ‏ افسوس کہ گفتیم ولی در نگرفت (ق۱۱۳ ا)

میرم سیاہ[1]

از خوش طبعان مشہور شہر ہرات است، اما طبعش بہزل و مطایبہ واقع شدہ

---

[1] میرم سیاہ قزوینی متخلص بہ میرم [متوفی نزد سنہ [illegible]ھ] ر.ک ہفت اقلیم (خطی)، مجمع النفائس (خطی)؛ سفینۂ خوشگو (خطی)؛ ریو (ضمیمہ) ص ۲۲۱ : فہرست مخطوطات بانکی پور لائبریری - ج ۲ - ص ۱۳۵ - عدد ۲۳۲ وغیرہ، از میرم سیاہ یک دیوان و مجموعۂ رقعات ہم متداول است - ہزلیات

مولانا ضعیفی

از نیشاپور بود، طالب علمی داشت، در اوائل رند و لاابالی بود، اما در آخر باوجود پای لنگ بپیاده بحج رفت و در ولایت مذکور فوت شد، این مطلع از وست ؎

چو سر بحلقهٔ زلف بتان در آوردم
شعری[1] بعالم دیوانگی بر آوردم

ملک معز الدین

(ق ۱۱۲ ب) نویسنده است و مولدش از ولایت خواف است (ق ۱۱۲ ب) جوان نیک است
این مطلع از وست که ؎

گر مرا در عشق غمخواری نباشد گو مباش!
اینچنین غم بر دل یاری نباشد گو مباش!

مولانا باقی

در سر مزار بی بی ستی می بود و می گفت، من سیدم، اما جنون تمام داشت، این مطلع از وست ؎

زرد و زارم چون هلال از فرقت آن آفتاب
میروم از گریه چون برگ خزان بر روی آب

مولانا فراقی

از ولایت لسکر و بحرآباد است، و مرد فقیر است و کفش[2] دوزی می کند،

[1] کذا - غالباً هنر یا سپر [2] کفش (کذا)

این مطلع از وست کہ

شب غدراست وزلف یار و دل گم کردہ لقا آنجا — نمی بینم دلیل روشنی جز برق آہ آنجا

من وکوئیش حدیث ای واعظ از جنت مکن چندین — مرا مقصود دیدار ست خواہ اینجا و خواہ آنجا

مولانا زین الدین علی

ملازم بدیع الزمان میرزا بود، در نویسندگی وقوف داشت، نی را نیک می نواخت، بیتی دو نیز می خواند، این مطلع از وست مطلع

قامت سرو کہ بر آب نمودار شدہ
کرد دعوی بقد یار و نگون سار شدہ

مولانا مُحرمی

از آدمی زادگان شہر ہرات است، اما اکثر اوقات در ماوراءالنہر می بودہ طبع خوب دارد این رباعی از وست

شوخی کہ نقاب از رخ خود بر نگرفت — جز جور و جفا طریق دیگر نگرفت

گفتم برافروز شبی شمع جمال (ق ۱۱۳ و) — افسوس کہ گفتیم ولی در نگرفت

(ق ۱۱۳ و)

میرم سیاہ[1]

از خوش طبعان مشہور شہر ہرات است، اما طبعش بہزل و مطایبہ واقع شدہ

---

[1] میرم سیاہ قزوینی متخلص بہ میرم [متوفی حدود سنہ ۹۱۵ھ] ماک ہفت اقلیم (خطی)، مجمع النفائس (خطی)؛ سفینہ خوشگو (خطی)؛ ریو (ضمیمہ) ص ۲۲۱ : فہرست مخطوطات بانکی پور لائبریری - ج ۲ - ص ۱۳۵ - عدد ۲۳۲ وغیرہ، از میرم سیاہ یک دیوان و مجموعہ رقعات ہم متداول است - ہزلیات

و هرچه می گوید نیز دران رنگ است، این قطعهٔ او مشهورست ؎

گفت با من دلبری گر وصل خواهی زر بیار — عاشقان کی وصل را بی زر تمنا کرده اند

گفتمش من عاشق پاکم ندارم سیم و زر — این چنینم تا لوای عشق برپا کرده اند

گفت میرم فکر زر کن زانکه عشق پاک را — کیدیان مفلس مفلوک پیدا کرده اند

و این رباعی هم ازوست ؎

هر سیمبری که قد رعنا دارد — مانند الف میان جان جا دارد

بالای بتان بلاء جانست مرا — جان باد فدای آنکه بالا دارد

مولانا محرمی

میر شکار، از مردم ترک است و از تیولداران[۱] مرد نامرادست، این بیت ازوست ؎

جانا گرم به بندگیت شاد می کنی
مانند بنده ایست که آزاد می کنی

مولانا قاسم غمزه

از جملهٔ ظرفاء بخاراست، و مرد لوند و بی قید و عاشق پیشه است، این مطلع ازوست که ؎

شکست بر سر من محتسب سبوی مرا
دلم شکسته شد و ریخت آبروی مرا

(بقیه حاشیه ص ۲۹۷) او هم مشهور و معروف است،

(حاشیه ص ۲۹۸)، [۱] تیولداران - تیول بمعنی جاگیر و مدد معاش،

اورینٹل کالج میگزین

جلد (۹) عدد (۲)

عدد سلسل (۳۴)

بابت

فروری سنہ ۱۹۳۳ء

حصّہ اوّل

ایڈیٹر

مولوی محمد شفیع ایم اے

مطبع کریمی لاہور [illegible] روڈ میں باہتمام [illegible] پرنٹر

فہرست مضامین

قسم ششم

ذکر لطایف وزراء عالیمقدار

از انجمله

خواجه میرک

در ایام حکومت مملکت پناهی زین خان وزیر یک قلمه خراسان بود، این فقیر دولت ملازمت او دریافت، چندان بزرگی و همت و اخلاق حمیده از و مشاهده افتاد که مزیدی بران (ذق ۱۱۳ ب) متصور نباشد طبع لطیف دارد، اگرچه بنظم مداومت نمی کند، (ق ۱۱۳ ب) اما اگر گاهی اتفاق افتد التفات هم می کند، این مطلع هم از وست

مهی کز نشأ خوبی نمی داند زسر پا را کجا داند غم عشق سر اندازان شیدا را

این مطلع نیز از وست که مطلع

در سر هوس سرو خرامان تو دارم در سینه غم غنچهٔ خندان تو دارم

این مقطع از وست که

چون میرک اگر شیفته حالم عجبی نیست
زانروکه سر زلف پریشان تو دارم

مولانا حسن علی

وزیر نارن بیگ بود، مردی خالی از نامرادی نبود، این مطلع از وست

هر کسی جو بید هلال و خاطر ما بدر جست
زانکه شکل او بشکل یار می ماند درست

میرزا قاسم

ولد خواجه میرکی ، میر دیوان سلطان بدیع الزمان میرزاست ، در ترکی و فارسی
و معما و انشا و املا و خطوط رشید خراسانست ، این مطلع از وست ؎

بازم خیال ابروی او چون هلال کرد
گشتم چنان ضعیف که نتوان خیال کرد

خواجه حسن قندهاری

مدتها وزیر صاحب اختیار شجاع بیگ بود ، طبع خوب دارد ، و ادراک بلند و
همت عالی او هم در ملازمت امیر مذکور فرمان یافت ، این مطلع از وست که ؎

ندارم تاب وصل و طاقت هجران کشیدن هم
بلای جان شده نا دیدن و روی تو دیدن هم

خواجه وجیه

ولد خواجه ملک احمد است (ق ۱۱۴ ا) ، و از جانب والده بخواجه وجیه سمنانی (ق ۱۱۴ ا)
که وزیر شاهرخ بوده نسبت اولادی دارد ، چنانکه القاب اورا در نشان و پروانجات
سلاطین "نتیجه الوزرا" می نویسند ، طبع خوب دارد ، نسخه نوشته است موسوم
"مطالع الانوار" و بسیار نیک واقع شده ، این مطلع از وست ؎

بصد حسرت بر آوردم دل از چاه زنخدانش ولی افتاد آخر در سر زلف پریشانش[۱]

[۱] پرسانش (کذا)

مولانا خواجہ کلان

از ولایت اندجان است، ملازم مخصوص و پروانچی بابر میرزاست، بغایت خوش طبع و عاشق پیشہ است، نظم ترکی و فارسی نیک می گوید، این مطلع از وست ؎

ندارم تاب دیدن پیش آن بدخو رقیبان را
ازان با صبح وصل او گزیدم شام ہجران را

این مطلع ترکی ہم از وست ؎

ہر کیم کا کہ کونکلونک بیتلا سا مہر و وفاقیں
کونکلونک بیتلا کان جور و جفا یار لی منکاقیں

مولانا مسعود

وقایع نویس سلطان حسین میرزا بود و مسعود قصاب نیز می گویند، مرد فاضل است و در باب پیدا شدن خطوط نسخۂ خوب نوشتہ است، این مطلع از وست ؎

مانند نون کشیدہ ابروی چون ہلالش
طغرای حسن گشتہ بر صفحۂ جمالش

قسم هفتم

ذکر امراء نامدار

ازانجمله

میرزا مقیم کیخسرو

از امراء نیک سلطان حسین میرزا بود، طبع لطیف داشت و همیشه شعراء زمان در مجلس حاضر بودند و او را بصحبت (ق ۲۸۷ ب) آن طایفه میل تمام بود، چنانچه هرچه (ق ۲۸۸ آ) داشت، صرف این جماعت می کرد، این مطلع از وست ؎

شراب خوردن دایم خراب ساخت مرا
خراب بودم و آخر شراب ساخت مرا

امیر قاسم ولدی

هم از امرای نامدار میرزا سلطان حسین بود، طبع لطیف داشت و همیشه باشعراء زمان صحبت می داشت و دلیر و گستاخ بود، این مطلع از وشت[1] ؎

تاج سلطانی که هر ترکش سری را افسرست
ترک او خوشتر که در هر ترک او ترک سرست

---

[1] ازوشت (کذا)

مغول عبدالوہاب

از امیرزادگان محفوظۂ سمرقند بود و شیبک خان او را تربیت کرد و منصب شغاولی ارزانی داشت، جوان بی تکلف و خوش طبع بود، در جنگ مرو کشته شد، این مطلع از وست که ؎

ازان قلاشی در میخانہ می خواہم درون آیم
کہ خود را رہن می گردانم و بیخود برون آیم

امیر رستم علی

ولد میر قاسم ترکی گوی بود، از امیرزادگان خراسان بصلاحیت او کم بود، این مطلع ترکی از وست ؎

جان پر دردا سجدۂ قیلدیم اول جفاکار ایلدا ر
شکرکیم باشیمنی قویدیم عاقبت یار ایلدا ر

این مطلع فارسی نیز از وست ؎

ہر گہ زناز رو بچمن خندہ می کنی
گلہای باغ را ہمہ شرمندہ می کنی

(ن ۱۱۵ الف) شاہ ولد بیگ [قائی]

• جوان موالی و از امیرزادگان اصیل ممالک عراقست، و در ملازمت جناب جہکورکہ [پیش؟] سلطان مرتبۂ وکالت دارد و بغایت خوش طور و بی تکلف جوانی ست، و باوجود کثرت جاہ و نفاذ حکم کہ موجب تکبر و انانیت است چندان شستگی

و نامرادی دارد که شرح نتوان کرد، و گاهی نظمی نیز میگوید و قائلی تخلص می کند، این مطلع از وست که ؎

همیشه ناوک دلدوز آن کمان ابرو مصاحبیت دلم را نشسته در پهلو

چون زهره ندارم که کف پای تو بوسم اُفتم به ره و خاک قدمهای تو بوسم

امیر محمد یوسف

ولد یوسف احمد میرآخور بود، جوان خوش شکل و خوش طبع و خوش خلق بود، در ملازمت محمد زمان میرزا بود، درین اوقات او را قضا رسید، این رباعی از وست ؎

ای سرو روان مایل اغیار مباش با من بسر کینه و آزار مباش
چون نیست مرا بغیر تو یار دگر ای دوست تو هم بغیر من یار مباش

امیر مقصود غلامی[1]

از تربیت کرده های ابن حسین میرزا بود، طبع نیک داشت، این مطلع از وست ؎

مه است روی تو یا آفتاب ازین دو کدامست؟
شبست زلف تو یا مشک ناب ازین دو کدامست؟

یار محمد رخنه

هم ملازم ابن حسین میرزا بوده، تقرب تمام داشت، این رباعی از وست ؎

---

[1] با "غلام"

جن میں دو لڑکے اور ایک لڑکی تھی، وہ یہ بھی کہتا ہے کہ بعضوں نے بیان کیا ہے کہ ایک عورت نے پانچ بچے ایک وقت میں جنے، اس سے زیادہ تعجب انگیز یہ بات ہے کہ ایک عورت کے یہاں بیس بچے پیدا ہوئے۔ یہ وضع حمل چار مرتبہ ہوا اور ہر مرتبہ پانچ پانچ بچے پیدا ہوئے، ان بیس بچوں میں اکثر زندہ رہے اور یہ ممکن[۱] ہے۔ لیکن یہ چیزیں میں نے خود نہیں دیکھی، بات یہ ہے۔ کہ رحم میں چار خانے ہیں اور ان خالی جگہوں یا اجوفوں میں رگوں کے منہ کھلتے ہیں جن کے ذریعے حیضی خون رحم میں پہنچتا ہے "

ان حکایات سے انسان کا ذہن ان عجائب المخلوقات کی طرف بآسانی منتقل ہوتا ہے جو انسانوں اور حیوانوں میں رونما ہوتے ہیں، قزوینی[۲] دو ہیکلو اور ایسے توام بچوں کا ذکر کرتا ہے جو باہم پیوست ہوں۔ یہ باب نہایت دلچسپ ہے، اسے عمل جراحی کے سلسلے میں بیان کیا گیا ہے، وہ شفائی کا قول کسی شخص کی زبانی اس طرح بیان کرتا ہے:

" میں ایک مرتبہ یمن کے ایک شہر میں پہنچا جہاں میں نے ایک ایسے انسان کو دیکھا جس کے جسم کا نچلا حصہ کمر سے لے کر پاؤں تک تو عورت کا تھا اور کمر سے اوپر دو جسم تھے، ہر ایک میں علٰحدہ سر اور دو دو ہاتھ تھے، یہ جسم ہمیشہ آپس میں برسر پرخاش رہتے لڑتے جھگڑتے اور پھر صلح کر لیتے، دونوں کھاتے پیتے تھے، میں چند سال تک ان کو نہ دیکھ سکا، جب کچھ عرصے کے بعد واپس آیا تو مجھے معلوم

---

[۱] ایک بزرگ نے مجھ سے بیان کیا کہ انھوں نے ایک عورت کو دیکھا جس کے سولہ بچے تھے، یہ بچے ابھی تک سبھی زندہ تھے اور چار چار کی تعداد میں پیدا ہوئے تھے، خوب قوی ہیکل اور توانا تھے

[۲] Kosmographie (وستنفلڈ)، جلد اول صفحات ۴۵۰، ۴۵۱،

ہوا کہ ان جسموں میں ایک تقدیر الٰہی سے مر گیا ہے۔ اس مردہ جسم
کو کمر کے پاس سے ایک تار کے ساتھ مضبوطی کے ساتھ کس دیا گیا
یہاں تک کہ وہ سوکھ کر رہ گیا اور پھر اُسے کاٹ لیا گیا، میں نے
دیکھا کہ دوسرا دھڑ باقاعدہ ادھر ادھر چل پھر سکتا تھا"

یہی قزوینی آگے چل کر مخلوط نسل کا ذکر کرتے ہوئے کتے اور بھیڑیے، بھیڑیے اور چرخ انسان اور حیوان کے باہمی تخلیط پر بحث کرتا ہے، زرافہ جو ہمیں اسقدر عجیب وغریب معلوم ہوتا ہے غالباً ایسی ہی مخلوط نسل کے حیوانات سے ہے۔ جاحظ اور بیرونی نے بھی عجائب المخلوقات پر بحث کی ہے، البیرونی کی کتاب کا وہ باب جو غلط الطبیعت پر ہے نہایت فلسفیانہ انداز میں لکھا گیا ہے۔ ہم یہاں چند سطور درج کرتے ہیں، وہ لکھتا ہے:

"بعض مخلوق ایسی بھی دیکھنے میں آتی ہے جسے قدرت کے اغلاط
یا فطرت کے کھیل سے تعبیر کیا جاسکتا ہے، کیونکہ ایسے عجیب الخلقت
حیوان یا انسان اپنے ہمجنسوں سے شمائل وخصائص میں مختلف
ہوتے ہیں۔ لیکن میں انہیں فطرت کی لغزشوں کا نتیجہ نہیں سمجھتا
بلکہ یہ چیز مادہ کی ضرورت سے زاید ہونے پر دلالت کرتی ہے کیونکہ
ان عجیب الخلقت حیوانات کے اجسام میں مادۂ زایدہ موجود ہوتا
ہے جو عام باہمی تناسب جسم کے اعتبار سے غیر ضروری ہوتا ہے
پس اس تحت میں وہ تمام حیوانات آجاتے ہیں جن کے جسم میں
غیر ضروری اعضا موجود ہوں، ایسے عجائب المخلوقات اسوقت
معرض ظہور میں آتے ہیں جب قدرت کے پاس جس کا کام حیوانی
اور انسانی نسل کو قائم رکھنا ہے زائد مادہ موجود ہو اور بجائے اس

کے کہ اس مادہ زائدہ یا فاضلہ کو رد کر دے اسے ایک خاص عضو
کی شکل میں منتقل کر دیتی ہے[۵۱]"
کبھی کبھی قدرت ناقص نسل پیدا کرنے کی بجائے اسی مادہ کی مدد سے بہترین حیوان پیدا کرتی ہے اور اُسے دوسرے ہمجنسوں کی بہ نسبت پوری قوت وصلاحیت عطا کرتی ہے'

البیرونی فطرت کی قدرتِ تخلیق کا بہت قائل ہے وہ لکھتا ہے کہ:
"اس میں شک نہیں کہ فطرت ان تمام کارہائے تخلیق میں جنکو پورا کرنا اس کے فرائض میں داخل ہے۔کسی مادہ کو بھی بیکار رہنے نہیں دیتی، اور اگر کہیں مادۂ فاضلہ موجود ہو تو اس سے وہ اپنے تخلیقی کام میں اضافہ کر کے ویسی ہی ایک اور شکل بنا لیتی ہے[۵۲]"
یا ایسا کرنے کی سعی کرتی ہے، چنانچہ نامکمل، ناقص، یا باہم پیوست توام بچوں کی مثال ایسی ہی ہے، البیرونی نے ایسے باہم پیوست بچوں کا ذکر کیا[۵۳] ہے۔ جنہیں ۳۵۲ھ میں ایک یونانی امیر نے نصیر الدولہ کے پیش کیا تھا، اس نے ثابت بن سنان کے حوالے سے جو ثابت بن قرہ کا پوتا تھا ایک ایسے بچے کی مثال بھی دی ہے جس کے دو سر تھے اور جڑا ہوا پیدا ہوا تھا، لوگ اس بچے

---

۵۱ آثار الباقیہ عن القرون الخالیہ، مطبوعہ لیپزک ۱۸۷۸ء (ذخاؤ) صفحہ ۸۰ نیز ترجمہ ذخاؤ صفحات (۹۲-۹۴) مطبوعہ لنڈن ۱۸۷۹ء ۵۲ آثار الباقیہ صفحہ ۸۰ نیز انگریزی ترجمہ ذخاؤ صفحات (۹۲-۹۴) مطبوعہ لنڈن ۱۸۷۹ء ۵۳ یہ بچے جوان ہو گئے تھے، ان کی عمر ۲۵ برس کی تھی، اور معدے کے قریب سے جڑے ہوئے تھے۔ان کا باپ ان کے ہمراہ تھا، دونوں کے ڈاڑھی تھی، دونوں کا منہ ایک دوسرے کے مقابل تھا، لیکن جس گوشت کے ٹکڑے سے وہ جڑے ہوئے تھے وہ ذرا لمبا تھا اور ساتھ ہی ربڑ کی طرح تن سکتا تھا، اس طرح پر کہ دونوں

کو عزّ الدّولہ کے دربار میں لے گئے تھے، اسی طرح ایک بزغالہ کی مثال بھی دی ہے جس کی صرف ایک آنکھ تھی اور دُم آگے کو لگی ہوئی تھی۔ یہ بُزغالہ بھی مرا ہوا پیدا ہُوا تھا، اسے توزون کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا، ایسے ہی مرغی کا ایک چوزہ تھا جس کی تین چونچیں اور تین آنکھیں تھیں[۲]، اسے مصنف نے خود دیکھا تھا۔ بیرونی لکھتا ہے کہ میں نے ان عجائب المخلوقات پر بعض رسائل بھی لکھے ہیں،

"تبسّم"

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۱) میں سے ایک کھڑا ہو سکتا تھا۔ دونوں ایک گھوڑے پر ایک دوسرے کے پیچھے بیٹھ سکتے تھے، دونوں کے اعضائے رئیسہ درست تھے۔ کھانے پینے اور قضائے حاجت کے لیے جلتے تھے، اگرچہ ان کاموں کے اوقات مختلف ہوتے تھے، ایک عورتوں کی طرف مائل تھا۔ اور دوسرا لونڈوں کی طرف، آثار الباقیہ صفحات ۸۰، ۸۱،

(حاشیہ صفحہ ۱۲) لے آثار الباقیہ میں عزالدولہ بختیار ہے جو معزالدولہ کا لڑکا تھا، انگریزی ترجمے اور کتاب زیرِ ترجمہ (فرانسیسی) میں غرورالدولہ لکھا ہے جو غلط ہے،

سے فطرت کے یہ ناقص اور عجیب وغریب تخلیقی کارنامے عام طور پر دیکھنے میں آتے ہیں، آج جب کہ سائنس کی روز افزوں ترقی نے انسانی تخیلات کی توہم پرست رجحانات کی بڑی حد تک اصلاح کر دی ہے۔ لوگ ان عجائب المخلوقات کو اسی حیرت سے دیکھتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اس عالم میں کسی فوق الفطرت چیز کا وجود اپنی اجنبیت کے باعث انسانی طبائع کو ضرور اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔ اس کی وجہ انسان کی ناعرفی اور فطری شوقِ تجسس ہے۔ اصل کتاب میں دو چونچیں لکھا ہے۔

میرزا بیدل کے تعلقات

قسط سیوم

ہم اپنے مضمون کی دوسری قسط میں بعض ان امرا کا ذکر کر چکے ہیں ۔ جن کا میرزا بیدل کے ساتھ گہرا رشتۂ اتحاد رہا ۔ اب ہم بعض ان مشائخ اور فقراء کی طرف رجوع کرتے ہیں ۔ جن کا میرزا کے اعتقادات اور خیالات کی تشکیل اور نشو ونما میں بھاری دخل رہا ہے اور جن کے حالات میرزا کے زمانۂ طفولیت کی فضا اور ماحول پر کافی روشنی ڈالتے ہیں ۔ ذیل کے بیانات سے ظاہر ہوگا کہ میرزا نے ایک قابلِ رشک مذہبی فضا میں پرورش پائی ۔ خود ان کے والد ایک خدا ترس اور متقی انسان تھے چچا بھی طبعاً متدین اور مذہب نواز واقع ہوئے تھے اور صوفیاے کرام اور فقراے واجب الاحترام سے بیحد عقیدت رکھتے تھے ۔ قدرتاً میرزا بیدل زمانۂ طفولیت اور عہد شباب میں کئی بزرگ فقرا کی روح پرور اور جاں انگیز صحبتوں سے برابر فیض اندوز ہوتے رہے ۔ اور ان میں سے بعض کا ذکر میرزا نے اپنی تصنیفات میں نہایت پردرد الفاظ میں کیا ہے ۔

شاہ فاضل :

میرزا بیدل چہار عنصر صفحہ ۳۲ پر لکھتے ہیں کہ شاہ فاضل اور میرزا قلندر کے درمیان گہرے تعلقات تھے ۔ میرزا خود بھی ان کی صحبتوں میں اکثر حاضر رہ کر مستفیض ہوتے رہتے تھے ۔ شاہ صاحب انہیں ایک جوہرِ قابل سمجھتے تھے اور بار بار فرمایا

کرتے تھے کہ ہمارے اسرار سے آشنا ہونے کے لئے تمہارے جیسے زود فہم شخص کی ضرورت ہے۔

میرزا کو عدمِ استعداد[1] اور چچا کی مخالفت[2] کی بنا پر سنِ بلوغ سے پہلے ہی تحصیل علم سے دست بردار ہونا پڑا۔ اس نازک وقت میں شاہ فاضل ان کے خضر راہ بنے اور کتابِ موجودات کے مطالعہ کی ہدایت کرنے کی ذمہ داری اپنے سر لی۔

ایک دفعہ شاہ فاضل کے مکان پر صوفیوں کا مجمع تھا۔ افعال خیر و شر کی ماہیت پر زور شور سے بحث ہو رہی تھی۔ اتنے میں شاہ صاحب کے ایک اخلاص مند مرید نے یہ درخواست پیش کی ؎

میتوان در کلبۂ ما ہم شبے را روز کرد ۔۔۔ بوریا گر نیست نقش بوریا افتادہ است

یہ شعر سنکر شاہ صاحب نے جو مرید کی دعوت کے منظور کرنے سے گریز کرتے تھے۔ بیدل سے کہا کہ اس درخواست کا مناسب جواب دے کر مجھے دردِ سر سے نجات دلواؤ۔ میرزا نے جواب میں ذیل کا قطعہ کہا ؎

خوب بیا و حالِ ما بنگر کہ در ملک فنا ۔۔۔ روزگار ما ز روز و شب جدا افتادہ است

کلبہ وسواس است و نقش بوریا زنگار طبع ۔۔۔ کار ما با شیوۂ صدق و صفا افتادہ است

بوریا و کلبہ را در عالمِ ما بار نیست ۔۔۔ ہر کجا مائیم نقشِ مدعا افتادہ است

کلبہ آتش زن نقوشِ بوریا را محو کن ۔۔۔ در بساطِ فقر ما بینی چہا افتادہ است

تا نخواہد سوخت از ما بر نخواہد داشت دست ۔۔۔ نیستی ما را چون آتش در قفا افتادہ است

ص ۳۹۱ - ۳۹۲ چہار عنصر

---

[1] ص ۳۰۱ چہار عنصر [2] ص ۳۴۲ چہار عنصر واقعہ: ایک دفعہ مدرسہ میں علما بحث مباحثہ کی غرض سے جمع ہوئے۔ میرزا قلندر نے انکے فضول اور بیہودہ اعتراضات اور جوابات کو سنکر بیدل سے کہا کہ اگر تمہیں مدرسہ میں یہی تعلیم دی جاتی ہے تو تمہیں ایسا بیہودہ اور غیر کار آمد سلسلۂ تعلیم ترک کرکے علم حقیقت کی تحصیل [illegible] کوشش کرنی چاہیئے ۔

قاسم درویش :

ہم اسی مضمون کی پہلی قسط میں لکھ آئے ہیں کہ بقول صاحب سفینہ قاسم درویش نے میرزا کی تاریخ ولادت لفظ انتخاب سے نکالی تھی۔ اس امر کا ثبوت مرزا کی تصنیف چہار عنصر صفحہ ۲۴۲ سے بھی ملتا ہے۔ چنانچہ میرزا قلندر بیدل سے کہتے ہیں۔ کہ چونکہ تیری تاریخ ولادت کی بشارت حضرت میر ابوالقاسم ترمذی اپنی زبان الہام بیان سے ارشاد فرما چکے ہیں مجھے یقین ہے کہ تمہاری افتاد طبیعت میں تحصیل کمال کا مادہ موجود ہے۔ پس تمہیں چاہیئے کہ اسلاف کے کلام کا مطالعہ کیا کرو اور اس میں سے جو کچھ تمہیں پسند آئے وہ مجھے دکھلا دیا کرو تاکہ مجھے تمہاری طبیعت کے رجحان اور پسند اور ناپسند کا اندازہ ہوتا رہے۔

میرزا نے قاسم درویش کی کرامات اور دیگر مافوق الفطرت واقعات کو نہایت خوش اعتقادی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ ان واقعات میں سے بعض اس لئے حوالۂ قلم کئے جاتے ہیں کہ یہ میرزا کے کرامات اور مافوق الفطرت واقعات میں اعتقاد رکھنے پر روشنی ڈالتے ہیں۔

۱۰۸۰ھ میں میرزا بیدل میرزا ظریف کے ہمراہ اڑیسہ گئے اور انہیں وہاں ایک عجیب واقعہ دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ سید محمود جو مولانا یعقوب چرخی کی اولاد میں سے تھے۔ خان دورانی کے خطاب سے سرفراز تھے اور اڑیسہ کے حاکم تھے۔ اتفاق سے بیمار ہو گئے۔ حاذق حکیموں اور تجربہ کار معالجوں نے بہت کوشش کی لیکن مرض کو افاقہ نہ ہوا۔ خود بھی بہت دعائیں مانگیں لیکن بے سود۔ حضرت شاہ کے پاس قاصد بھیجکر درخواست کی کہ میں حاضر خدمت ہونے سے معذور ہوں۔ جناب از رہ کرم تشریف لا کر مجھے اس بلا سے نجات دلوائیں۔ لیکن شاہ صاحب نامساعد حالات کی بنا پر کچھ عرصہ تک ان کے پاس نہ جا سکے۔ آخر کار ان کی درخواست

قبول کی اور تشریف لے گئے۔ خدا کی قدرت کہ ان کی ذات بابرکات کے طفیل خان موصوف کو شفا حاصل ہوگئی۔ اور تین دن کے بعد غسل صحت کیا۔

اتفاقاً اس موقع پر خان موصوف کے پاس ایک شیعہ اسد نامی بھی بیٹھا ہوا تھا۔ اس نے باہر آکر شاہ صاحب کو بدنام کرنے کی غرض سے بُرا بھلا کہا۔ خُدا کی شان جب وہ شہر کے دروازے کے قریب پہنچا تو اسے رعد کی کڑک کا شور سنائی دیا۔ دفعتاً زمین میں ایک زلزلہ سا نمودار ہوا۔ جس سے اسکی سواری کی گاڑی الٹ گئی۔ بھوئی اس واقعہ کو دیکھ اوسان باختہ ہوگئے اور جب ہوش میں آئے تو دیکھا کہ وہ رافضی غائب تھا۔ انہوں نے چاروں طرف بہتیرا تلاش کیا لیکن اس کا کہیں پتہ نہیں لگا۔ اچانک مزبلہ کی طرف سے آتا نظر آیا اور انہیں یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ وہ ننگے سر ہے۔ غلاظت اور نجاست میں لتھڑا ہوا ہے۔ اور اسکی طاقت گویائی سلب ہو چکی ہے۔

جب اس واقعہ کی خبر حاضرین مجلس تک پہنچی تو وہ تاڑ گئے کہ اس تمام بدبختی کی وجہ شاہ صاحب کی خدمت میں گستاخی تھی۔ خان دوران نے شاہ صاحب سے ایک شخص کی معرفت اسد کے قصور کی معذرت کی لیکن شاہ صاحب نے جواب دیا کہ نشانہ پر لگا ہوا تیر واپس نہیں آسکتا۔ جو کچھ ہوا ہے ارادۂ ایزدی سے ہوا ہے۔ ہم اس میں مداخلت نہیں کر سکتے۔ اسد کے دورۂ خون کو تیز کرنے اور اسکی زبان کو اپنی معمولی حالت پر لانے کیلئے اسے چند ادویات دی گئیں۔ لیکن پہلا جرعہ ہی اسکے لئے پیام اجل ثابت ہوا۔ ص ٣٤٧ (چہار عنصر)

اس واقعہ کے بعد حکیم طاہر گیلانی شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نہایت پرلطف اور سنجیدہ باتیں کیں۔ شاہ صاحب نے فرمایا میں چاہتا ہوں کہ تمہارا باطن بھی تمہاری ظاہری رنگینی سے متصف ہو جائے اور تمہارے اعتقادات

میں وہی صفائی نظر آئے جو تمہاری گفتگو میں دیکھتا ہوں تیسرے روز شاہ صاحب کو معلوم ہوا کہ حکیم صاحب ناگہاں بحرانِ سوداوی کے باعث دیوانہ ہو گئے ہیں اور انکے دیدار کیلئے بیتاب ہیں۔ شاہ صاحب نے فوراً میر ظریف اور میر بیدل کو بلوا کر عیادت پرسی کی غرض سے حکیم موصوف کے پاس بھیجا اور ہدایت کی کہ اگر وہ تمہاری واپسی پر تمہارے ساتھ آنے کی کوشش کرے تو تمہیں اسے ہرگز ساتھ نہیں لانا ہوگا۔ بلکہ اسے اس بات کا مشورہ دینا ہوگا کہ وہ وقت مقررہ کا انتظار کرے۔ ہم خود ہی اسے بلا لینگے۔ القصہ جب وہ اس کے بسترِ علالت کے پاس پہنچے تو اسے نہایت خستہ و خراب حالت میں پایا اور شاہ صاحب کا پیغام دیکر بیماری کے متعلق دریافت کیا۔ اسنے کہا فی الحقیقت میں کسی مرض میں مبتلا نہیں ہوں۔ مجھے ایک عجیب و غریب واقعہ پیش آیا ہے۔ جس کے باعث میں ابھی تک حواس باختہ ہوں۔ واقعہ یہ ہے کہ میرے والد حکیم نور الدین گھر کے صحن میں مدفون ہیں اور میں فاتحہ خوانی کی غرض سے عام طور پر ان کی قبر پر جایا کرتا ہوں۔ شاہ صاحب کی ملاقات سے واپس آکر جب میں حسبِ معمول حکیم صاحب کی تربت پر فاتحہ خوانی کے لئے گیا تو وہاں اسقدر تعفن پایا کہ میرا دم گھٹنے لگا اور آگ میں جلتی ہوئی ایک مکروہ سی شکل نظر آئی جو اس قبر سے سر نکال رہی تھی۔ جب میں نے اپنا شبہ دور کرنے کے لئے نگاہِ غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ وہ ایک ریچھ کی شکل ہے۔ اس ہولناک واقعہ کو دیکھ کر مجھ میں ضبط کی تاب نہ رہی۔ اور میں بھاگنے کو تھا کہ وہ ریچھ چلا اٹھا میرے بچے مجھ سے مت ڈر۔ میں تمہارا باپ ہوں۔ اپنے اعتقاد فاسد اور گمان باطل کی سزا بھگت رہا ہوں۔ یہ واقعہ دیکھتے ہی میں بیہوش ہو گیا اور میرے دوستوں نے مجھے وہاں سے اٹھا کر یہاں لا ڈالا تعجب کی بات ہے کہ وہی شکل مختلف رنگوں میں ہر وقت میرے سامنے پھرتی رہتی ہے +

الغرض وہ تیسرے روز شاہ موصوف کی خدمت میں حاضر ہوا۔ خاک بوسی کے بعد شاہ صاحب نے اسے گلے لگایا اور از راہ مہربانی اپنے مقابل میں جگہ دی ۔ کچھ دیر کے بعد اسنے اجازت مانگی اور عرض کیا کہ میری موت کا وقت قریب ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ جلد از جلد گھر پہنچ کر دو تین رکعت نماز بطور شکریہ ادا کر لوں۔ گھر پہنچتے ہی داعیِ اجل کو لبیک کہا اور شاہ صاحب نے اسکی تجہیز و تکفین اپنے ہاتھوں سے کی ۳۵؎ چہار عنصر۔

ولایتِ توران کا ایک امیر مسمی پیک جسے گردش زمانہ سرزمین اڑیسہ میں لے آئی تھی ایک دن بیمار ہو گیا۔ چونکہ اسے میرزا ظریف کے ساتھ بیحد اخلاص تھا۔ انہیں اپنی وصیت کے لئے بلوا بھیجا۔ اور آنکھوں کے اشاروں سے میرزا پر یہ بات ظاہر کی کہ وہ قریب المرگ ہے۔ میرزا اسکی حالت زار کو دیکھ کر بیحد متاثر ہوئے اور کہا کہ تمہیں فضل ایزدی سے ناامید نہیں ہونا چاہئے۔ میں تمہیں چشمۂ فیض کا پتہ دیتا ہوں اور وہ شاہ قاسم ہیں۔ بہتر ہے کہ انکی طرف رجوع کرو۔

قصہ کوتاہ مریض نے شاہ صاحب کے گھر کا رخ کیا اور قدمبوسی کا شرف حاصل کرنے کے بعد مدعائے دلی بیان کیا۔ شاہ صاحب نے فرمایا "از فقرا دعاست و از حق عطا" اور اسے صبر کی تلقین کی۔ تورانی نے گھبرا کر کہا کہ جبتک میں تندرست نہیں ہو جاؤں گا یہاں سے ہرگز نہیں ٹلونگا۔ متواتر تین دن تک شاہ صاحب کے آستان پر جبہ سائی کرتا رہا۔ چوتھے دن شاہ صاحب نے میرزا ظریف کو بلا کر غصے میں کہا کہ یہ مردہ ہمارے لئے کہاں سے لائے ہو۔ میرزا نے جواب دیا کہ آپ کی برکت سے مردہ زندہ ہو جاتا ہے۔ شاہ صاحب نے کہا اچھا ہم اسبات کے کفیل ہوتے ہیں کہ جب تک وہ اس شہر میں رہیگا موت کے دستبرد سے محفوظ رہے گا۔ دو تین کے بعد تورانی کی حالت اچھی ہو گئی۔ سال بھر کے قلیل عرصہ میں وہ شاہ صاحب

کے قول کو بھول گیا - ایک روز کوئی قافلہ جانے کو تیار تھا - اس نے بھی توران
جانے کی ٹھان لی - خدا کی قدرت دیکھئے کہ قافلہ کے ساتھ ملتے ہی ملک الموت
نے اس کی روح قبض کر لی - (ص ۳۶۵ چہار عنصر)

ایک دفعہ میرزا ظریف اور میرزا بیدل کو موضع کسادے میں جو گنگا سے چھ روز
کے فاصلہ پر تھا قریباً پانچ مہینے ٹھیرنا پڑا - ان ایام میں مرزا بیدل بیمار ہو گئے - اور
زندگی کی کوئی امید نہیں رہی تھی - انہیں عالم رویا میں شاہ صاحب کی زیارت ہوئی
اسی وقت بخار ٹوٹ گیا اور کامل تندرستی حاصل ہوگئی (ص ۳۷ چہار عنصر)

میرزا بیدل نے حضرت شاہ کی وفات کے متعلق ایک عجیب دلچسپ قصہ
لکھا ہے جو یہ ہے - ایک رات میرزا نے خواب میں دیکھا کہ وہ شاہ صاحب کی خدمت
میں حاضر ہیں - میرزا کے ہاتھ میں پانی کا پیالہ ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ اسے پی جائیں
لیکن از روئے ادب انہیں خیال آتا ہے کہ اگر شاہ صاحب تبرکاً اس میں سے دو
تین گھونٹ پی لیں تو بہتر ہوگا - میرزا پیالہ شاہ صاحب کے سامنے پیش کرتے ہیں -
کیا دیکھتے ہیں کہ حضرت موسے اسی پانی کی خواہش میں بیتاب ہیں - میرزا کو خیال
گزرتا ہے کہ اس میں ضرور کوئی راز ہے ؎

غرض این جلوہ را خالی ز نیرنگی نے یابم
رگ این ساز را جز حیرت آہنگے نے یابم

میرزا دوسری رات پھر حضرت شاہ کو خواب میں دیکھتے ہیں - شاہ کے ہاتھ میں
ساغر اور بغل میں صراحی ہے - بیدل کو تعجب ہوتا ہے کیونکہ معلوم تھا کہ حضرت شاہ
کو شراب خوری کی عادت نہیں تھی - اس اثنا میں شاہ صاحب صراحی اور پیالہ میرزا
کے سپرد کر دیتے ہیں - میرزا شراب کا پیالہ بھر کر شاہ صاحب کی خدمت میں پیش
کرتے ہیں - جس پر وہ فرماتے ہیں کہ گذشتہ رات ہم اپنا پیمانۂ عمر ختم کر چکے ہیں - اب

تمہاری نوبت ہے ۔

ان دو خوابوں کی بنا پر میرزا کو یقین ہو جاتا ہے کہ شاہ قاسم اس دارِ فانی سے عالم جاودانی کو رحلت فرما چکے ہیں۔ تیسری رات میرزا پھر خواب دیکھتے ہیں۔ کہ عالم لاہوت سے فرشتے ان کے پاس اتر رہے ہیں۔ اور تقاضے پر تقاضا کر رہے ہیں کہ حضرت شاہ کی تاریخ وفات قلمبند کرو۔ میرزا نے دفعتاً یہ مصرع

"زبے تعینِ ذات رفت نام صفت"

مرتب کیا جسے ملائکہ سن کر نہایت محظوظ ہوئے ۔

جب میرزا بیدار ہوئے تو مصرع بالا ان کے دماغ میں برابر گونج رہا تھا۔ ان الفاظ کی ظاہری صورت دیکھ کر انہیں یقین نہیں آیا کہ شاہ صاحب عالم بقا کو رحلت فرما چکے ہیں۔ لیکن غور و خوض کے بعد جب انہوں نے اس مصرع کے اعداد کا شمار کیا تو وہی سال نکلا۔ اور انہیں کسی حد تک یقین ہو گیا کہ شاہ قاسم وفات پا چکے ہیں۔ لیکن پھر بھی متواتر چھ مہینے تک شش و پنج میں رہے۔ آخر کار اڑیسہ سے چند اشخاص آئے اور انہیں بتلایا کہ قریباً چھ مہینے کا عرصہ ہوا ہے کہ شاہ صاحب اس دنیا سے کوچ فرما چکے ہیں ۔

شیخ کمال :

ہم اپنے مضمون کی پہلی قسط میں شیخ کمال پر ایک مختصر سا نوٹ لکھ چکے ہیں۔ لیکن چونکہ میرزا اکثر ان سے استفادہ کرتے رہتے تھے۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان کے حالات کسی قدر تفصیل کے ساتھ ہدیۂ ناظرین کئے جائیں ۔

شیخ[1] قصبہ رانی ساگر کے رہنے والے تھے۔ اور میرزا کا خاندان ان سے بیحد عقیدت رکھتا تھا۔ چنانچہ میرزا کے والد میرزا عبد الخالق کو انکی وساطت سے حضرت

---

[1] ہم اپنے مضمون کی پہلی قسط میں غلطی سے لکھ چکے ہیں کہ ملا کمال موضع بہتی کے رہنے والے تھے ،

غوث الاعظم کی تلقین نصیب ہوئی اور میرزا کے چچا میرزا قلندر اکثر آپ کی خدمت میں حاضر رہتے تھے -

شیخ صاحب کو تعویذ و تکسیر میں ید طولے حاصل تھا - اور چونکہ بیدل بھی کثرت سے ان کی خدمت میں حاضر رہتے تھے - اس لئے وہ بھی اس علم میں ان سے فائدہ اٹھاتے رہتے تھے - زمانۂ طفولیت ہی میں اسقدر فیض حاصل کر لیا تھا کہ وہ نہایت آسانی سے اپنی صغر سنی کے عالم ہی میں اجنہ اور ارواح خبیثہ کا انزال کرنے لگے - چنانچہ ایک دن وہ اپنے ہم عمر لڑکوں کے ساتھ کسی گھر میں کھیل رہے تھے - انہیں اچانک معلوم ہوا کہ صاحب خانہ کی بیوی کو ارواح خبیثہ اذیت پہنچا رہی ہیں - بیچاری وہ روز سے برابر اس مصیبت میں گرفتار تھی - بہتیرے افسوں گر منتر وغیرہ پڑھ چکے تھے لیکن بے سود - وہ مظلومہ اسی طرح مارے درد کے کراہ رہی تھی - میرزا نے اسے دم کیا اور وہ بالکل تندرست ہوگئی - جب شیخ کمال کو اس واقعہ کی خبر ملی تو انہیں تعجب ہوا اور میرزا کو بلوا کر دریافت کیا کہ ایسا نادر عمل تمہیں کہاں سے دستیاب ہوا - میرزا نے جواب میں عرض کیا کہ یہ سب جناب کے فیض و کرم کے نتائج ہیں - یہ سنکر مولانا بڑے خوش ہوئے اور میرزا کو تعویذوں کی ایک کتاب دی - جس میں نادر الوجود اشکال تھیں (ص ۳۰۵ چہار عنصر)

میرزا نے شیخ کمال کے متعلق ایک عجیب واقعہ بیان کیا ہے :-

ایک روز شیخ کشتی میں سوار تھے - ملاح نے ہر ایک سے باری باری اجرت طلب کی - جب شیخ سے اجرت مانگی تو انہوں نے کہا کہ میرے پاس دام نہیں ہیں اور میں اجرت دینے سے معذور ہوں - ملاح نے برانگیختہ ہوکر چند تہدید آمیز کلمات کہے جنہیں وہ برداشت کرنے کی تاب نہ لاکر دریا میں کود پڑے اور فرمایا " اے بے خبر بہ بین ناتوانی آن قدر شکستہ ایم کہ دوش موج رخت ما نتواند کشید و بہ

فیض سبکساری چنداں از خود نگذاشتہ ایم کہ پشت حباب پل نتواند گردید"

ص۳۲۱ چہار عنصر

شیخ صاحب ایک روز موسم گرما میں میرزا کے پاس آئے اور شدت گرمی کے باعث پسینہ میں شرابور تھے۔ میرزا نے ان کو اس حالت میں دیکھ کر پنکھا کرنا شروع کر دیا۔ اس اثنا میں انہوں نے فرمایا کہ میں عنقریب اس جہان فانی سے کوچ کرنیوالا ہوں۔ اسلئے تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ ابیاتِ حقیقت آیات میں ہمیشہ غور و فکر کرتے رہا کرو۔ معلم فیض حقیقی کی بارگاہ میں تمہیں باریابی حاصل ہوگی اور تم پر علم یقین کے دروازے کھول دئے جائینگے۔ اس واقعہ کے ایک ہفتہ بعد شیخ نے وفات پائی (ص۳۲۸ چہار عنصر)

شاہ کابلی:

ہم اس مضمون کی پہلی قسط میں شاہ کابلی اور میرزا کے تعلقات کو کسی قدر تفصیل سے لکھ چکے ہیں۔ لیکن یہاں ہم میرزا اور شاہ کابلی کی تیسری ملاقات کو جس کا حوالہ اورینٹل کالج میگزین بابت اگست ۱۹۳۲ء صفحہ ۵۷ پر دیا گیا ہے یہاں بیان کرتے ہیں۔ کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میرزا کے ہاں کوئی اولاد پیدا نہیں ہوئی۔

میرزا بیدل گھوڑے پر سوار ہوکر دہلی کے بازار سے گذر رہے تھے اور ایک قلندر ان کے پیچھے پیچھے بھاگ رہا تھا۔ اس واقعہ کو دیکھ کر لوگوں کو تعجب ہوا اور شور مچانا شروع کر دیا۔ جس پر مرزا نے مڑکر دیکھا اور شاہ کابلی کو اپنے تعاقب میں پاکر دنگ رہ گئے۔ فوراً گھوڑے سے اترے اور معانقہ کے بعد شاہ کابلی کے اشارہ کے مطابق ایک خالی دکان کی طرف چل پڑے۔ جب دکان میں پہنچے تو ان میں گفتگو شروع ہوئی۔ میرزا نے شاہ کابلی سے دریافت کیا کہ اب میں کیسا ہوں۔ انہوں

نے جواب دیا جیسے پہلے تھے - اس کے بعد میرزا نے انہیں بتلایا کہ میں شادی کر چکا ہوں لیکن ابھی تک کوئی اولاد نہیں ہوئی - اور نہ ہی ہونے کی کوئی امید ہے - اس فقرہ کے جواب میں شاہ صاحب نے فرمایا" ہمچنان است کہ دانستۂ - ما افرادیم لمْ یکن لہٗ کفواً احد (ص ۴۳۳ چہار عنصر)

میرزا بیدل کی تصنیفات

نظم

۱- **دیوان** - پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں میرزا کے دو مکمل قلمی دیوان مع ایک انتخاب اور جزو کے موجود ہیں - اکثر بیدل نواز اصحاب کو معلوم ہوگا - کہ ان کا دیوان غزلیات، قصائد، مخمسات، رباعیات وغیرہ پر مشتمل ہے - ہم اپنی آئندہ قسط میں میرزا کے فلسفہ پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے وقت دیوان کی طرف رجوع کرینگے اور اس میں سے چیدہ چیدہ اشعار ناظرین کرام کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کرینگے -

۲- **محیط اعظم** - اس مثنوی کے دو قلمی نسخے پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہیں - ان میں سے ایک طور معرفت کے ساتھ ملحق ہے اور اسکے سرورق پر مثنوی کی تعریف میں میرزا غالب کے اپنے قلم کا لکھا ہوا ذیل کا شعر ملتا ہے ؎

ہر حبابے را کہ موجش گل کند جام جم است
آب حیواں آب جوئے از محیطِ اعظم است

اس شعر کے نیچے میرزا کی مہر ثبت ہے۔ جس کے الفاظ یہ ہیں :۔ "اسد اللہ خان عرف میرزا نوشہ ۱۲۳۱ھ"

پس معلوم ہوتا ہے کہ یہ کتاب میرزا غالب کے زیر مطالعہ رہی ہے اور غالب پر بیدل کا اثر ایک عالم آشکارا راز ہے۔

یہ مثنوی ۱۰۷۸ھ میں تصنیف ہوئی۔ اس وقت بیدل کی عمر صرف چوبیس سال تھی۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ انکی پہلی تصنیف ہے۔

مادہ تاریخ تصنیف :

این نسخہ کہ از خامۂ الہام رقم | گردید مسمی بہ محیط اعظم
دریافت دبیر خرد از روئے حساب | سال تاریخ ہم بنامش مدغم

(محیط اعظم)

یہ مثنوی ایک مختصر تمہید اور آٹھ ابواب پر مشتمل ہے :

اے بستہ دلت بہ طوف معنی احرام | درحلقہ این میکدہ کن دور تمام
مفتاح بہشت معرفت در کف تست | از دور ثمنش اگر یابی جام

(محیط اعظم)

مذکورہ بالا آٹھ باب یہ ہیں :۔

جوش اظہار خمستان وجود | جام تقسیم حریفان شہود
موج انوار گہرہائے ظہور | شد سرجوش مے فیض حضور
رنگ اسرار گلستان کمال | بزم نیرنگ خط لوح وصال
اصل اشکال خم و پیچ بیان | ختم طومار تگ و پوئے بیان

(محیط اعظم)

نفس مضمون کے لحاظ سے یہ مثنوی ایک ساقی نامہ ہے۔ اس میں شراب عشق۔ انسان

کی پیدائش سے قبل اور بعد کی حالت - شراب عشق سے سرشار ہو کر مقصود حیات کی تحصیل - شاہراہ عشق کے سالک پر وہم و گمان کی مہلک اور بے پناہ تاخت و تاراج وغیرہ کو قلمبند کیا ہے -

پیدائش سے قبل انسان کی حالت :

خوش آندم کہ در بزم گاہ قدم　　مئے بود بے نشۂ کیف و کم
منزہ ز اندیشۂ حادثات　　مبرا ز درد غبار صفات

. . . .

تنزہ چراغ شبستان او　　تقدس بہار گلستان او
نہ غم نے طرب نے خزاں نے بہار　　نہ کیفیت مے نہ رنج خمار
بہ میخانۂ غیب لاہوت مست　　بہم ساقی و بادہ و مے پرست
نے و نغمہ و مطرب دلستاں　　پس پردہ ساز وحدت نشاں

(محیط اعظم)

تخلیق کائنات :

کہ آمد خم واحدیت بہ جوش　　بہ مستاں صلا زد بہ گلبانگ نوش
جہانے بہ افسون آہنگ کن　　بجوشید از شوق جام لدن
عقول و نفوس عدم انتساب　　بر انداخت از روئے مستی نقاب
فلکہا ز شور مئے بے مثال　　بہ پرواز ہستی کشودند بال

(محیط اعظم)

یہ کائنات اپنے مقصد تخلیق سے نا آشنا تھی :

عیاں شد جہاں لیک پوشیدہ بود　　کہ پیدائی خود کہ فہمیدہ بود
طبائع ہمہ بے تمیزی اثر　　قدح در کف اما ز مے بے خبر

(محیط اعظم)

انسان کو نہایت بلند نصب العین شاندار مستقبل اور بے شمار ممکنات کے ساتھ پیدا کیا گیا :

دریں نشہ دریا بطوفاں رسید ٭ کہ دور تجلی بہ انساں رسید
کنوں کار آئینہ بالا گرفت ٭ کہ آن نازنیں صورت ما گرفت
خروش خلافت دمید از تراب ٭ گلے آمد از پردہ بر روئے آب
بہ معنی محیط و بہ صورت نمے ٭ ز موجِ نفس در قفس عالمے
شد از شور ایں بادۂ شعلہ جوش ٭ غبارے بر افلاک رفعت فروش
چو دل گشت مرآت اسرار جاں ٭ چو مے نشۂ دید در خود نہاں

. . . . ٭ . . . .

بہ معراج قصر حضور وصال ٭ شد آں موج مے نردبان کمال

. . . . ٭ . . . .

بآں نشہ جمعے کہ محرم شدند ٭ ز غولے گزشتند و آدم شدند
ز آدم ملک از ملک نور پاک ٭ چنیں ریشہ با وارد اسرار پاک

(محیط اعظم)

علامہ حضرت اقبال نے بھی اسی خیال کا کئی جگہ اظہار کیا ہے :

نغمۂ ملائک

فروغ مشت خاک از نوریاں افزوں شود روزے ٭ زمیں از کوکب تقدیر او گردوں شود روزے
خیال او کہ از سیل حوادث پرورش گیرد ٭ ز گرداب سپہر نیلگوں بیروں شود روزے
یکے در معنی آدم نگر از ما چہ مے پرسی ٭ ہنوز اندر طبیعت مے خلد موزوں شود روزے

چناں موزوں شود ایں پیش پا افتادہ مضمونے
کہ یزداں را دل از تاثیر او پرخوں شود روزے

(جاوید نامہ)

انسان تعقل کا شکار ہو جاتا ہے:

شد آخر ازان جام جادو اثر — ز وصل احد محو قرب شجر
خمار عجب آں شجر تازه کرد — که چوں گندمش جمله خمیازه کرد
چه گندم تمیز جهاں وجود — که آں درد سر بیش از بیش بود
شهے دامن پاسبانی شکست — ہماں صاحب خانه بر در نشست
ز بس جام اندیشه رنگ زد — ظلومے جهولے بر آهنگ زد
نه ظلم است کاں آفتاب قدم — نزا شد ز خود اعتبار ظلم
نه جهل است کاں نور بیرنگ پاک — تصور کند خویش را مشت خاک
کنوں کارها با مجازش فتاد — بگردن غم امتیازش فتاد
ندانم ز هستی چه ساغر کشید — که از صافش ایں دردها بر کشید

(محیط اعظم)

لیکن:

اگر گندمش راه زن شد چه باک — که مست وفا از خطرهاست پاک
کسے را که پیر مغاں بر گزید — ز عصیاں گلے جز ہدایت نه چید
بود وصف مستاں ظلوم و جهول — که کردند سرجوش مستی قبول

(محیط اعظم)

دل کی تعریف:

دل است آب مهر آتش کینه هم — دل است اینکه حق است و آئینه هم
دل است اینکه در دیده ها حیرت است — دل است اینکه در طبعها غیرت است
دل است اینکه بالد بعشر عنا — دل است اینکه نالد ز فکر فنا

. . . .

دل است اینکه بوے جگر مے دہد — دل است اینکہ از دل خبر می دہد

. . . .

دل است اینکہ آفاق برہم زدہ است — دل است اینکہ آتش بہ عالم زدہ است

. . . .

فلکہا غبار سوار دل است — زمیں پہلوی خاکسار دل است
زبالیدنش جلوہ بالیدہ است — زنالیدنش جلوہ نالیدہ است

. . . .

اگر یک شرر پر زند گلخن است — وگر یک طپش وا شود گلشن است

. . . .

نظر مے کشاید جہاں مے شود — نفس مے زند آسماں مے شود
بہ تقشید او الفتِ زندگی — زتحریک او موج پائندگی

. . . .

بقاے فروشد فنا مے کند — مپرس این قیامت چہا میکند

کہ این ہم زفیض دل روشن است — کہ گلخن ہم آئینۂ گلشن است
چو ابر کرم عرض احساں دہد — خس و خار را گل بداماں دہد
مپرسید ز آغاز و انجام دل — تماشاست کیفیت جام دل

(محیط اعظم)

شراب عشق :—

تو از اصل ایں مے نداری خبر — دگرنہ نہ نازی بہ فرع ایں قدر
زتاک بلندیست سرمایہ اش — کہ گردوں نواں ریخت از سایہ اش

شرابیکہ در ہر خمے جوش اوست　　بہ گلخن شرار و بہ گلشن نموست
بہ ویرانہ گنج و بہ کاشانہ شمع　　در امواج تفریق و در بحر جمع
اگر بحر بیتاب تاب و تبش　　وگر دشت ویرانۂ مشربش
بہر ساز جولان آہنگ اوست　　بہر گل کہ چشم افگنی رنگ اوست

. . . .

شرابے کز و سنگ آدم شود　　تن مردہ روح مجسم شود
بہ پیمانہ ہا نامش آب عنب　　در اندیشہ جوشش خمستان رب

گداز عشق کی تمنا:

بیا ساقئے مرہم ریشہا　　عسل پرور پردۂ نیشہا
کہ بے دردی آثار افسردگی است　　تن آسانی افسون دل مردگیست
بیا تا گدازے مہیا کنیم　　کفے خون شویم و بدل جا کنیم
نفس رنگ دل گیرد از پیچ و تاب　　بود موج آئینہ ساز حیات
تواں گشتن از درد مرآت راز　　کہ انگور صہبا شود از گداز

ایک عاشق فراق محبوب میں رو رہا ہے - اسے ایک شخص نصیحت کرتا ہے کہ رونا پیٹنا بے سود ہے - عاشق جواب میں کہتا ہے:

بصد دیدہ باید براں کس گریست　　کہ وا ماند از یار و بے نالہ زیست
چنان باشم از نالہ کردن خموش　　کز و نام معشوقم آید بگوش
فغاں نغمہ محفل یاد اوست　　شکست دل آہنگ بیداد اوست
ہمینم بس است از ہوائے کسے　　کہ ہستم بدرد آشنائے کسے
بیا ساقی اے عیسئے روزگار　　کہ خاکم بہ خون مے طپد از خمار
زمانے نفس صرف این خاک کن　　غبارے برانگیز و افلاک کن

ازان ساز طوفان قدرت نوا | ازاں ساغر قسم باذنی صدا
بہ من دہ کہ چون مستی آیم بہ شور | تصرف کنم در دماغ شعور
وہم نور جاں قالب مردہ را | بگردوں برم خاک افسردہ را

(محیط اعظم)

خودشناسی:

عبث محو اندیشہ مبہمی | بخود گر رسی صاحب عالمی

. . . .

کہ یک لحظہ با خویش پرداختن | بود کار ہر دو جہاں ساختن
تو غیر خودی تا نہ خود غافلی | اگر محرم خود شدی واصلی
بیا اے فلک جاہ عرش اقتدار | بیا اے محیط دو عالم کنار
دریں بحر تا کے چون من بیدلے | شود موج خاشاک بر ساحلے
بمن دہ ازاں حاصل جست و جو | کہ در کام گوہر برد گفتگو
زہم سر بجیب تماشائے دل | کنم سیر بازار سودائے دل
بہ تسکین رسانم پر افشانئ | بہ منزل کنم ہرزہ جولانئ
بگرد تک و پو شکست آورم | چو گوہر تسلی بدست آورم
شوم فارغ از پستی خویش و اوج | ز من نیست بیرون چہ دریا چہ موج
محیط و گہر تخت و فوق من است | ولے وہم گرداب طوق من است

(محیط اعظم)

ہمارے خیال میں مندرجہ بالا اشعار مثنوی محیط اعظم کے نفس مضمون اور طرز بیان کے اندازہ کرنے کے لئے کافی ہیں۔ ہم اپنے مضمون کی آئندہ قسط میں "میرزا بیدل کا فلسفہ" کے زیر عنوان اس کتاب کے دیگر اشعار کو بھی جو بیدل کے فلسفہ

پر روشنی ڈالتے ہیں - ہدیہ ناظرین کرنے کی کوشش کرینگے -

۳ - " طور معرفت یا گلگشت حقیقت "

مثنوی طور معرفت کا ایک قلمی نسخہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں موجود ہے اس نسخہ کے سرورق پر مثنوی کی تعریف میں میرزا غالب کے اپنے قلم کا لکھا ہوا ذیل کا شعر ملتا ہے :

ازیں صحیفہ بنوعے ظہور معرفت است
کہ ذرہ ذرہ چراغان طور معرفت است

اس شعر کے نیچے میرزا غالب کی مہر بھی لگی ہوئی ہے - جس کی عبارت یہ ہے " اسداللہ خان عرف میرزا نوشہ ۱۲۳۱ھ "

بعض قرائن سے جنکا ذیل میں ذکر ہوگا واضح ہوتا ہے کہ میرزا نے یہ مثنوی بیراٹ[1] کے قیام کے زمانہ میں قلمبند کی ہے :-

---

[1] بیراٹ یا بیراٹھ :- ریاست الور کے علاقے میں ایک شہر ہے جو تانبے کی کانوں کے لئے مشہور تھا - آئین اکبری میں بھی اس کا مذکور آتا ہے - اس میں چاندی کی ایک گرانمایہ کان بھی تھی - اکبر کے عہد سے لے کر عالمگیر کے زمانے تک تانبے کے سکوں کا دارالضرب رہا ہے -

میرزا نے بیراٹ کی سیرگاہوں کی پرزور الفاظ میں تعریف وتوصیف کی ہے - ذیل کے چند اشعار نمونہ کے طور پر قارئین کرام کے مطالعہ کے لئے حوالہ قلم کئے جاتے ہیں :-

مقامے یافتن شوقِ جستجو ساز ۔۔۔ کہ گردش با تحیر بود گلباز
تواں گر یک نفس ایں جا گذر کرد ۔۔۔ بحسرت عمرہا باید سفر کرد

. . . .

برنگ بادہ یکسر نشہ پرور ۔۔۔ طلسم کوہسارش خط ساغر
ز طوفانِ بہار انبساطش ۔۔۔ زمیں تا آسماں موجِ نشاطش

اوّل: کتاب کا پہلا عنوان "آغاز بیان سیر بیراٹ و تحقیق سواد قدرت آیات"

دوم: مثنوی کے متن کا یہ شعر ؎

کنوں در کوہ بیراٹ آب رنگ است | کہ ہر سنگش بدل بردن فرنگ است

سوم: میرزا کے ایک رقعہ کی عبارت جو انہوں نے میرزا عرفان کو بیراٹ سے واپس آکر لکھا ہے:

"بارے از سواد بیراٹ راہ آوردیکہ قانعاں تحف معانی بہ قلیلے ازیں پیشکش کفایت تصور نمایند نسخۂ طور معرفت ایست کہ در تعمیم عبارتش مدعائے خاص مندرج تواں یافت و از تخصیص معنیش حقیقتے اخص مے تواں شگافت بخدمت خواہد رسید" (رقعات ص۱۰۳)

ذیل کے اشعار سے واضح ہے کہ میرزا قصبۂ بیراٹ نواب شکر اللہ خان کے ہمراہ گئے تھے۔ ان کا اپنا بیان ہے کہ میں بوجہ بے سروسامانی بیراٹ کا سفر اختیار نہیں کرسکتا تھا۔ اچانک نواب شکر اللہ خان کے رایاتِ برکت آیات جنبش میں آئے اور میں بھی ان کے ہمراہ ہو لیا:

دراں معرض کہ طاقت ناتوانیست | پر افشانی چو مژگاں آشیانیست
ز خود رفتن دلیل عجز دل بود | فغاں مے رفت و جولاں پابگل بود

(بقیہ حاشیہ ص۳۱) . . . .

بنازد خرمی بر سبزہ زارش | ببالد سرکشی از کوہسارش
دریں گلزار چوں انبار گندم | نیابی دانہ را بے تبسم
اگر طوفاں کند باد قیامت | غبار ایں جا نماند راست قامت
نکاہد بر طرف ایں وضع خرم | نماند تعلد ہم واللہ اعلم

که ناگه از نسیم شوقِ تقدیر — به موج آمد بہارستان تدبیر
گل رایات شکر اللہ خانی — بفرقِ آں زہیں گرد آسمانی
بذوقے التفاتے از خودم برد — کہ آسایش بر فتارم قسم خورد
بپائے شوق ایں رہ را سر کشیدم — بایں کیفیت آں ساغر کشیدم

(طورِ معرفت)

ان اشعار سے مثنوی کی تاریخ تصنیف کا بھی قیاس کیا جاسکتا ہے۔ گو میرزا نے خود کسی جگہ اس کتاب کی تاریخ تصنیف کا ذکر نہیں کیا۔ لیکن ظن غالب ہے کہ یہ کتاب ۱۰۹۰ھ یا عنقریب بعد میں لکھی گئی ہوگی۔ کیونکہ نواب شکر اللہ خاں اسی سال باغی رام سنگھ کی گوشمالی کی غرض سے میوات پر چڑھائی کرتے ہیں اور قدرتی طور پر خیال گزرتا ہے کہ میرزا اسی سال خان موصوف کے ہمرکاب بیراٹ گئے ہونگے اور وہاں کی سیر گاہوں سے لطف اندوز ہوکر اپنے مشاہدات کو اس مثنوی کی صورت میں پیش کیا ہوگا۔ نیز میرزا کے ایک رقعہ (صـ۱۳۳ رقعات) سے یہ بھی ظاہر ہے کہ میرزا کو سیر بیراٹ تعلیم خان کی وساطت سے نصیب ہوئی۔

میرزا نے یہ مثنوی نواب شکر اللہ خاں کے اشارہ پر لکھی تھی۔ اور اسکی تکمیل میں دو دن یعنی بہت تھوڑا وقت صرف کیا تھا۔ قلت وقت کی شکایت کرتے ہوئے میرزا لکھتے ہیں کہ میں اپنے مشاہدات کو کما حقہٗ احاطۂ تحریر میں نہیں لا سکا۔ اگر وقت نے میری مساعدت کی ہوتی تو خدا جانے میرے کلک گوہر بار نے صفحۂ قرطاس پر کیسے کیسے موتی بکھیرے ہوتے:

بذوقِ سایۂ دستِ ہلاکم — غبارم تا کہ بردارد ز خاکم
عصا بر من دریں گلگشت مقصود — نسیم فیض شکر اللہ بود
وگرنہ من کجا گوہر فشانی — سرشکے بودم آن ہم بیروانی

دریں گلشن خرامے داد کلکش | کہ پیوستم من بیدل ابنکش
کلامش گشت سر مشق خیالم | ازاں سرچشمہ مے جوشد زلالم
دو روزے در پس زانو نشستم | خیالے را جہانے نقش بستم
بہمنش آخر ایں مکتوب منظوم | بہ طور معرفت گردید موسوم

نہ شد فرصت دریں ویرانہ پیدا | وگرنہ دل چہا مے کرد انشا
نالمہا اگر ماندے بہ یک حال | بے گردید رنگ من بصد سال
کم من بیش ہر بسیار بودے | خط من عرض صد طومار بودے
بہر کم فرصتی در باغ نیرنگ | پرے افشاندہ ام بائے بایں رنگ

(طور معرفت)

یہ مثنوی بظاہر ایک سیر کی کیفیات کا اجمالی نقشہ ہے۔ لیکن جیسا کہ قابل مصنف خود اس کے متعلق رقمطراز ہیں :-

"طور معرفت ایست کہ در تعمیم عبارتش مدعا خاص مندرج تواں یافت
و از تخصیص معنیش حقیقتے اخص مے تواں شگافت"

میرزا مناظر قدرت کی دلآویزیوں کو بیان کرتے ہوئے ضمناً اپنے فلسفہ کے دقیق مسائل کو بھی بیان کر جاتے ہیں پس یہ کتاب صرف نسخۂ کائنات کی رنگینیوں کا مرقع ہی نہیں بلکہ موت اور زندگی کے حقائق کی ایک عریاں تصویر ہے۔ یہ صرف بےحس اور بے جان چیزوں کا ناکہ ہی نہیں بلکہ اس میں اس عالمگیر روح کو پیش کیا گیا ہے جو کائنات کے ہر ہر ذرّہ میں جاری و ساری ہے۔ ہمارا شاعر جمادات اور نباتات میں بھی زندگی کی طوفاں انگیزیوں اور عشق کی جگر گداز گرمیوں کا احساس کرتا ہے پہاڑ کے پتھروں کی نزاکت اور چشمے کے پانی کے اضطراب کو نہایت عمدہ الفاظ میں بیان

کیا ہے۔

حیات و ممات ۔ ایک عارف میرزا کو جمود کی حالت سے بیدار کرنے کے لیئے ملامت اور زجر و توبیخ کے بعد اس راز سے آگاہ کرتا ہے کہ حرکت زندگی کا دوسرا نام ہے اور جمود موت کا مرادف ہے۔ بقاء حیات کے لیئے انسان کو کسی مقصد خاص کا پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ تم غفلت اور کسالت کے باعث اپنے اصلی مقصد حیات کو بھول چکے ہو

حقیقت مشربے وارستہ خوے — کشید از برق دل چوں شعلہ ہوے
کہ اے عنصر متاع ملک ایجاد — طلسم خاک و آب و آتش و باد
دریں رہ پختہ کاری ہاست درکار — بخامی کردہٗ سودا خبر دار
لطافت رفت از اجزائے ذوقت — کثافت سرزد از مرآت شوقت
فسرو از آب و خاکت جز و ناری — چو سنگ از وہم پامال وقاری
چہ کلفت گشت سامان ملالت — کہ رنگ بیضا پیدا کرد بالت
چہ خشکی آفت کشت تو گردید — کہ جوش ریشہ ہا در تخم پیچید

. . . .

بجا واماندنت دل مردگی ہاست — زمیں گیری گل افسردگیہاست
کسلنے را کہ بر تحقیق راہ است — نفس چوں شمع موقوف نگاہ است
چہ خفاشی است اے محروم جاوید — کہ از چشم تو پنہاں ماند خورشید
ولت آئینہ و عالم ندیدن — نگاہت بادہ و غفلت کشیدن
تغافل بر دل روشن وبال است — کہ اخگر از مژہ بستن زگال است
دریں محفل چہ شمع بیدماغی — کہ از افروختن قانع بداغی

ترجمان حقیقت حضرت علامہ اقبال کے ہاں بھی یہی مسئلہ حرکت و جمود ان کے فلسفہ

کا اصل الاصول ہے۔

روح کا عالمگیر تصور:۔

سحر آئینہ ام پرواز دل یافت — صفائے امتیاز آب و گل داشت

نخستیں کز تحقق کردم آغاز — برمز آب و خاکم چشم شد باز

یقینم شد کہ در ہر قطرہ جانیست — نہاں در ہر کفے خاکی جہانیست

تامل عینک تحقیق اشیاست — اگر باشد تامل جلوہ از ماست

میرزا پہاڑ کے ہر پتھر میں زندگی کا احساس کرتے ہیں۔ اس لئے فرماتے ہیں کہ پہاڑ صرف بیجان پتھروں کا تودہ ہی نہیں بلکہ یہ ایک آئینہ خانۂ دل ہے۔

ندا آمد کہ اے محروم اسرار — خرابات نزاکت ہاست کوہسار

مبادا این جا زنی بر سنگ دستے — کہ مینا در بغل خفت است سنگے

مگو اے بیخبر سنگست ایں جا — ہزار آئینہ در رنگ است ایں جا

بیک آئینہ گر بیداد آید — دو عالم جلوہ در فریاد آید

ہمہ گر تیشہ با سنگے ستیزد — قیامت بر دماغ کوہ ریزد

گداز عشق:۔

میرزا چشمے کے پانی کی گرمی کے متعلق سوال کرتے ہیں اور انہیں ذیل کا جواب ملتا ہے:۔

کہ ایں آب جنوں خیز و شرر زاد — گداز سعی مجنون است و فرہاد

ہنوز از ساز ایشاں نغمہ باقی است — حریفاں محو اما نشہ باقی است

. . . .

بہر جا برق عشق آتش فشاں بود — ہمیں کہسار برق امتحاں بود

چہ نجد و بیستوں کز عشق پر شور — قیامت ریشہ دارد تا دل طور

نگوئی نغمہ یکسر قاصدانند   زکوہے جانبِ کوہے روانند
غرض این چشمہا مکتوب دارند   سراپا اشک گرم و آہ سرد اند
گداز عشق درکار است این جا   قیامت گرم بازار است این جا

میرزا نے اسی مثنوی میں بعض موقعوں پر اس خیال کا بھی اظہار کیا ہے۔ کہ انسان کے باطن میں ایک کائنات مضمر ہے۔ لیکن اس کے مطالعہ کے لیئے دیدۂ دل کی ضرورت ہے۔ خودشناسی ایک نہایت ہی کٹھن منزل ہے۔ اور اسکی تحصیل میں سالک کو بیشمار مصائب پیش آتی ہیں :-

معین شد بہ طبع معنی اندیش   کہ سیر جلوہ بیرون نیست از خویش
معمائی معمائی معمـــا   اگر خواہی کشودن چشم بکشا
کمال آنست کز خود باشی آگاہ   چہ در صحرا چہ در خلوت چہ در چاہ

. . . .

چہ دریا و چہ صحرا و چہ کہسار   ہمہ مشتاق تست لے غافل از کار

. . . .

نے گویم جہاں را پے سیر کن   دو گامے ہم درین وادی سفر کن

. . . .

بہ اوج چرخ اگر نتواں رسیدن   کہ مانع شد بہ پیش پا دیدن

. . . .

شوی تا محرم خود دل طلب کن   بلیلے تا رسی محمل طلب کن

. . . .

مپرس از دوری این راہ نزدیک   کہ دارد شمع پیش پائے تاریک

میرزا نے حباب کی مثال سے تہذیب نفس کے وہ تمام مراحل جنکی تحصیل کے بعد

انسانی روح دنیاوی آلائشوں اور کثافتوں سے پاک ہو کر عالم محبت کی صاف اور منزہ فضا میں جاوداں کے لئے جاگزیں ہو جاتی ہے۔ اس طرح بیان فرماتے ہیں:

زہے وضع حبابِ بے سر و پا | کہ حیرانی ز نقشِ اوست پیدا
نفس در دامن دل پا شکستہ | نگہ با شرم غفلت دیدہ بستہ
دل و ضبط نفس و امان پایش | نگاہ و چشم تر رو و قفائش
اگر جنبش است بر غیرش نظر نیست | وگر پا از خودش بیرون سفر نیست
چو ساغر پادشاہ عالم آب | کلاہ آرائے ناز از وضع آداب
حیا چوں چشم حسن آہنینش | خموشی ہمچو لب نقش نگینش
سبکروحی وقار امتیازش | تہی از خود شدن سامان نازش
بآں رنگت نزاکت نفس بستہ است | کہ گر چشمے بہم مالد شکستہ است

۴ - عرفان :-

مسائل تصوف[1] کے متعلق ایک نظم جو کئی ابواب میں منقسم ہے۔ اس کتاب کے اختتام میں اس کے مصنف خود لکھتے ہیں کہ اس میں گیارہ ہزار اشعار شامل ہیں۔ تاریخ تصنیف ذیل کے شعر سے بر آمد ہوتی ہے :-

کرد تاریخ او نبی ز کرام | ہدیہ ذوالجلال والاکرام
۱۱۴۲ھ

۵ - طلسم حیرت :-

تمثیلیہ[2] مثنوی ہے۔ جس میں روح کو بادشاہ جسم کو سلطنت تدبر کو شہزادی، صحت کو شہزادہ، جگر کو قصر، انزوا کو عساکر، وغیرہ وغیرہ قرار دیا گیا ہے

تاریخ تصنیف :-

کہن تاریخی عقل زماں یاب | پئے تاریخ نظمش بود بے تاب
سر اندیشہ تا زد دید در جیب | بروں آورد گنج عالم زغیب

[1] ریو ص۷۴۳ ؛ [2] سپرنگر ص۳۸۰ ؛

اشعار بالا سے سپرنگر صاحب کے شمار کے مطابق سال ۱۱۲۵ھ برآمد ہوتا ہے۔ لیکن ہم اس مسالہ میں سپرنگر صاحب کے ساتھ اتفاق کرنے کے لیے تیار نہیں کیونکہ ہم اس مضمون کی دوسری قسط میں ذکر کر چکے ہیں کہ میرزا بیدل نے یہ مثنوی نواب عاقل خاں کے نام نامی پر معنون کی تھی اور نواب شکر اللہ خاں کے پاس بغرض تنقید ارسال کی تھی۔ چونکہ تذکرہ نگاروں نے نواب عاقلخاں اور شکر اللہ خاں کی تاریخ وفات سال ۱۱۰۸ھ بیان کیا ہے۔ اسلئے قدرتاً یہ مثنوی ۱۱۰۸ھ سے پہلے لکھی گئی ہے۔ ہاں اگر مادہ تاریخ میں "گنج عالم غیب" کو "گنج از عالم غیب" سے بدل دیا جائے تو سال ۱۰۹۶ برآمد ہوتا ہے جو از روے قیاس صحیح معلوم ہوتا ہے۔

۶۔ گل زرد:۔ ایک سو پچاس اشعار کی نظم ہے۔ جس کا ذکر میرزا نے رقعات صفحہ ۱۳۵ پر کیا ہے۔ ہم اس کے متعلق اورینٹل کالج میگزین بابت ماہ اگست ۱۹۳۲ء صفحہ ۷۰ پر ایک آدھ فقرہ لکھ چکے ہیں

نثر

چہار عنصر۔ یہ کتاب میرزا کی ایک مختصر سی سوانحعمری ہے۔ جس میں انکے بچپن۔ شباب اور بڑھاپے کے حالات ملتے ہیں۔ تذکرہ نگاروں میں سے صرف خان آرزو نے اس بات کا ذکر کیا ہے۔ میرزا اور ان کے متعلقداروں کے زیادہ حالات ہمیں اسی کتاب سے دستیاب ہوتے ہیں۔ سوانح حیات کے علاوہ میرزا نے اس میں اپنے فلسفانہ خیالات کا بھی جابجا اظہار کیا ہے۔ لیکن چونکہ ہم میرزا کے فلسفہ کو ایک علیحدہ قسط میں پیش کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ میرزا کے فلسفیانہ خیالات کو جن کا انھوں نے چہار عنصر میں اظہار کیا ہے فی الحال یہاں نہ چھیڑا جائے۔

چہار عنصر کی تاریخ تصنیف ذیل کے اشعار سے برآمد ہوتی ہے :-

نخست افسوسے اندانجا تر پرداخت
که از افراد ہر عنصر فنا رفت

دوم در اجتماع چہار عنصر
نحوست بود چون رنگ از صفا رفت

نکات :- یہ کوئی علیحدہ مستقل کتاب نہیں بلکہ یہ ان مقطعات کا مجموعہ ہے - جنہیں میرزا نے اپنے نظم و نثر کی مختلف تصانیف سے انتخاب کر کے نکات کا نام دے دیا ہے - نکات کا زیادہ حصہ (نثر و نظم) چہار عنصر - دیوان - محیط اعظم - طور معرفت وغیرہ سے اخذ کیا گیا ہے - ہم مقابلہ کی غرض سے بعض مشترک عبارات معہ کتاب اور صفحہ ذیل میں حوالہ قلم کرتے ہیں :-

نمبر صفحہ	نکات بیدل (نولکشور ایڈیشن)	نمبر صفحہ	چہار عنصر (نولکشور ایڈیشن)
۲۴	نکتہ - از بزرگے پرسیدند . . . . دلکوبی است	۳۱۰	نکتہ - از بزرگے پرسیدند . . . . دلکوبی است
۲۴	؍؍ عالمے بوضع خود . . . نے گنجد	۲۱۱	؍؍ عالمے بوضع خود . . . نے گنجد
؍؍	؍؍ لی مع اللہ . . . . گمراہند	۳۱۴	؍؍ لی مع اللہ . . . . گمراہند
۲۶	؍؍ معنی بیان نسخہ اسرار . . . عدوم	؍؍	؍؍ معنی بیان نسخہ اسرار . . . عدوم
۲۷	؍؍ صحبت دانا در عالمے . . . . گفتم کم است	۳۱۹	؍؍ صحبت دانا در عالمے . . . . گفتم کم است
۲۹	؍؍ طبائع از دشتیہا کوہساریست . . . . . . گوش پر است	۳۳۰	؍؍ طبائع از دشتیہا کوہساریست . . . . . . گوش پر است
۳۲	؍؍ طبائع را تقلید اوضاع یکدگر . . . . تحقیق اینست	۳۴۳	؍؍ طبائع را تقلید اوضاع یکدگر . . . . تحقیق اینست
۴۴	؍؍ حکم الفقر کنفس واحد . . . مپرس	۳۷۹	؍؍ حکم الفقر کنفس واحد . . . مپرس

نمبر صفحہ	نکات بیدل (نولکشور ایڈیشن)	نمبر صفحہ	چہار عنصر (نولکشور اڈیشن)
۴۵	نکتہ ـ آدمی ریشۂ استعداد یست ... کاکل است	۳۷۹	نکتہ ـ آدمی ریشۂ استعداد است ... کاکل است
۴۹	" ـ چشم پوشیدہ ہرچند ... ہرچہ بادا باد زیر	۴۰۲	" ـ چشم پوشیدہ ہرچند ... ہرچہ بادا باد زیر
"	" ـ عیب مطلق مرتبہ ایست ... وجود اینجا نیست	"	" عیب مطلق مرتبہ ایست ... وجود اینجا نیست
۵۱	" ورود سخن نزول ملایک است ... بردارد فغان	۴۱۷	" ورود سخن نزول ملایک است ... بردارد فغان
۵۵	" روح انسانی جوہریست بسیط ... طلسم غنچۂ شوق	۳۰۴	" روح انسانی جوہریست بسیط ... طلسم غنچۂ شوق
۶۰	" معنی کرم در جمیع احوال ... با بزرگان خدمت	۴۶۰	" معنی کرم در جمیع احوال ... با بزرگان خدمت
"	" تمثال ظہور احوال ... دیگر است	۴۴۳	" تمثال ظہور احوال ... دیگر است
۶۲	" جمیع خلائق ... مے خوانند	۴۶۱	" جمیع خلائق ... مے خوانند
"	" تاثیر در طبائع ... گرم است	"	" تاثیر در طبائع ... گرم است
۶۵	" از بزرگے پرسیدند ... حقیقت دگر است	۲۶۳	" از بزرگے پرسیدند ... حقیقت دگر است
"	" روح انسانی شاہدیست ... خون شد جگرش	۴۶۴	" روح انسانی شاہدیست ... خون شد جگرش
۶۸	" شیرازہ اجزائے ... آسودہ نیست	۵۰۲	" شیرازہ اجزائے ... آسودہ نیست
"	" تجربہ کاران ... سخن	۵۰۴	" تجربہ کاران ... سخن

نمبر صفحہ	نکات نولکشور اڈیشن	نمبر ورق	محیط اعظم قلمی
۳	حکایت	۷۵	حکایت
۶	اشارت و حکایت	۹۳	حکایت
۷	حکایت	۹۴	"
۹	"	۱۲۵	"
۱۰	"	۱۱۹	"
۱۰	"	۱۲۸	"
۱۱	"	۱۲۹	"
۱۷	دو حکایات	۱۵۸ و ۱۶۰	"
۱۵	اشارت نمبر اول		طور معرفت

ہم طوالت کے خوف سے دیگر مشترک عبارات کو نظر انداز کرنے پر مجبور ہیں ۔

رقعات :- میرزا کے خطوط کا مجموعہ ہمنے اپنے مضمون کی دوسری قسط کے مرتب کرنے میں میرزا کے رقعات سے کافی استفادہ کیا ہے - اس قسط کا تقریباً تمام مواد رقعات سے لیا گیا ہے - حوالہ کے لئے اورینٹل کالج میگزین بابت ماہ ستمبر ۱۹۳۲ء صفحہ ۶۵ دیکھا جائے ۔

یٰسین خان نیازی

خزائنِ مخطوطات

پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور

کتبِ اخلاق

۱ - تہذیب الاخلاق [اوراق ۷۳ - سطور ۱۱ ، ۱۲ ، نیم شکستہ - تقطیع ۸½ × ۵½ : ۶½ × ۴]

یہ رسالہ بو علی سینا کی جانب منسوب کیا جاتا ہے - جو ایک مقدمہ ، تین ابواب اور ایک خاتمے پر مشتمل ہے۔

آغاز : اخلاق مہذبہ اہل کمال کہ لایق اتباع و انتخاب تواند بود الخ

تاریخ کتابت : ۴ ربیع الثانی سنہ ۱۲۲۴ھ

کاتب : نیر احمد حسین

۲ - اخلاقِ ناصری - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۴۴۱ ، ۸۶۵

[اوراق ۲۳۲ ، سطور ۱۲ - نستعلیق - تقطیع ۸½ × ۶ : ۶ × ۳½]

نصیر الدین طوسی کی مشہور و معروف کتاب فلسفہ اخلاق کے متعلق (سنہ ۶۳۳ء)

کاتب و تاریخ کتابت ندارد

حاشیے پر مولانا محمد حسین آزاد مرحوم کے ہاتھ سے لکھے ہوئے نوٹ ہیں

۳ - شرح اخلاق ناصری [اوراق ۲۲۴ ، سطور ۱۵ ، حاشیہ پر ۳۸ سطور ، الواح مطلا ، تقطیع ۱۴ × ۸ : ۸½ × ۴½]

اس جلد میں تین کتابیں ہیں :-

۱- اخلاق ناصری کا ایک اور نسخہ اور حاشیے پر مندرجہ ذیل کتابیں ہیں -

۲- (ق ۱- ۲۲۱ ب) فرہنگ اخلاق ناصری از نقی الدین محمد بن نور الدین محمد مشہدی

آغاز: سپاس و ستایش پروردگاری کہ بمقتضای وعلم الآدم الاسماء کلھا

۳- شرح اخلاق ناصری : مصنف کا نام معلوم نہیں ،

تاریخ کتابت ۳۱- ساون ۱۹۰۱ سموت

کاتب ندارد ،

۴- اخلاق الاشراف - دیکھو فہرست ایشیاٹک سوسائٹی بنگال کرزن کالیکشن - عدد ۲۲۷

[اوراق ۲۵- سطور ۱۳- نستعلیق - سرلوح مطلا - تقطیع ۷½ × ۴½ : ۵½ × ۲½]

عبید زاکانی کا رسالہ ہجویہ (سنہ ۷۷۲ھ)

تاریخ کتابت و نام کاتب ندارد

۵- ذخیرۃ الملوک - دیکھو انڈیا آفس عدد ۲۱۷۶

[اوراق ۱۶۴- سطور ۱۸- نستعلیق - تقطیع ۸ × ۴½ : ۶ × ۳]

میر سید علی بن شہاب الدین ہمدانی (متوفی سنہ ۷۸۶ھ) کی کتاب اخلاق و سیاست میں

نام کاتب و تاریخ کتابت ندارد

۶- اخلاق محسنی - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۴۴۳

[اوراق ۱۷۹ - سطور ۱۴ - نستعلیق - تقطیع ۹½ × ۵ : ۶½ × ۳]

ملا حسین واعظ کاشفی کی کتاب (سنہ ۹۰۰ھ)

نام کاتب و تاریخ کتابت ندارد

۷- آداب الصالحین [اوراق ۲۱۶ : سطور ۱۱- نستعلیق - تقطیع ۷½ × ۵ : ۵ × ۲½]

مولانا عبد الحق بن سیف الدین دہلوی (متوفی ۱۰۵۲ھ) کی تصنیف (مصنف کے حالات

کے لئے دیکھو مآثر الکرام ج ۱ - ص ۲۰۰ وغیرہ، کتاب کے ۷ ابواب ہیں :-
نام کاتب ندارد
تاریخ کتابت رجب ۱۲۷۶ھ

۸ - **ابواب الجنان** - دیکھو ریو - ج ۲ - ص ۸۲۶ '
[اوراق ۱۸۸ - سطور ۱۹ - نسخ - تقطیع ½۸ × ½۵ : ۶×۳]
مرزا محمد رفیع واعظ قزوینی (متوفی نزد ۱۰۸۰ھ) کی کتاب مشتمل بر مباحث اخلاقیہ آٹھ ابواب میں منقسم ہے -
نام کاتب و تاریخ کتابت ندارد
اس کتاب کے دو اور نسخے بھی ہیں جن میں ایک ۱۵ - محرم ۱۱۴۲ھ میں غلام نبی عرف خیاں علی کے ہاتھ سے لکھا گیا - بپاس خاطر سید عبد العلی و سید محمد رضا

۹ - **مرآت الاداب** [اوراق ۵۲ - سطور ۱۱ - نستعلیق - تقطیع ۸×۵ : ½۵ × ۳]
یہ کتاب ہندوؤں کے اداب و اخلاق سے بحث کرتی ہے - مصنف کا نام روپ نرائن ولد ہری رام کھتری سیالکوٹی ہے - تاریخ تصنیف ۱۱۹۰ھ - ۱۰ ابواب
نام کاتب و تاریخ کتابت ندارد '

۱۰ - **نخلستان جان** [اوراق ۵۳ - سطور ۱۴ ' ۱۷ - شکستہ آمیز - تقطیع ½۸ × ½۵ : ½۶ × ½۳]
نواب غلام محی الدین خان ساکن گنج پورہ - ضلع کرنال (متوفی ۱۸۰۱ء) کی تصنیف - کتاب کے نام سے تاریخ نکلتی ہے - یعنی ۱۲۵۴ھ - چار شجرات پر مشتمل ہے - مثلاً خلقت انسان ' حقیقۃ روح ' بدو فطرۃ ' حقیقت دل مضامین فلسفیانہ نقطۂ نگاہ سے بیان کئے گئے ہیں -
تاریخ کتابت - صفر ۱۲۴۶ھ
نام کاتب - خوب چند کا لیتھ

۱۱۔ شجرہ طیبہ [اوراق ۱۱۳۔ سطور ۲۴، ۲۶۔ شکستہ آمیز۔ تقطیع ۱۱×۸ : ۹½×۵]
تصنیف محمد شاہ۔ کتاب ثمرات اور شاخوں میں منقسم ہے۔
نام کاتب و تاریخ کتابت ندارد،

سید محمد عبد اللہ

"پنجاب میں اردو"

میرے دوست حافظ محمود شیرانی نے "پنجاب میں اردو" لکھ کر تحقیق و تجسس کے لئے ایک جدید زمینہ کی طرف رہنمائی کی ہے اور باوجودیکہ وہ خود پنجابی نہیں ہیں۔ تاہم انہوں نے خطۂ پنجاب کی علمی اور ادبی مساعی کو منظر عام پر لانے میں وہ کام کیا ہے۔ کہ فرزندان پنجاب کے ادب نواز حلقے ان کے احسان کے بوجھ سے سبکدوش نہیں ہو سکتے۔

پروفیسر صاحب کو شکایت ہے اور بالکل صحیح شکایت ہے کہ پنجاب میں کوئی ایسا وقیع کتب خانہ نہیں جو اس موضوع پر تدبر اور غور کرنے والوں کے لئے باعث امداد ہو سکے اور یہ کہ اہل پنجاب نے اپنے وطن کے مساعی ادبیہ کو نہ صرف فراموش کر دیا ہے۔ بلکہ بہت حد تک ضائع کر دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پروفیسر صاحب کی موشگاف طبیعت اور بالغ نظری بھی اس کتاب کو ایک خاکے کی حیثیت سے زیادہ پیش نہیں کر سکی اور اگر اہل وطن توجہ کریں تو ممکن ہے کہ یہ خاکہ، مکمل ہو کر ایک نہایت خوشنما تصویر بنکر نگارخانہ ادب کی زینت کا باعث ہو سکے۔

دو سال ہوئے اس خیال کو مدنظر رکھ کر میں نے گرمی کی رخصتوں میں بعض جگہوں سے قلمی نسخے حاصل کرنے کی کوشش کی - اور مقام مسرت ہے کہ اسوقت میرے پاس پنجاب کے اردو فارسی اور پنجابی شعرا کے کلام کا معتدبہ ذخیرہ جمع ہو گیا ہے - اور میرا خیال ہے کہ یہ ذخیرہ بطور مشتے از خروارے ہے - اور مزید تلاش سے اس سے بہت زیادہ مواد ملنا ممکن ہے ؛

اسوقت میں اُردو شعرا کی ایک فہرست اور ان کے کلام کے نمونے اور حتی الامکان ان کے حالات مختصراً پیش کرونگا - اور کبھی کبھی پروفیسر صاحب کی فروگذاشتوں (جن کے لئے اکثر صورتوں میں وہ ذمہ دار نہیں) کی طرف بھی اشارہ کرتا جاؤنگا ؎

"اپنا بیان حسن طبیعت نہیں مجھے"

"پنجاب میں اردو"[1] میں شیخ فریدالدین شکر گنج کی ایک پانچ شعر کی "ملمع" نظم دی ہے اور اس میں چوتھا شعر اس طرح درج ہے ؎

با تن تنہا چہ روی زیں زمیں
نیک عمل کن کہ وہی سات ہے

ایک قلمی بیاض میں اس نظم کے چھ شعر دستیاب ہوئے ہیں - جس میں چوتھا اس طرح ہے ؎

با تن تنہا چہ روی زیر خاک　　　پھر خداوند چہ سوغات ہے

اور پانچواں شعر یوں ہے ؎

ایں سفر دور و دراز است لیک　　　نیک عمل کن کہ وہی سات ہے

مگر میرے خیال میں یہاں بھی غلطی ہے - ان دو شعروں کو اس طرح پڑھنا چاہیئے ؎

---

[1] پنجاب میں اردو ص ۲۳۱ ؀

باتن تنہا چہ روی زیر خاک　　نیک عمل کن کہ وہی سات ہے

ایں سفر دور و دراز است ایک　　بہر خداوند چہ سوغات ہے

پروفیسر صاحب کے ہاں آخری شعر اسطرح ہے ؎

پند شکر گنج بدل جاں شنو　　ضائع مکن عمر کہ ہیہات ہے

مگر میرے بیاض میں اسکی صورت یہ ہے ؎

پند شکر گنج ز دل جاں شنو　　ضائع مکن عمر چلی جات ہے

اس طرح پروفیسر صاحب نے فرید الدین شکر گنج کے ایک ہم قرن اور ہم مشرب بزرگ شیخ جنید کے نام سے ایک ملمع منسوب کیا ہے[1]۔ جو ایک بیاض[2] (مرقومہ ۱۱۲۸ھ) میں شیخ فرید الدین کے نام پر بادنیٰ تغیرات درج ہے۔ اور وہاں مقطع اسطرح ہے ؎

فرید امروز آں باشد کہ اس سنسار سیں ناتھی

نہ بندد دل دریں دنیا کہ اس کرتار سوں کاتی (کذا)

پروفیسر صاحب کے ہاں یہ شعر مفقود ہے ؎

کجا رفتند آں یاراں کہ جن سوں چین تھا تیرا

چناں رفتند زیں خانہ لکا ہو گیا ہے پھیرا

رحمٰن

رحمٰن کا ایک ریختہ پروفیسر صاحب نے ص۲۶۷ پر درج کیا ہے۔ اس میں اس

---

[1] پنجاب میں اردو ص۲۳۴　　[2] بیاض مملوکہ مولوی غلام مصطفٰے صاحب وکیل لاہور۔ اسی بیاض میں امیر خسروؒ کا اردو (ہندی) دوہرہ دستیاب ہوا ہے ؎

چندجبیں اسمان سے جہاں شہ جبیں اسوار　　دیکھ خسرو خاک میں جا نہ نمک کے بار

ایک شعر کا اضافہ ہو سکتا ہے ؎

پڑا ہوں دردمندی میں برہ بن کے بیاباں میں
اگر تیغ دعا در کف یقیں لاؤں دہن لرزے	(بیاض یعقوب)

شاہ مراد

منشی طالب علی پابند قریشی ایڈیٹر رہنمائے تعلیم لاہور کے اجداد میں سے ہیں۔ قریشی صاحب نے ان کی مصنفات میں سے ایک بارہ ماسہ جو پنجابی اور ہندی میں ہے شائع کیا ہے اور اس میں شاہ مراد کے حالات بالتفصیل دیتے ہیں۔ قریشی صاحب کی طفیل سے وہ رسالہ میرے پاس پہنچ گیا تھا۔ مگر افسوس کہ اسوقت دستیاب نہیں ہو سکا۔

شاہ مراد پنجابی زبان کے مستند شعراء میں سے ہیں۔ میاں محمد صاحب سیف الملوک میں ان کی شاعری کے قائل اور مداح ہیں۔

میرے پاس ان کے پنجابی کلام میں سے دو تین متصوفانہ غزلیات موجود ہیں۔ انشاءاللہ کسی دوسرے موقع پر ان کے متعلق مزید اطلاع بہم پہنچا سکونگا۔

نعمت اللہ پارسا

"پنجاب میں اردو" ص۲۶۸ پر پروفیسر صاحب نے ان کی صرف ایک غزل دی ہے اور ان کے حالات وغیرہ کے متعلق وہ بالکل خاموش ہیں۔ ایک بیاض[1] میں علاوہ اس غزل کے جو پروفیسر صاحب نے نقل کی ہے۔ ان کی ایک "مناجات پیر دستگیر" بطور "سلام" ملی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سلسلۂ قادریہ بٹالویہ میں احمد شاہ بن محمد شاہ متوفی سنہ ۱۲۲۴ھ کے مرید تھے" مناجات بتمامہ یہاں درج کرتا ہوں ؎

[1] بیاض (محمد یعقوب)

اے صبا بغداد موں توں جا ادب سے کہ سلام ۔۔۔ شاہ اقطاب عُلا کوں جا ادب سے کہ سلام
اسم انکا اسم اعظم امر ان کا امر حق ۔۔۔ سرّ ذات کبریا کوں جا ادب سے کہ سلام
اختر برج شہادت خسروِ دونو جہاں ۔۔۔ ماہ جاناں پیشوا کوں جا ادب سے کہ سلام
مطلع آں نور اخفا مہبط سرّ الہ ۔۔۔ سر دبستاں اصفیا کوں جا ادب سے کہ سلام
گلبن باغ محمد ناز عدر مرتضےٰ ۔۔۔ شمع بزم اولیا کوں جا ادب سے کہ سلام
شاہ ولایت محی دین ماہ ہدایت رہنما ۔۔۔ منبع فیض خدا کوں جا ادب سے کہ سلام
قطب عالم غوث اعظم شان انکی حق کہا ۔۔۔ پیر عالم گیر ما کوں جا ادب سے کہ سلام
لاتخف اونیں کہا ہے با مریداں جہر سوں ۔۔۔ مالک روز جزا کوں جا ادب سے کہ سلام
مست عاشق لااُبالی وارث دلق نبی ۔۔۔ عالم علم خفا کوں جا ادب سے کہ سلام
تکیہ مارا در دو گیتی جز جناب غوث نیست ۔۔۔ آں حبیب اللہ علا کوں جا ادب سے کہ سلام
دستگیر بے کساں و قاضیٔ حاجات کل ۔۔۔ پردۂ عیبِ خطا کوں جا ادب سے کہ سلام
نام پاکش شاہ احمد پیر ما آل رسول ۔۔۔ پیر عالی اتقیا کوں جا ادب سے کہ سلام
دستگیرم شاہ احمد پیر ما شاہ جہاں ۔۔۔ واصل اللہ ذوالعطا کوں جا ادب سے کہ سلام
خاک پائے محی دیں ہے نعمت اللہ پارسا ۔۔۔ آں شہ مشکل کشا کوں جا ادب سے کہ سلام

پنجابی کے مصنّفین کا ذکر کرتے ہوئے پروفیسر صاحب لکھتے ہیں[1]:-

"خواجہ مسعود سعد سلمان کے بعد پنجابی کے پہلے شاعر شیخ فریدالدین مسعود متوفی ۶۶۴ھ ہیں اور سکھوں کا بیان ہے کہ وہ فریدالدین ابراہیم ہیں جو گورو نانک کے معاصر ہیں"۔

سکھوں کا یہ بیان دراصل ایک تاریخی اشکال کے حل کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہے ورنہ حقیقت یہی ہے کہ گرنتھ صاحب میں جو کلام "فرید" کے نام پر درج ہے۔ اس کے اکثر و بیشتر حصّے کے مصنّف خواجہ فریدالدین مسعود شکر گنج ہی ہیں۔ اس بات کے لئے ہمیں

[1] پنجاب میں اردو ص۳۴

دیکھنا پڑیگا کہ آیا خواجہ فریدالدینؒ کو شعر وسخن اورخصوصاً ہندی یا پنجابی شاعری سے کچھ لگاؤ تھا یا نہیں - میری اکثر کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ گاہے گاہے وہ فارسی میں شعر کہتے تھے - جواہر فریدی میں جو ان کے حالات و کرامات کا مفصل مجموعہ ہے لکھا ہے کہ ایک دفعہ ابتدا ریاضیات میں انہوں نے اپنی والدہ کے سامنے اثنائے کلام میں یہ شعر "ہندوی زبان" میں فرمایا ؎

فریدا دھر سولی سر پنجرے تلیاں تو کت کاگ
رب اجیون باہوڑے سو دھن اساڈے بھاگ

یہ شعر زبان وزن طرز ادا وغیرہ میں "فرید" کی "بانی" مندرجہ گرنتھ صاحب سے مماثلت تامہ رکھتا ہے - اسلئے یہ تسلیم کر لینا مشکل نہیں کہ فریدؒ اکثر اپنے نصائح کو کلام منظوم میں ادا کرتے ہونگے -

اب دیکھنا یہ ہے کہ فرید ثانی (ابراہیمؒ) کس طرح اس روایت میں شامل ہوئے مجھے پروفیسر ضیا محمد ایم - اے - ایم - او - ایل کے توسط سے "کلام فرید" کی ایک اردو شرح (مطابق آیات واحادیث) مصنفہ مشتاق (جو بقول خودش "علم فارسی عربی شاستری گورمکھی میں واقفیت رکھتا ہے") بنام "شلوک فرید" بصورت نسخہ قلمی دستیاب ہوئی ہے - اس کے دیباچے میں ان شلوکوں کی تدوین اور گرنتھ صاحب میں شمولیت کا حال لکھا ہے جسے ملخصاً درج ذیل کیا جاتا ہے" -

"جواہر فریدی میں لکھا ہے (لیکن تلاش کرنے پر مجھے نہیں مل سکا) کہ گورو نانک صاحب واسطے ملاقات جناب شیخ بہرام (ابراہیم) قدس سرہٗ جو اس زمانے میں سجادہ نشین جناب باباصاحب کے تھے - پاک پٹن تشریف لے گئے ..... (اور شیخ ابراہیم سے) عرض کیا کہ ہم نے ایک کتاب تعلیم ارشاد توحید ذات پاک ہندی میں تیار کی ہے جس میں اکثر موحدان

---

۱ جواہر فریدی (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۹۲

ہند کی کلام بھی درج ہے .... آپ براہ مہربانی جناب بابا صاحب کے ارواح مقدسہ سے اجازت لے دیں کہ آنجناب کے کلام مبارک بھی اس کتاب میں درج کی جاوے۔ چنانچہ بہرام صاحب قدس سرہٗ نے بمنشاء گورو نانک صاحب ارواح مقدس جناب بابا فرید صاحب سے اجازت لے دی۔ اسواسطے گورو نانک صاحب نے تمام شلوک ارشاد کردہ بابا فرید صاحب میں درج فرمائے۔ گورو نانک صاحب اور شیخ بہرام صاحب (جو کہ فرید ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے مشہور ہیں۔ جناب بابا صاحب کی گیارھویں پشت میں بعدہٗ ہوتے ہیں) ہر دو صاحبان موصوف ہم عصر ہیں اور جناب بابا فرید صاحب اول ساڑھے تین سو سال ان ہر دو صاحبان سے پیشتر ہوئے ہیں"۔

وہ اصحاب جو مکالمہ ارواح و کشف کے قائل نہیں یہ سمجھ لیں کہ بابا گورو نانک صاحب نے شیخ ابراہیمؒ سے بابا فریدؒ کا کلام لے کر اسے اپنی کتاب (گرنتھ صاحب) میں درج کرنے کی اجازت حاصل کی۔

مولانا غنیمت کنجاہی متوفی ۱۱۱۱ھ (یا ۱۱۱۲ھ) صرف فارسی کے شاعر اور ناثر مشہور ہیں۔ ان کی مثنوی "نیرنگ عشق" دیوان غنیمت اور انشاء غنیمت مشہور ہے۔ مگر یہ بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ مولینا پنجابی اور اردو میں بھی "شوق فرمایا کرتے تھے"۔ افسوس ہے کہ انکا اردو و پنجابی کلام زمانہ کی دستبرد سے ضائع ہو چکا ہے۔ صرف ایک فارسی رباعی محفوظ ہے۔ جس میں مولینا نے دو اردو جملے بھی استعمال کئے ہیں۔ وہ رباعی ایک قلمی بیاض[۵] سے نقل کرتا ہوں ؎

جو گئے داد دل بہ گلبدناں (کذا) رنگ اد ہمچو رنگ نافرماں
گفتمش "تیرا یار لالہ ہے" گفت باداغ دل کہ "بابو۔ ناں"

(بابونہ ایک پھول کا نام ہے)

۵؎ بیاض مملوکہ پروفیسر ضیا محمد

فدوی لاہوری

اس شاعر کے متعلق پروفیسر صاحب لکھتے ہیں " فارسی و ریختہ میں کامل تھے۔ ایران میں ایک عرصہ تک رہے ہیں۔ تجارت ذریعہ معاش تھا۔ احمد نگر فرخ آباد میں ایک عطار کی دکان پر مکان کرایہ پر لے رکھا تھا۔ عطار کی دکان پر آ بیٹھتے تھے۔ اور وہیں شعر کے چرچے رہتے تھے" الخ

اس کے بعد میر حسن کے تذکرے سے اقتباس دیکر فرماتے ہیں " لیکن اس کا کیا کیا جاوے کہ خود فدوی کے ہموطن اس کے حالات و کمالات سے بیخبر ہیں"۔ پروفیسر صاحب کو اسکی صرف ایک غزل مل سکی ہے جو انہیں بعد تلاش حاصل ہوئی ہے۔

فدوی کی زندگی کے حالات قریباً ہر تذکرے میں مختصراً مل سکتے ہیں۔ مگر مولوی کریم الدین نے اپنی کتاب طبقات الشعراء میں جو دراصل گارسن دی تاسی کی فرانسیسی کتاب " تاریخ ادبیاتِ ہند" کا اردو ترجمہ ہے۔ ذرا تفصیل سے کام لیا ہے مثلاً وہاں کہا ہے "

" یہ فدوی محمد حسین لاہوری شاگرد صابر علی شاہ المتخلص صابر کا تھا۔ واقع میں یہ ایک بنئے کا لڑکا تھا۔ ایک شخص مرزا ہی نے حالت غلامی میں اسکو تعلیم دلوائی۔ بعد ازاں وہ فدوی اپنے ملک کو چھوڑ کر فرخ آباد میں آیا۔ جہاں سودا سے اسکا مباحثہ ہوا۔ سودا نے ایک مخمس اس فدوی لاہوری کی ہجو میں لکھا ہے جو کلیات سودا میں مندرج ہے۔ اس فدوی کے بہت لوگ بہ سبب اس کے غرور اور نخوت کرنے کے دشمن ہوگئے تھے۔ وہ واقع میں شوریدہ پشت آدمی تھا۔ جب وہ لاہور سے آیا۔ اسوقت اسنے زبان ریختہ میں ایک قصہ بنام یوسف زلیخا تصنیف کیا۔ مگر میر فتح علی نے اسکی خوردہ گیری کری۔ اور ہجو میں ایک مثنوی بنام بوم و بقال تصنیف کی ہے۔ جس کا اول یہ ہے ؎

لہ پنجاب میں اردو صفحہ ۲۹۴-۹۵

یار و خدا ایک ہے دوسرا برحق نبی　　صورت لوح و قلم جسکے لئے خلق کی
راست ہی تک بولیو انکی ہے سوگند ہے　　آج زباں ہے کھلی کل کے تئیں بند ہے

جوکہ انتخاب دیوان سودا میں درمیان کاکلتہ کے سودا کی طرف اسکو منسوب کرکے اس کے دیوان میں غلطی سے چھپوادی ہے - کیونکہ سودا کی کہی ہوئی وہ مثنوی نہیں ہے - باوجود اس کے کہ اس مثنوی میں وہ آپ اقرار سودا کے استاد ہونے کا کرتا ہے - لیکن چھاپہ والوں نے اس میں کچھ تمیز نہیں کی ہے -

فدوی نے یوسف زلیخا بحکم نواب ضابطہ خاں کے لکھی تھی - جس کے پاس چند روز رہا تھا - نواب محمد یار خاں کے ملازموں میں بھی فدوی منسلک تھا - جیسا کہ اوپر بیان ہوا اس جائے محمد قائم اور مصحفی اور شعراء اس زمانے کے اس سے ملتے رہتے تھے - اس نواب کے گھر میں مشاعرہ ہوا کرتا تھا - چونکہ نواب بدخصلت تھا - اس واسطے چند روز کے بعد وہ مجلس موقوف ہوئی - پچاس برس کی عمر میں فدوی فوت ہوا - شاہ مبارک آبرو کا شاگرد تھا - درویشانہ روش رکھتا تھا - یہ ایک شعر اسکا ہے ؂

یار ہم سے جو سدا چیں بہ جبیں رہتا ہے
نہیں معلوم بلا کونسی پیش آنی ہے

یہی شعر آگے چل کر محمد محسن فدوی نام سے بھی منسوب کیا ہے - معلوم ہوتا ہے - کہ مصنف نے دونوں کے حالات کو گڈمڈ کر دیا ہے -

محمد محسن کے حالات یوں دئے ہیں :-

محمد محسن ولد میر غلام مصطفےٰ خاں سید حسینی ہے - مولد اسکا لاہور - سولہ برس کی عمر میں وہ دہلی کو آیا - شاہ مبارک آبرو کا شاگرد ہوا - علم ہیئت میں بھی مشہور تھا - اشعار اس کے قدما کے طور پر ہیں اس کے آبا و اجداد درویش تھے - اسنے بھی یہی پیشہ اختیار کیا تھا - ایک دیوان فدوی کا فورٹ ولیم کے کتب خانے

میں موجود ہے۔ معلوم نہیں اسکا ہے یا کسی اور کا۔ ۱۸۴۷ء میں موجود تھا۔ اس کے یہ شعر ہیں (یہاں وہ شعر بھی دیا ہے جو دوسری جگہ دوسرے فدوی سے منسوب کیا ہے)
(تذکرہ گارسن دی تاسی۔ مترجمہ مولوی کریم الدین)

گذشتہ سال مجھے ایک اُردو تذکرے کے کچھ اوراق قلمی دستیاب ہوئے تھے۔ جسکا نام معلوم نہیں ہو سکا۔ مگر اس کے حاشیے پر ایک جگہ کسی دوسرے شخص کے قلم سے یہ الفاظ ملتے ہیں " اس کتاب (کذا) کا نام دیوان عشق ہے"۔

بہرحال اس تذکرے کے چند اوراق جو مجھ تک پہنچے ہیں ان میں مصنف نے جو کچھ اپنے متعلق لکھا ہے وہ یہ ہے :۔

"مسرور تخلص شرف الدین احمد نام لکھنے والا اس بیاض کا۔ ہر چند اشعار کم عیار اس بے مقدار کے اس موافق نہیں کہ بیچ ذیل افکار سخناں عالی طبع کے لکھے جاویں۔ لیکن ہوس دامنگیر قلم کی ہوئی برعایت ردیف میم کے چند شعر اس جگہ مرقوم ہوتے ہیں۔ یہ عاصی لیاقت شعر گوئی کی کچھ نہیں رکھتا محض برکت صحبت صاحب طبعان اہل سخن کے کبھی کبھی سراسر پوچ اور واہیات موزون کرتا ہے۔ اہل ہنر یہی سمجھیں کہ جہاں گل ہیں وہاں خار بھی درکار ہے"۔

دوسری جگہ کہتا ہے " یہ عاصی ایک برس تک سہارنپور میں حضور بندگان عالی مسٹر رابرٹ کتکہاٹ صاحب بہادر اسسٹنٹ کلکٹر کے منشی گری کے عہدہ پر نوکر رہا"۔

اسکا والد غلام محی الدین عشق[2] مصنف تذکرۂ طبقات سخن (تصنیف عشق) ہے جس کے تفصیلی حالات سپرنگر کی فہرست کے صفحہ ۱۸۷ پر درج ہیں۔

مسرور[3] کی عمر بارہ سال کی تھی کہ اسنے باپ کے ضخیم دیوان کی تدوین میں بہت

---

[1] تذکرۂ نجات [2] گلشن بے خار بحوالہ سپرنگر صفحہ ۲۵۵ [3] سپرنگر ۱۸۷

مدد دی -

اس کے دادا نعمت اللہ نعمی بھی فارسی کے شاعر تھے - ان کے متعلق لکھتا ہے -

" دیوان فارسی اس جناب مرحوم کا بہ ضخامت تمام ہے - ریختہ پہ رغبت کم تھی سواءِ فکر شعر اور خوش نویسی خط نستعلیق اور شکستہ منثورات جناب مغفور کے کچھ ایسے ہیں کہ دیکھنے سے تعلق رکھتے ہیں - ۱۲۱۰ھ میں دار فانی سے رحلت فرمائی - تاریخ وفات یہ ہے :-

جستم از اہل عزا تاریخش | یک بروں جست و بگفتا اے واہ (کذا)
رفت از عالم ایدان نعمی | جعل الجنۃ ماوا منواہ"

مسرور نہ صرف فدوی کا معاصر تھا بلکہ اس کے والد اور فدوی میں " رابطہ دوستی کا بدرجہ تمام تھا " اس لئے اس کا بیان معتبر ترین شمار کیا جانا چاہئے - وہ لکھتا ہے :-

" فدوی ، مرزا فدائی بیگ نام لاہوری شاگرد شاہ صابر علی صابر تخلص کا ، سپاہی وضع ، خانہ جنگ تھا - اور بیچ سرکار ضابطہ خاں کے علاقہ روزگار کا رکھتا تھا - چنانچہ بموجب فرمائش نواب موصوف کے قصّہ یوسف زلیخا کا اسنے زبان ہندی میں بخوبی نظم کیا - مگر ناتمام رہ گیا - میاں مصحفی نے کہ اپنے تذکرہ میں بقال پسر اور غلام مغل لکھا ہے محض غلط ہے - مرزا سودا مرحوم جو اپنی عادت سے لاچار تھے اسکی ہجو کہی اور ہجو میں مذکور بقال اور بوم کا لکھا - میاں مصحفی نے بھی یہی دلیل پکڑکے اسکو بقال پسر قرار دیا - جناب حضرت قبلہ گاہی سے اسکو رابطہ دوستی کا بدرجہ تمام تھا - بلکہ جس وقت سکرتال میں ضابطہ خاں نے مرہٹہ سے شکست پائی یہ شخص کئی مہینے تک میرٹھ میں آکر غریب خانے پر ٹھہرا رہا - زبانی جناب ممدوح کے دریافت ہوا کہ قوم اسکی مغل برلچ تھی - اور حسب نسب میں اسکے کچھ خلل اور فرق نہ تھا - از بسکہ مزاج اس کا امرد پرستی پر راغب تھا - بریلی میں ایک افغان پسر پہ فریفتہ ہو کر رقیب کے ہاتھ تیغ بے دریغ سے شہید ہوا - کلام اسکا ہے

پرواز میں ہے زلف گرہ گیر ہوا پر ‌ ‌ ‌ اُڑتی ہے سدا کا فر بے پیر ہوا پر
قامت کو ترے دیکھ مصور نے با فسیں ‌ ‌ ‌ کھینچی قلم آہ سے تصویر ہوا پر
آتش نفسی تیشہ کا گھر کرتی ہے برپا ‌ ‌ ‌ مانند حباب اسکی ہے تعمیر ہوا پر
پرواز میں ہے یار تری زلف کی شوخی ‌ ‌ ‌ ہو نکہت گل سے نہ گلو گیر ہوا پر
وہ نقش مجھے یاد ہے حب کا کہ نخستیں ‌ ‌ ‌ کرتا ہوں پری کو بھی میں تسخیر ہوا پر
کیسی تو گھٹا اڈی ہے اسوقت میں واللہ ‌ ‌ ‌ ٹک کیجو نظر او بتِ کشمیر ہوا پر
آ پیویں شراب ایسے میں ہم تم کہ نہیں ہے ‌ ‌ ‌ اس ابر سیہ بخت کو تاخیر ہوا پر
قدوی کو ملی کان جواہر ہے جہوں ‌ ‌ ‌ چل پھینک ادھر نسخہ اکسیر ہوا پر

سب اہل زمیں پھرتے ہیں غمناک زمیں پر ‌ ‌ ‌ اوقات کوئی کاٹے گا کیا خاک زمیں پر
ہم زیر فلک یار سے نالاں ہیں شب و روز ‌ ‌ ‌ اک آفت جاں ہے وہ ستم ناک زمیں پر

بعد مرنے کے بھٹکتا ہوں تہ خاک ہنوز ‌ ‌ ‌ ساتھ پھرتی ہے مرے گردش افلاک ہنوز
کس کے پہلو کے ہلانے سے زمیں ہے جنباں ‌ ‌ ‌ کون بسمل سا تڑپتا ہے تہ خاک ہنوز

تمہاری چشم کے آگے ہرن چکارا ہو ‌ ‌ ‌ نہ ٹھیری دید میں ابرو کا جب اشارا ہو
نہ لاوے تاب ترے چہرۂ درخشاں پر ‌ ‌ ‌ اگرچہ یوسف مصری بھی آشکارا ہو
نظر پڑے ہمیں خورشید دُر کے حلقے میں ‌ ‌ ‌ تمہارے کان کے موتی پہ جب نظارا ہو
نہ ہووے پاس کوئی میکشی میں اے قدوی ‌ ‌ ‌ نشے کے وقت وہ دلبر ہو اور کنارا ہو

مانی تو کہاں لکھ سکے جا اسکے قدم لے ‌ ‌ ‌ تصویر لکھی چشم کی نرگس نے قلم لے

گرمی سے عرق ہو گیا چلتے ہوا اے اشک . . . . [1]

اس کے علاوہ مختلف بیاضوں سے فدوی کی اور تین غزلیں دستیاب ہوئی ہیں۔ یہاں درج کرتا ہوں :—

کیچے میں گرچہ یار کے جائے اماں بھی ہے | لیکن سنبھل کے جانا وہاں خوف جاں بھی ہے
دنیا کے کارگاہوں میں ہے عیش و غم رفیق | تنگی بھی ہے فراخی بھی ہے امتحاں بھی ہے
خوبی میں اپنے یار کی کیا کیا کروں بیاں | بانکا بھی ہے رنگیلا بھی ہے نوجواں بھی ہے
میں ترک صحبت اس گل رعنا کی کیوں کروں | مشفق بھی ہے رفیق بھی ہے مہرباں بھی ہے

فدوی تئیں بلا کے دلاؤ زکوٰۃ حسن
مفلس بھی ہے غریب بھی ہے ناتواں بھی ہے

غزل

جب شوخ اپنے گھر سے مست شراب نکلے | تب دل جلوں کے دل سے بوئے کباب نکلے
یا آ ملے وہ خوباں یا دل انہوں سے چھوٹے | یا جان عاشقوں کے تن سے شتاب نکلے
مکھڑے سے جب اٹھاؤ تم شال ارغوانی | ڈوبا ہوا شفق سے پھر آفتاب نکلے
یارو میں معتقد ہوں حقے کی خاصیت کا | ہرگز نہ بن بلائے اس سے جواب نکلے
بے طرح لگ رہا ہے یہ دل بغل میں دشمن | پہلو سے یا الٰہی تا نہ خراب نکلے

یہ خاکسار فدوی جس وقت جاں کنی ہوں
مرتے ہوئے زباں سیں یا بو تراب نکلے

اس دل سے راز عشق کا پایا نہ جائیگا | پردے موں آفتاب چھپایا نہ جائے گا

---

[1] اس کے آگے کا ورق گم ہے [2] بیاض مملوکہ قاضی فضل حسین [3] بیاض مملوکہ خودم

یا تنگ میں روسیاہ ہوں کہ مولا کو روز حشر شرمندگی سے منہ کو دکھایا نہ جائے گا
شبنم عبث تو کرتی ہے رو رو کے شست و شو لالہ کے دل کا داغ مٹایا نہ جائے گا
ہر چند کے بھر و نگا گریباں کے اپنے چاک دامن کو تیرے ہاتھ لگایا نہ جائے گا
فدوی خدانخواستہ روکے اگر وہ شوخ
ہے بے دماغ تجھ سے ستایا نہ جائے گا

اب میں ان پنجابی 'اردو نویسوں' کا تعارف کرانا چاہتا ہوں جن کے حالات اور کلام تک بوجہ قلت مواد پروفیسر صاحب کی دسترس نہیں ہو سکی۔

بارھویں صدی ہجری میں پنجاب میں اُردو کی اشاعت کے سلسلے میں ایک نئی تحریک شروع ہوتی ہے جسے پروفیسر صاحب کی اصطلاح میں " بٹالہ کی تحریک " کہا جاسکتا ہے اس تحریک کے روح رواں شیخ ابوالفرح محمد فاضل الدین بٹالوی ہیں جو اپنے عہد کے مقتدر شیوخ میں سے تھے اور جو بہت حد تک پنجاب میں سلسلۂ قادریہ کی ترویج و اشاعت کے ذمہ وار ہیں۔ شیخ فاضل الدین " شیخ محمد افضل لاہوری کے مرید تھے " اور پروفیسر صاحب نے ان کا ذکر محض اس روحانی نسبت کی وجہ سے ہی کیا ہے۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ شیخ محمد افضل کی شخصیت نے ادبیات پنجاب پر بھی خاص اثر ڈالا ہے۔ وہ خود شاعر تھے۔ اور شیخ فاضل الدین اور ان کے متبعین جو اس " تحریک بٹالہ " کے روح رواں ہیں۔ شاعری میں محض اپنے مرشد بزرگوار کی سنت کی پیروی کر رہے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ کہنا بیجا نہ ہوگا کہ اس 'تحریک' کے بانی مبانی دراصل شیخ محمد افضل ہیں نہ کہ ان کے مرید شیخ فاضل الدین۔

عزیزی چوہدری محمد یعقوب سلمہ کی وساطت سے مجھے ایک ضخیم بیاض دستیاب ہوئی ہے جس میں سلسلۂ قادریہ 'بٹالویہ' کے اکثر مشائخ اور ان کے متوسلین کا فارسی' اردو اور پنجابی کلام بالالتزام دیا گیا ہے اور ہمارے موضوع کے لحاظ سے بہت دلچسپ ہے۔

چنانچہ شیخ محمد افضل کی یہ نظم وہیں سے ماخوذ ہے ؎

اے شاہ شاہاں پیرمن لیبنی خبر نامرد کی — کرنا توجہ از کرم پاؤں خلاصی درد کی
دن رین تجھ بن زار ہوں بیکس پریشاں خوار ہوں — قربان تیرے نام پہ سنی حقیقت فرد کی
پنکھی اکیلا میں پھنسا تھر تھر تڑپتا ہے جیا — اس ہاتھ بیری کٹھن کے دیکھی جو تیزی گرد کی (۹)
پھانسی پھنسا ہوں سخت تر اس وقت پر کرنا کرم — مشکل کشا ہو جلد تر پھانسی کٹو اس درد کی
وچ قعر دریا ورد کے بیکل ہویا ہوں رین دن — یا غوث اعظم محی دیں زاری سنوں اس مرد کی
چوپٹ پڑا ہوں گرد میں جگ سے چھٹا ہوں اکیلا — تجھ بن نہ کوئی پاس ہے تک سارے اس فرد کی
حریف وہ بد مست ہے چاہتا ہے بازی چھین لے — چوسنگ پڑا ہوں غم ستی کرنی مدد رنگ زرد کی
بہتی گئی اور ک ہوئی اب تین پڑا ہوں پاؤں پہ — کر کر تصدق پاؤں کا بازی ہر و نامرد کی
تجھ بن نہ کوئی ہے میرا اے شاہ شاہاں دستگیر — کر کر نظر اک مہر کی فریاد سن دم سرد کی
محجوب ہو گوشہ پڑا ان پر نہ پردا پاک ہے — پردہ ایمان بخشو مجھے حرمت نہیں بے پرد کی
تم شہ غریب نواز ہو بر سروراں سرتاج ہو — بینتی سنوں اے بادشاہ افضل مسافر مرد کی

اب میں اس بیاض میں سے اور دیگر ذرائع سے ان بزرگوں کا مزید کلام دیتا ہوں ۔ جنکا ذکر پروفیسر صاحب کی کتاب میں آچکا ہے کہ ایک تو کلام محفوظ ہو جاوے دوسرے ادبیات پنجاب کے آئندہ تنقید کرنے والوں کے لئے مواد جمع ہو سکے ۔ اس کے بعد میں ان بزرگوں کا ذکر کروں گا جن کے حالات اور کلام تک پروفیسر صاحب کی رسائی نہیں ہو سکی ۔

شیخ ابوالفرح محمد فاضل الدین بٹالوی متوفی ۱۱۵۱ھ

کرم کر کر ہمن حق نے عجائب لکھ دکھایا ہے — کہ برکت مصطفےٰ کی سوں عجب روشن سوایا ہے

ط پنجاب میں اُردو ص ۲۴۲

ہوئے نائب عجائب (اور) پلایا دیں (دو) ایماں کوں پیارا نام محی الدین ہمن حق نے بتایا ہے
"سقانی الحب" سیں دیکھو ہوا ہے جان (و) دل روشن تمامی بزم مستی کوں پیالے لے پلایا ہے
"مریدی لاتخف" کہ کے دوا یا ہے مریدوں کوں "ہویا محفوظ دنیا دیں تمہارا" جس کہایا ہے
"طبولی" کی طبل باجے علم اسرار سوں چھاجے طریقت شرع سوں کاجی سبھی ملک نوایا ہے (کذا)
"عزدم قاتل" کہ کر کفر مارا ہے غیرت سوں علی کی انجمن کا نور اس مکھ پر سوایا ہے

تمہارا نام لے کر جیو خلایق فیض پاوے ہے
کہے فاضل کرم حق سوں عجائب پیر پایا ہے

پروفیسر صاحب نے جو عربی آمیز اردو مناجات "پنجاب میں اردو" کے صفحہ ۲۴۳ پر درج کی ہے اس میں اس شعر کا اضافہ ہو سکتا ہے جو بیاض محولہ سے نقل کرتا ہوں ؎

آ بیٹھے دیکھنے عشق کوں صرتا عموماً فی العموم
کیسی بنی کیسی پڑی انظر بحالی یا نبی

یہ مناجات مخمس بھی شاہ فاضل الدین صاحب کی یادگار ہے ؎

جا صبا بغداد موں میری طرف سے عرض کر مردہ ام زار م خدا را بر من عاجز نگر
گرچہ ہوں یا پیر خدمت سوں مقصر سربسر پر تمہارا نام رکھتا ہوں میں اپنے سر اپر
یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

قبلۂ کونین ہو (اور) کعبۂ دارین تم مرتضےٰ کے لاڈلے زہرا کے نور العین تم
سرو باغ انما کے گلبن حسنین تم یہ تعجب کام میرا چھوڑ دہو مابین تم
یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

لہ قصیدہ غوثیہ کے مطلع ؎ سقانی الحب کاسات الوصال ۔ فقلت لخمرتی نحوی تعال کی طرف اشارہ ہے ۔

تم نبی کے لاڈلے ہو مرتضےٰ کے تم ہو لال — حضرت حسنین کے ہو تم چمن کے نونہال
جاں بلب ہو کر میں کہتا ورنہ میری کیا مجال — تم سا میرا پیر ہو پھر کیوں مصیبت ہو محال

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

دین و دنیا کے ہو والی دو جہاں کے بادشاہ — واقفِ سرِ حقیقت کاشفِ سرِ اللہ
ٹک تو میرے حال پر کرنی سبیل اللہ نگاہ — اے میرے غمخوار (و) مونس اے مرے پشت و پناہ

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

بادشاہا (کذا) غم نے لیا عیش کا گھر بار لوٹ — دکھ کا دعویٰ ہو گیا دل پر مسلم اور ثبوت
کھلکے اپنے آپ کو بیٹھا ہوں مانند عنکبوت (کذا) — یا بدن سے جان نکلے یا ہووے دلکو سکوت

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

غم کی قینچی کترتی ہے صفحۂ دل کے ورق — عیش کا خورشید ڈوبا دیکھے حسرت کے شفق
درد کا استاد دیتا دل ہمارے کوں سبق — اس لئے پیتا ہوں بھر بھر خون اپنے کے طبق

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

شیشۂ دل میرے کوں غم نے کیا ہے پس شکست — چور ہو یا درد میں اب جگر میرا لخت لخت
ہو رہا ہے تن میرا یکبار مجنوں کی صفت — اے میرے والی عجب مشکل بنی ہے مجھ کوں سخت

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

ہوں اگرچہ مو بمو اندر گناہوں میں غریق — تم سحاب لطف سوں ہے لیک امید عمیق
اب نہیں کھ موں میرا تجھ بن کوئی ہر گز رفیق — تجھ کوں اپنا مدعا کہتا ہوں اے میرے شفیق

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

تم دوا ہر مرض کے دارو ہو تم ہر درد کے — ہم تیرے بیمار ہیں محتاج ماء الورد کے
پہونچ سکتا کو نہیں رتبہ تماری گرد کے — شکر حق دامن لگے ہیں ہم تو ایسے مرد کے

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

آ گیا افلاس نے ایسا ہے مجھ کوں تنگدست	ہے زباں عاری کروں ظاہر جو اپنی سرگذشت
لشکر امراض نے دیہی صحت کوں شکست دکنا	تاں رہا آپس میں اعضاو مبرپو کا بندوبست

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

ہوں نپٹ عاجز میرے او پر کرم ہے کن کہم	تجھ بنا کسکا ہے یا محبوب سبحانی علم
تجھ بنا کس کا ہے کاندھے اولیا اوپر قدم	اے شہ عالی نسب اے مظہر نور قدم

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

کب تلک ایسا رہوں حرص و ہوا میں میں اسیر	پاؤں میں شیطان نیں غفلت کی ڈالی ہے زنجیر
یہ تعجب ہے کہ میرا تم سا کامل ہووے پیر	پھر کرے یہ نفس سرکش اسقدر مجکوں زہیر

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

گرچہ گستاخی ہے تجھ میں مجھ کوں کرنی قیل و قال	مرچکا یا پیر مجھ کوں ٹک دکھا اپنا جمال
آرزو رکھتا ہوں میں پھر پھر لے یہ سوال	کب تلک جلتا رہوں آخر کبھی ہووے وصال

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

قطب عالم غوث اعظم رہبر دنیا و دیں	دستگیر بیکسان و جرم بخش مذنبین
اے شہ کون و مکاں اے شہ شاہان زمین (کذا)	تم جناب پاک ہو کہتا ہوں میں کر کے یقیں

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

اے نفس بس کر نکر توں اب لیری استقدر	ہو چکی برباد آگے ہرزہ گوئی سربسر
اب کرینگے حال پر تیرے وہی اکدن نظر	چھوڑ کر سب بات کوں یہ مصرع اپنا ورد کر

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

نفس اور شیطان مجکوں رات دن کرتا خراب	حرص کی آتش میں جل جل کر ہوا ہوں میں کباب
میں تمہارا ہوں خبر میری تمہیں لینا شتاب	راہ عصیاں کا بھلا کر راہ دکھلا ہو صواب

یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

دردِ فاضلؔ میں بتایا مح کہ کر دلپذیر　　دور کر ہو غم میرے کوں تم ہو میرے دستگیر
تم کروگے مخلصی میرے بروز دار وگیر　　ہے مجھے تجہ ذات عالی پر امید بس کبیر
یا محی الدین تم بن کون لے میری خبر

ولہ

ہویا جب محی دیں کا توں مبارک ہو مبارک ہو　　ہویا فارغ توں دوزخ سوں مبارک ہو مبارک ہو
مبارک نام سے جب عشق دل (اور) جان کا لاگا　　ہویا مقبول دو جگ کا " " " "
کرم اسرار پاویگا عنایت محی دیں کے سوں　　تیرے جب پیر وہ شہ ہیں " " " "
محمد کی نیابت جب تمہیں بخشی ہے اللہ نے　　فرشتے انس و جن کہتے " " " "
ہوئے شادی ہے ہر گھر موں تمہارا نام جب سنیاں　　بدہائی نور سوں مانی " " " "
چڑہا جب چاند احمد کا نیابت محی دیں کی سوں　　ارے لوگو کہو دل سوں " " " "
کفر ٹوٹا امن جاگا ہویا ہر سو مسلم دین　　ہوئے ہیں شاہ محی الدین " " " "
تمامی دین دنیا میں ہویا ہے نام وہ روشن　　مسلم دین و دنیا موں " " " "
کرم حق اور محمد کا ہویا ہے محی الدین پر جب　　کرو تم یاد محی الدیں " " " "
نہیں ہے جاں میری پر سوا اس محی دین کوں　　تمامی جگ کہو مجکوں " " " "
ہویا فاضلؔ تمہارے نام سے محفوظ دائم جیو　　ندا اس ہر طرف سوں ہے " " " "

ولہ

دیکھو لوگو سبھی جگ پر محمد ہے محمد ہے　　سرو سر تاج وہ سرور محمد ہے محمد ہے
امیر دریا و سبھ دھرتی کرم سیں خود نوازی ہیں　　اٹھا پلکاں دیکھو بہتر محمد ہے محمد ہے
تمامی اولیا مومن پکاریں دین و دنیا موں　　ہمارے بخت کا اختر محمد ہے محمد ہے
نوازش خلق نے پائی ہویا جب چاند وہ روشن　　ارے لوگو دکھو پرگٹ محمد ہے محمد ہے
دکھو خورشید سب تارے سبھی وہ انبیا مرسل　　کہے دلسوں صفا انور محمد ہے محمد ہے

عرش اور فرش پر دیکھو جو محبوب رب کا ہے — تمامی دین دنیا موں محمد ہے محمد ہے
تمامی ورق ہستی ہی پڑھے ہیں جان دل سوں ہیں — خدا کے ستر کا دفتر محمد ہے محمد ہے
اٹھا پلکاں دیکھو دل موں نہیں جز مصطفےٰ کوئی — ابو بکر و عمر عثماں محمد ہے محمد ہے
ملائک جن سبھی کہتے مبارک نام ہے پایا — علی اور فاطمہ زہرا محمد ہے محمد ہے
شریعت فیض سوں کاجی طریقت معرفت چھاجی — حقیقت حق سبھی گھر گھر محمد ہے محمد ہے
تمامی دین صاحب سوں ہویا جب جا پذ روشن جگ — کرم اپنا دھنے دھنپت محمد ہے محمد ہے
ہویا ہے جان و تن میرا ستارا نور روشن کا — گئی ظلمات جاں سوں سب محمد ہے محمد ہے
لگی ہے عشق کی برچھی کہوں ہیں خلق سوں ظاہر — ارے لوگو دکھو ہر جا محمد ہے محمد ہے
احد احمد تہیں دیکھو کرم سیں جب نوازا ہے — خدا کے فیض کا مظہر محمد ہے محمد ہے
حسین الحسن زین العابدین دیکھو مبارک نام — منور نور سب بہتر محمد ہے محمد ہے

نوازو فضل کر اپنا طفیل شاہ محی الدین
کہے فاضل لکھو دل پر محمد ہے محمد ہے

ولہ

کہو اے قاصد جائے کر سینہ میرا ہے جل پڑا — بوجھا تھا میں نے سہل یہ عشق آتش گل پڑا
اس عشق سوں جل بل گیا یہ صبر اور سبھ عقل جب — جا کر کہو پیو سوں لوکو غم جان و تن جل تھل پڑا
یہ بھوکھ اور سونا گیا سبھ سوکھ گیا لکھ سوکھ لگا — آ کر دکھا او مکھ پیا ہیں جان سوں تل مل پڑا
اُڈری پر ہوا جا نگر نامہ پڑھا محبوب کوں — یہ درد و غم سبھ دیکھ لے اس زار کی گل گل سنا
مرتا ہوں غم سیں لے پیا دارو مرا لب سیں کہو — جب خاک سیں ملکر پڑوں دکھتا تب بھی کہو جل بل گیا
جب خاک ہو یہ تن مرا اُڈے گا قطرہ قطرہ ہو — لگ کر تمہارے پاؤں سے آکھوں پیا بل بل گیا
عشرت گئی فرقت بھئی اس جان کو کیسی بنی — پیو کو ملاؤ کب دھنی یہ جیوڑا دل مل پڑا

مجہ کوں نہیں ہے جیوناں تم سیں جو ادیکھا پیا — اس نام اپنے سے شہا وہ آ مجھے پل پل دکھا
تم محی دین ہو پاک خو تم نیں جلایا دین کوں — فاضل تمہارے نام سیں دائم کہے بل بل گیا

حضرت غلام قادر شاہ[1] متوفی ۱۱۷۶ھ

ان کا پنجابی کلام بکثرت دستیاب ہوا ہے پروفیسر صاحب نے حضرت غلام قادر شاہ کی "جو نعتیہ غزل" دی ہے[2] وہ دراصل انتخاب ہے اور اس میں سے مفصلہ ذیل شعر مفقود ہیں ؎

کہیں اسم صفت موں ساتر ہے کہیں اسم صفت میں ظاہر ہے
کہیں بھیتر ہے کہیں باہر ہے سبھ دیکھو نور محمد کا

وہ غیب سوں آ اعیان ہویا پھر علموں جا نہان ہویا
پھر عین موں آ اکوان ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں روح مثال کہایا ہے کہیں جسم موں جا سمایا ہے
کہیں حسن و جمال دکھایا ہے سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں آدم ہو مشہود ہویا منظور ہویا مسجود ہویا
کہیں ہو کر نوح نمود ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں ابراہیم خلیل ہویا سبھ جگ کا آپ دلیل ہویا
کہیں صادق اسماعیل ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں یوسف ہو محبوب ہویا کہیں عاشق ہو یعقوب ہویا
کہیں صابر ہو ایوب ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

---

[1] پنجاب میں اردو صفحہ ۲۵۰،
[2] " " " صفحہ ۲۵۳،

کہیں موسےؑ ہو کلیم ہویا سُن راز قدیم علیم ہویا
کہیں موسےؑ ہو کلیم ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں ارنی کہ مخمور ہویا کہیں نور ہویا کہیں طور ہویا
پھر جل کہ چکنا چور ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں آپ حبیب رسول ہویا کہیں اسد اللہ مقبول ہویا
کہیں حسن حسین بتول ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں اوّل ہے کہیں آخر ہے کہیں باطن ہے کہیں ظاہر ہے
کہیں سید عبدالقادر ہے سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں سالک کہیں مجذوب کہیں کہیں عارف کہیں محبوب کہیں
کہیں طالب کہیں مطلوب کہیں سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں زاہد مومن کہتے ہیں کہیں شیخ برہمن کہتے ہیں
کہیں منیا وشمن کہتے ہیں سبھ دیکھو نور محمد کا

کہیں درد کہیں درمان ہویا کہیں وصل کہیں ہجران ہویا
کہیں جنت کہیں میزان ہویا سبھ دیکھو نور محمد کا

جن راز حقیقت بوجھا ہے سبہ جان پہچان کے سوجھا ہے
وہ آپ ہی آپ نہ دوجا ہے سبھ دیکھو نور محمدؐ کا

اس کے علاوہ منقبت جناب غوث الاعظم میں پانچ چھ نظمیں ملتی ہیں۔ میں صرف ذیل کی غزلوں پر اکتفا کرتا ہوں ؎

پیا جن مکھ ترا دیکھا اسے پھر کیا دکھانا ہے
چکھا جن رس تیرے لب کا اسے پھر کیا چکھانا ہے

ہوا ہے دل مرا کولا برہ کی آگ کے بھیتر

ایسی جرتی انگاری کوں کہو اب کیا جرانا ہے
نہ عاقل ہوں نہ دیوانہ نہ محرم ہوں نہ بیگانہ
ایسے بیہوش بے خود کوں کہو پر کیا بتانا ہے
جدائی سے جرے عالم، جروں ہیں روبرو ہردم
ایسے مجنوں دیوانہ کوں کہو پھر کیا ستانا ہے
گرا کر شیشۂ دلکوں لگے جور و جفا کرنے
خدا سے ٹک ڈرو ظالم گرے کوں کیا گرانا ہے
پھڑکتا ہوں قفس بھیتر ہیں روں جگ مجھے ہستا
کبھو دیکھو تبسم کر ہسے کوں کیا ہسانا ہے
پیا کا درس جن پایا ہویا نادان نہ جانے کچھ
لیا جن سبق وحدت کا اسے کیا پھر پڑھانا ہے
فنا کے بحر قلزم موں پڑا یہ دل گیا گزرا
نہ جاگے روز محشر کے اسے پھر کیا جگانا ہے
پیا جن جام وحدت کا نہ راکھے خوف سولی کا
انا الحق جب ہویا الحق اوسے پھر کیا ڈرانا ہے
سنوں ہر جا سخن تیرا دیکھوں سبھ موں رخن تیرا
ترا ہوں میں سجن تیرا مجھے پھر کیا لبھانا ہے
غلام شاہ فاضل کا کہے دل سوں سنو یارو
دکھایں شاہ محی الدیں مجھے پھر کیا دکھانا ہے

ولہ

کیا مجہ عشق نے زخمیں کلیجے تیر مارا ہے مجے لیجا کرو دارو جہاں وہ پیو پیارا ہے

ؔ اس غزل میں تخلص موجود نہیں مگر عنوان پر "حضرت غلام قادر شاہ" لکھا ہے۔

کیا مجہ درد بے درماں لگا مجہ عشق کا برما   نہ باہر سکھ نہ مجہ گھر ماں ایسی دکھ سوں سوارا ہے
لگائی برہ نے کاری پھروں میں درد کی ماری   حقیقت جا کہو ساری تمناں نے مجہ کو مارا ہے
لکھوں جو پیو کوں پاتی جروں جیوں دیو کی باتی   نہ بیرے درد کا ساتھی تمہارے سوں پکارا ہے
رکت کی انسواں رو واں برہ کے بیچ ہی بو واں   پیا بن رین کیوں سو واں جنہاں پہ جیو وارا ہے
شہاں کے وارنے جاؤں پیا کا درس جب پاؤں   شب و روز پیو کوں گاؤں جو ہر دم جپ ہمارا ہے
چلی ہے چشم پرنم سوں گئے مرجھائے ہم غم سوں   نہ پوچھی بات تم ہم سوں جو کوئی بھی ہمارا ہے

اس سلسلے میں یہ بیان کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ شیخ فاضل شاہ کے دوسرے بیٹے شیخ غلام غوث بھی شاعر تھے۔ ان کا اردو اور پنجابی کلام نہیں مل سکا۔ فارسی کی چھ سات غزلیں اسی تخلص (یعنی غلام) سے بیاض میں موجود ہیں۔

شیخ نصیر الحق نصیرا

ان کا کلام زیادہ تر ہندی اور پنجابی میں ملا ہے۔ اردو میں صرف ایک مثنوی کا انتخاب دیتا ہوں لہ

دھن دھن بھاگ اس نار کے جو شوہ من بھاوے   سو وے لاگل پیو کوں سکھ رین بہاوے
جے سو روپ کروپ ہے اور اوگنہاری   جب من بھاوے پیو کے ہے سندر ناری
دیکھ ہمارے بھاگ کوں رو میری مائی   کبہو نہ ہس کے گل کہی نہ لے گل لائی
ناگن روپ نہ مال ہے اور آد کمینی   کس بدھ پاووں لال کوں میں کرتا ہینی
ہم سی نار کچیل کوں کیا آدر ہووے   ایسا سندر سوہنا کب لاگل سووے
پیو گن ونتا بہت ہے ہم اوگنہاری   چتن پیارے لال کے کوئی موہ لے ڈاری
ایک نہ گن موہ ہوئیا سبھ اوگن کینے   کیا گنہ لے کر جاملوں اوس شہ رنگ ہینے
ایک بچھوڑا پیو کا اور گن ناں کوئی   دیکھ میں اپنے حال کوں بھر آنسو روئی

لہ پنجاب میں اردو

روتے روتے اے سکھی موہ سدھ بدھ چھوٹی
نین ہمارے یوں چلے جیوں گاگر پھوٹی

تڑپھت تڑپھت میں مروں اے پیؤ گھر آؤ
میں بلہاری اے پیا آ درس دکھاؤ

یہی پورانی میں سکھی میرا لال رنگیلا
کس بدھ مجہ کوں آملے کچھ کر یو حیلا

رات اندھاری پیؤ بنا ہو ناگن آئی
پل پل موہ کو آ ڈسے سن میری مائی

کہاں بہیو تم لال جیو میں بل بل جاؤں
آگ لگے اس جیونے جو درس نپاؤں

موہ اکیلی چھوڑ کر تم کہاں سدھائے
آون آون کہ گئے پھر آپ نہ آئے

دیکھ میں سونجی سیج کو نین بھر بھر روئی
سولاں پر کا سونا ہائے کیسی ہوئی

رین گئی سبھ دوکھ موں اب بھور وں آئی
جلتی جلتی اے سکھی موہ رین بہائی

جو کچھ ہم پر آبنی کس رو بتاؤں
پیتم جانے جان ہے اور کسے سناؤں

اے نصیرا پیر کی تم آسا دھارو
بل بل واری پیر کے تم رو پکارو

اب میں ان شعراء کا ذکر کروں گا۔ جنہوں نے اپنے مرشدوں کے تتبع میں اردو میں طبع آزمائیاں کیں۔

امامی

میاں امام بخش نام، قادری نسبت اور ابوالفرح سید فاضل شاہ بٹالوی کا مرید تھا۔ یہ مخمس بطور مناجات دستیاب ہوا ہے۔ کلام میں فارسی ترکیبیں عام ہیں[1]

اے صبا بغداد موں میری طرف سوں کر گذر
در جناب پیر پیراں با ادب سوں عرض کر

کاے شہ ہر دو جہاں بر بندۂ خود یک نظر
ہے بڑا دربار موں تیرے خراب و بے ہنر

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

---

[1] بیاض یعقوب

حق سے آتا ہے تجھے ہر روز لبیک سلام　　مصطفےٰ ابھی مرحبا کہتے ہیں تجکوں صبح و شام
کام بخشی سوں تیرے عالم ہوا ہے شاد کام　　تجہ نگاہ فیض ہی کا منتظر ہے یہ غلام

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

دستگیر عالم کے ہو تم قبلۂ حاجات تم　　نور چشم اہل بیت و سید السادات تم
حل ہر مشکل کے ہو تم دافع آفات تم　　مجہ عاجز او ہیں کاہر گز نچھوڑ و یو ہاتھ تم

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

پیر جیو تم بن نہیں کوئی ہماری تکیہ گاہ　　حرص و ہوا و نفس ہیں ہوا ہوں بس خوار و تباہ
غرق ہوں دریائے عصیاں ہوں سراسر پر گناہ　　لطف اپنے سوں کرم ٹک بر غلام بارگاہ

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

جب عنایت حق کی ہوئی ہمنے پایا تم سا پیر　　بھاگ جاگے فضل حق سوں واہ طالع بینظیر
شکر حق ہے تجھ سے اپنے پیر پایا دلپذیر　　اب تو کچھ چنتا نہیں خاوند ہے میرا دستگیر

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

واہ واہ دونو جگت محبوب ایزد پاک کے　　فرزند خاص الخاص ہو تم صاحب لولاک کے
سبہ اولیا روے زمیں قرباں تمہاری خاک کے　　اپنے کرم سے سوں راس کر سبھ کام اس غمناک کے

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

سبھ لاج ہے میری تجھے پا نو لگے کا ہے شرم　　پردہ میرے کوں ڈھانپنا دو نو جہاں آے محترم
عسرت سیں پہونچی جا بلب یا پیر جی کر نا کرم　　مرتا ہوں از رنج و الم ڈوبا ہوں در دریائے غم

یا محی دیں بہر خدا اس زار کی لینا خبر

ناظمی

سجادہ نشینان بٹالہ کے مریدیں میں سے تھا۔ شاہ نصیر الحق نصیرا کا ہمعصر معلوم ہوتا

ہے۔ ایک غزل دستیاب ہوئی ہے۔ درج ذیل ہے ؎

نہیں سمجھا یونہی اب لگ کچھو پیارے مرم تیرا ۔۔۔ جلا مجھ راکھ کر ڈالا عجب دیکھا دھرم تیرا
تنک سی بات پر پیتم ہمن سے روٹھ کر بیٹھے ۔۔۔ بہت باتاں رکھا تائیں آپس ملیں بھرم تیرا
تنک سی بات پر چھوڑا گیا سارا خراب ہو کر ۔۔۔ نچاتا کچھ میرے تن سوں جو ہوتا ٹک دھرم تیرا
پگوں میں پیار کی بیڑی ہتھوں میں ہتھکڑی ہٹ کی ۔۔۔ سجن اب چھوٹنا مشکل گلے پھانسی کرم تیرا

دعا گو ناظمی تیرا یہ ہے مانگے سدا نسدن
کہ یہ بازار خوبی کا رہے یا رب گرم تیرا

حیات

شاہ ابوالفرج فاضل شاہ بٹالوی کا مرید اور معاصر تھا۔ ایک یہ نظم اس سے منسوب ہے۔ اردو پر ہندی رنگ غالب ہے ؎

پیا بن نینوں نیند نہ آوے ۔۔۔ پیا پیا کرتی رین وہاوے ۔۔۔ اللہ ۔۔۔ اللہ
اس دوکھ پیا کے کچھو نہ سوجھے ۔۔۔ آگ برہ کی کیونکر بوجھے ۔۔۔ " ۔۔۔ "
یہ دوکھ پیا کا کوؤ نہ جانے ۔۔۔ جس تن لاگے سوئی جانے ۔۔۔ " ۔۔۔ "
سکھی سہیلی پوچھیں آئے ۔۔۔ کیا تری من بیدن بھائی ۔۔۔ " ۔۔۔ "
آگ برہن نے بھر اک لگائی ۔۔۔ آیہ میرے من بیدن بھائی ۔۔۔ " ۔۔۔ "
جس کو آگ برہ کی لاگے ۔۔۔ ہووے پتنگا کیونکر بھاگے ۔۔۔ " ۔۔۔ "
جس کو صورت برہ کی ہوئے ۔۔۔ جیو اپنے سے ہتھ دھووے ۔۔۔ " ۔۔۔ "
کہت حیات سہیلا سوئی ۔۔۔ درس پیا کے پاوے وہی ۔۔۔ " ۔۔۔ "

؎ (بیاض محمد یعقوب)

علیم

یہ بھی شیوخ بٹالہ کے مریدین میں سے ہے ۱۲۰۲ھ میں زندہ تھا۔ اس غزل کا مصنف
ہے ؎

عشق میں کیوں جا پھنسا دل ہائے دل افسوس دل   آگ سوزاں میں جلا دل ہائے دل افسوس دل
کہ دیا تھا سخت ہے زنجیر زلفوں میں نہ پھنس   کیوں دیوانہ ہو گیا دل ہائے دل افسوس دل
طرۂ پیچاں کا کھا کر زخم کیوں جیتا رہے   سانپ کالے نے ڈسا دل ہائے دل افسوس دل
کیوں لگا شیریں لبوں کا جان کھنے کو عبث   زہر پیالہ کیوں پیا دل ہائے دل افسوس دل
عشق کے دریا کا یہ دل کب شناور تھا علیم
غرق ہو کر گم ہوا دل ہائے دل افسوس دل   (بیاض یعقوب)

مشتاق

یہ بھی اسی عہد کا شاعر ہے۔ اسکی تصنیف سے پنجابی آمیز اردو میں یہ نظم دستیاب
ہوئی ہے ؎

جس پریم رس چاکھا نہیں   امرت پیا تو کیا ہویا
جس عشق میں سر نہ دیا   جگ جگ جیا تو کیا ہویا
دیکھی گلستاں بوستاں   مطلب نہ پایا شیخ کا
دل کا کفر ٹوٹے نہیں   حاجی ہویا تو کیا ہویا
دنیا رہی باقی چلی   کیا حال مجھ بیمار کا
میں موتیا اس غم تیرے   ڈگیا ہویا تو کیا ہویا
قاضی کتاباں کھول کر   مسلے بتاوے اور کوں

اپنی عمل کرتا نہیں قاضی ہویا تو کیا ہویا
تعویذ اور طومار سوں ساری عمر ضائع کری
سبھے کتاباں یاد کر حافظ ہویا تو کیا ہویا
معشوق تیرے بھیت موں ثابت کیا ہیں دین کوں
عالم جو دانا ہو نہ کر دانا ہویا تو کیا ہویا
درویش صوفی بے خبر بھولا پھرے اپنے اوپر
جبہ مصلے گو دڑے پہنے پھرے تو کیا ہویا
جب لگ پیالہ پریم کا تم بیٹھ کر چھکتے نہیں
دارو جو بوزہ بھنگ بھی پیتے پھرے تو کیا ہویا
جب عشق کے دریاء موں تم بیٹھ کر نہاتے نہیں
گنگا بنارس دوارہ کا نہاتے پھرے تو کیا ہویا
لیلی پکاری اے پیا پی پی کرینداں جی دیا
معشوق حاصل نہ تھیا رو رو دیا تو کیا ہویا
سیلی منکا گودڑی برکت کیا مشتاق موں
گور کا سید بوجھے نہیں جیبا جھیا تو کیا ہویا

(بیاض یعقوب)

جلالا

جلال الدین نام معلوم ہوتا ہے - ایک بیاض میں جہاں سلسلہ قادریہ بٹالویہ کے بزرگوں کا کلام بالالتزام درج ہے - نعتیہ غزل اس کے نام سے ملتی ہے ؎

ہمن جیسے گنہ گاروں کو ہے تقوی محمد کا سوا اس سے نہیں کوئی جو کہ کا بہ محمد کا
زمین و آسماں چودہاں طبق اور عرش کرسی سب خدا صاحب کیا سب کچھ سبھی صدقہ محمد کا

زلیخا نوجواں ہوئی لگا یعقوب کو دسنے — بہ پیراں عاشقاں بنیاں توجہ سے محمد کا
یوسف کوں نظر ڈاری جب اس محبوب اللہ کے — ہویا تب بتلا عالم تجمل اس محمد کا
طفیل اس کے ہی ہویا محی دیں محبوب ربانی — ہویا روشن جہاں کے باغ میں گل اس محمد کا
لیا جس مشک اس گل کا حرام آتش ہوئی ان کوں — امریدوں کو نہیں پرواہ بڑا درجہ محمد کا
اگر بندہ مسلمانی پچھاں آمنت باللہ کوں — صفت ایماں بھی پڑہ تو جو ہے تقویٰ محمد کا
اول مانو خدا صاحب ملائک بی سبھی اس کے — کتاباں بھی سبھی مانو جو قرآں ہے محمد کا
بصدق دل اگر مانو ہویا خاصہ مسلماں توں — پیغمبر بھی سبھی مانو بڑا درجہ محمد کا
جنہوں کی نیک نیت تھی تنہوں کی سب جمعیت تھی — ہماری یہ نصیحت ہے کہ کہ کلمہ محمد کا

کہے عاجز جلالا ہو نبی کا بول بالا ہو
کرم از حق تعالےٰ ہو پڑھو کلمہ محمدؐ کا

شیخ محمد حاجی

شیخ فاضل الدینؒ بٹالوی کے مریدین میں سے تھا۔ اس ہندی آمیز اردو متصوفانہ غزل کا مالک ہے[1]

کنت کنزاً مخفیاً تھا تب کنے یہ بھید نہ پایو رے
فاحببت ان اعرف چاہا تب آدم بھیکھ بنایو رے
کہا آپ کوں انا من نور اللہ اور خلق سبھی کوں من نوری
تم سیانے سبھی بچار کرو پھر دوسرا کون سمایو رے
وفی انفسکم کہا آدم کوں سبھ جان بجھے ان جان ہوئے
ہر طرف بتاؤں وجہ اللہ تم سوں نہ کچھو لکایو رے

[1] بیاض یعقوب،

نحن اقرب جب خبر دیا تب سوچ بڑی سب کے من موں
احد سے احمد آپ بنوں پھر کہہ کر عبد چھپاؤ رے
حاجی پیو میرا بُہتہ بھیکھی ہے کہیں بھید بتاؤ بھیکھی کا
کہیں فاضل ہو کر درس بھرے کہیں سمن وچہ چھپایو رے

امام بخش قادری

نے اسی بحر اور اسی رنگ میں یہ غزل اسی عہد میں لکھی ؎

کان اللہ و لم یک تھا تب غیر نمول سمایو رے
و ہو الآن کما ہو کان پھر دجا کون سدائیو رے
کل شیٔ پے آپ محیط اور آپ ہو یا ہر شئے لا غیر
تم بدیا سین تک وہاں کرو پھر کسکوں غیر بناؤ رے
من رأنی قد رای الحق سمجھ لیو احمد لا میم
رب سیں آپ ہی عرب بنیوں پھر ظاہر عبد کہاؤ رے
و ہو الظاہر و ہو الباطن سبھ اشیا کا عین ہو یا
کچھ نہ چھوڑا غیر بن سوں کیا وحدت صرف بتاؤ رے
عرف النفس کے رمز سوں سبھ کو واقف ہوا انجان ہویا
کیسے فن اور جوڑ توڑ سے ہم میں ہمیں بھلاؤ رے
من یضلله لا ہادی لہ پس رہزن بیچ موں کون ہویا
ابلیس کوں محض بہتوا سی سوں یا زاریں آن بہایو رے
اللہ نور السموٰت توں سمجھ لیو و الارض کے ساتھ
عین ظہور میں مخفی ہو کر عقدہ عجب بنایو رے

ایک ندائے عاف سنائی کن فیکون کے نغمے سوں
زیر اور بم ہزار طور سیں نادر ساز بجاؤ رے
یرقع پہر انسان کا نکلا وحدت سوں کثرت کے بیچ
اور سیں اور ہی شکل دکھا کر غوغا شور مچاؤ رے
بیرنگ آیا جب رنگی سوں تب دھوم پڑھی شور ہویا
کہیں حج گذارے بیت اللہ کہیں تیرتھ گنگ بہاؤ رے
بے چون آؤ جب چون سنی تب شیخ برہمن ضد ہوے
کہیں خواجہ ہو کر فخر کیا کہیں بندہ نام دھراؤ رے
تنزیہ اور جمع موں اللہ کہیں اپنی ذات کا نام کیا
تشبیہ کا بیچ امام بخش کہیں ظاہر اسم کہاؤ رے

پروانہ

اس کے نام اور حالات سے کوئی اطلاع بہم نہیں پہنچ سکی - یہ ملمع اس کی یادگار ہے ؎

شب و روز مجھے پیا بن چین نہ آوے (کذا) | کہیں کوئی ایسا مجھے پیو ملاوے
احوال دل خویش بگو پیش کہ گویم | یہ دکھ ہمارا پیا کوں کون سناوے
ہیہات کہ یہ عمر ہمہ ضائع ہی کھوہی | وہ دم غنیمت کہ پیا سنگ بہاوے
یہ راہ محبت کچھ آساں نہیں لے دل | جب دار چڑھے تب جا منصور کہاوے

پروانہ چو می سوزم چوں شمع ہمہ شب
در ہجر تو حیرانم تمت برہ جسلاوے

~~~~~~~~
~~~~~~~~

علی

غالباً "بٹالہ سکول" کا شاعر ہے - یہ مناجات اسکی تصنیف ہے[۱] ؎

تزا نام ستار غفار ہے ۔ میرا نام عاصی گنہ گار ہے
پھرا دل ہمارا برے کام سوں ۔ بحق محمد نبی نام سوں
ترا نام قاضی الحاجات ہے دکذا) ۔ کنجی سیہ دلوں کی ترے ہات ہے
ترازو عمل جب ہمن تولیو ۔ او ہاں کے میرے عیب مت پھولیو
نہ رسوا کروگے خلق موں مجھے ۔ کہ پیدا کئے کی شرم ہے تجھے
ہمارے گناہوں سے لرزے زمیں ۔ رحم کر رحیما تو الراحمین
جبی پر ترا لطف احسان ہے ۔ سبھی مشکلاں اسکی آسان ہے
میری مشکل آساں کریں توں قدیر ۔ ہمن عاجزوں کا تو ہیں دستگیر
تری دستگیری دائم بر قرار ۔ علی رحمتوں کا تو ہر دم ادہار

کامی

اسی عہد اور اسی گروہ کا شاعر ہے - اس کے متعلق اور کچھ معلوم نہیں ہو سکا سواء اسکے کہ یہ غزل اسکی تصنیف ہے ؎

جو جھلک ترے رخن موں سو نہیں شمس قمر موں
جو مزا ترے لبوں موں سو نہیں شہد شکر موں
جیسی بو ترے بدن موں سو نہیں چوئے چندن موں
نہیں ہے مشک ختن موں سو نہیں باس اگر موں

---

نوری که عیار دیدهٔ روشن بود | چشم بد ایام زچشم بر بود
فریاد که فریاد بجائے نرسید | افسوس که افسوس نمی دارد سود

---

[۱] (کذا)، [۲] [ملاحظہ ک بابر نامہ ترجمہ انگلیسی - ص ۴۷، ۴۸، ۵۲، ۳۰۲، وغیرہ: حبیب السیر ج ۳ - جز ۳ - ص ۲۷۸ وغیرہ] متوفی ۹۱۳ھ (بابر نامہ)، [۳] ارجمند (کذا)، [۴] ترمد (کذا)، [۵] در ۹۰۳ھ (بابر نامہ ترجمہ انگلیسی - ص ۹۵)،

بایسنغر مرزا [عادلی][1]

نیز پسر افسر دولت سلطان محمود میرزا بود [به] لطافت حسن و جمال و کثرت فضل و کمال آراستہ و سیرت فضیلت آرایش ہنرپرور بود، خط نسخ تعلیق را بغایت خوب می نوشت، بکرات و مرات مولانا سلطان علی روح اللہ روحہ تعریف می کرد و دیوان غزل دارد، و عادلی تخلص می کرد، این مطلع از وست کہ ؎

کاش در عشق بتی دیوانہ باشد کسی　　ترک عالم کردہ در ویرانہ باشد کسی

این معما باسم ہُود از وست ؎

رفیقان حال من در عشق بد شد
ز دل یکبارگی ہوش و خرد شد

ظہیر الدین محمد بابر بادشاہ[2]

خلد مکانہ، فرزند ارجمند میرزا عمر شیخ است، پادشاہیست[3] از دلاوری و بہادری یگانۂ دوران، باکثر فنون و فضایل و کمالات آراستہ، بلکہ[4] نادرۂ اہل

---

[1] بابر نامہ (ترجمہ انگلیسی) ص ۱۱۰ تا ۱۱۲ وغیرہ - تذکرۂ دولت شاہ - ص ۳۵۰ و مابعد: تذکرۂ خوشنویسان: حبیب السیر (تذکرہ اش درحواشی سابق ہم گذشت - توفی فی ۹۰۳ھ ،

[2] تذکرہ بابرشاہ در سائر کتب تاریخ مذکور است ، بنابرین بحوالۂ چند کتب اکتفا کردہ می شود - [۳/۲) حبیب السیر بضمن ذکر سلطان حسین بیقرا : بابر نامہ ترجمہ انگلیسی - انڈکس مشتمل بر ذکر خط بابری : و دیوان شعر و دیگر کتب منسوب بہ بابر ، اشعار ترکی و فارسی وغیرہ مطالب مہمہ : گلبدن بیگم ہمایون نامہ : سفینہ خوشگو (خطی) ج ۲ - ق ۱۸ : تذکرہ خوشنویسان ۲۵ -
وفات بابر در ۹۳۷ھ

زمان است خصوصاً در موسیقی که بی بدل واقع شده، و شعر ترکی و فارسی را خوب در میده

است، قوت طبعش از نظم ترکی او ازین مطلع معلوم ذفی ۱۱ب میتوان کرد ؎ (ق ۱۱۱)

تکلف پرسخه صورت نه بوسه ازین اربوق سسن

سنی جان ویره لارای لاابالی تکلف جامدن اربوق سین

این مطلع نیز بسیار نازک واقع شده است ؎

غیرتاشی زخمی آن دردمینی اظهار ایمنا و یم

سجناکی پنهان غم تاش دین نمود انه تما دیم

این دو مطلع فارسی نیز از وست ؎

هلاک می کندم فرقت تو دانستم | وگرنه رفتن ازین شهر می توانستم

خراباتی و رند و می پرستیم | بعالم هرچه می گویند هستیم

عبید اللہ خان[۵۴]

ولد محمود سلطان و برادر زادهٔ خان شیبانی است، پادشاه درویش صفت و فانی

مشرب و زاهد و پرهیزگارست، واکثر اوقات بطاعت و عبادت قیام می نماید و صحبت

(بقیه حاشیه صفحه ۳۰۹) ۵۳ این اشعار بابر بادشاه، برای لطافت وشیرینی شهرت تام دارند :-

آمد بهار و دلشدهٔ را که یار نیست | پروای لاله زار و هوای بهار نیست

در روزگار فتنه بسی دیده ام ولی | چشم تو فتنه ایست که در روزگار نیست

اشعار فارسی او در بابرنامه بکثرت مذکور است | ۵۳ یادشاه هیست (کذا)

۵۴ ملکه (کذا) حاشیه صفحه ۳۱ لهٔ عبید الله سلطان در سنه ۹۴۶ھ درگذشت [مک بابرنامه (ترجمه انگلیسی)

ص ٦۳٦ وغیره: "تاریخ رشیدی (ترجمه ص ۲۸۳] مصنف "تاریخ رشیدی" او را

اہالی و موالی و شعرا توجہ تمام دارد چنانکہ ہمہ وقت این جماعت در مجلس او حاضرند و طبعش در نظم ترکی و فارسی خوب است، این مطلع ترکی او بغایت استادانہ واقع شدہ ؎

سر سرآ تنیک دوستلار جانی دلدار ایلدا
آ بیت آیت بیقلایکتر رنہار انہار ایلدا

و این مطلع فارسی او نیز بسیار رنگین واقع شدہ نظم

آن سرو قد بجامہ گلگون قیامت ست
آتش بجان من زدہ این چہ قامت ست

محمد مؤمن مرزا (ف ۱۱۸ا)

(ف ۱۱۸ا)

فرزند سعادتمند سلطان بدیع الزمان میرزا بود و در حسن و جمال در میان اولاد امجاد خاقان مغفور سلطان حسین میرزا کہ بخوبی و لطافت مشاہیر زمان بودند، کسی مثل او نبود، اما از جور چرخ کج رفتار و مکر مخالفان غدار بحیف بسیار کشتہ شد، و پیش اہالی خراسان مقرر ست کہ اثر شامت این ظلم بود کہ بر سلاطین این ممالک رسید، طبعش بغایت خوب بود، این مطلع از وست کہ ؎

ز تب بسوخت طبیبا تن بلاکش من
برو برو کہ نسوزی تو ہم بر آتش من

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۱۰) بہ ذکر جمیل یاد می کند، گویند او نسخ تعلیق نیک می نوشت، در ایام حکومت او بخارا مجمع علما و فضلا گشت۔ چنانکہ ہرات در ایام سلطان حسین بیقرا مرزا مرد متدین و پاکباز بود و بخط خود، دو نسخۂ قرآن نوشتہ بہ حرمین شریفین فرستاد۔

ہمایوں میرزا[1]

ولد سعادت افسر بابر بادشاه است، گویند بسیار افعال حمیده واطوار پسندیده دارد، و صفات ستوده ظاهر و باهر، و طبعش نیز بزیور نظم مزین است و این بیت را از برای مقیم نام شخصی گفته است ؎

مقیم شد غم تو در دلم چه چاره کنم
عجب غمیست مگر دل ز سنگ خاره کنم

---

[1] نصیر الدین ہمایوں بادشاه متوفی ۹۶۳ھ [مآخذ بابرنامه (ترجمه انگلیسی)، گلبدن بیگم ہمایوں نامه، واقعات جوہر، تاریخ رشیدی، سفینۂ خوشگو (خطی)، ج ۲ - ق ۳۵ - وسائر کتب تاریخ که در فارسی و انگلیسی و اردو موجود است]

در سفینۂ خوشگو این دو رباعی ازو مذکور است:-

یارب که رضای دل درویشان ده — این ریش دل شکسته را درمان ده
حد نیست که گویم این مده یا این ده — چیزی که رضای تو در آنست آن ده

یارب بکمال لطف خاصم گردان — عارف بحقایق خواصم گردان
از عقل جفاکار دل افگار شدم — دیوانۂ خود خوان و خلاصم گردان

قسم نہم

در ذکر جمیل خدام عالی مقام لازم الاحترام، میرزا مدار، خورشید اقتدار، جمشید قدر، عالم گیر، کوکب ارجمندی کہ ہمین دولت شاہنشاہ کامیاب عبرت آفتاب عالمتاب گشتہ و بحباب نشو و نماء سلاطین روزگار گردیدہ **نظم**

زانجا کہ قدر اوست نماید خرد بزیر (ق ۱۸ آ) خورشید ذرۂ نمایدبچشم آن (ق ۱۸ آ)

ہم مفتخر بطینت پاک تو آب و خاک ہم منفعل ز دست و دلش ماندہ بحر و کان

و سرو بلندی کہ سرکش بتربیت و پرورشش باران سحاب و الطاف ظل الٰہی از کنگرۂ ایوان کیوان در گذشتہ بسر حد لامکان رسیدہ ؎

سپہر اوج سعادت کہ در اصابت رای بلاد روی زمین را باوست زینت و زین

جہان فضل و ہنر معدن سخا و کرم ملاذ و ملجاء اہل کمال شاہ حسین[۲]

ہرچند خامۂ دو زبان را در بیان اوصاف ملازمان آن جناب حد گستاخی نبود، اما چون ہمیشہ گوشۂ خاطر انور و توجہ منیر فضیلت گستر آن عالی رای ملک آرای جانب جماعتی کہ ذکر لطایف ایشان گذشت[۳]، ہست این کلمہ چند لازم نمود و حضرت امیر علی شیر کہ مصنف ترکی این مختصر است ختم بنام پادشاہ مرحوم سلطان حسین میرزا کردہ، اینجا نیز اسم بمعنی ہوا المسک ما کررتہ یتضوع مناسب دید، بنا بران این نامۂ نامی را کہ بچندین جواہر معانی پرداختہ شد باسم گرامی آن حضرت، کہ بمنزلہ مہر نشان سعادت جاودانی ست

---

[۱] (کذا) "بنماید" نیز مناسب است، [۲] میرزا شاہ حسین اصفہانی در ۹۲۹ھ کشتہ شد [رک حبیب السیر - ج ۳ - جز ۴ - ص ۱۰۵]

[۳] گذشت (کذا)

مذیل گردید، و باعث این جرأت این دو مطلع را که از نتایج طبع گوهر زاد آن جناب بود، یافت ؎

(ق ۱۱۹ ا) سوختیم از غم و هیچ نظری با ما نیست — وه کزین درد بمردیم و دوا پیدا نیست (ق ۱۱۹ ا)

بیدلان هجر ترا مونس جان ساختهٔ اند — وصل چون نیست بیتم بهمان ساختهٔ اند

و بدین رباعی که بدعای دوام دولت روز افزون آن حضرت خلد ظله (است) ختم میکند ؎

ای آنکه جهان خوش بلقای تو بود — تا دور سپهر هست بقای تو بود
هر جا که حدیثی بزبانی گذرد — ختم سخن آن به که دعای تو بود

خطاب بملازمان حضرت آصف صفاتی اسلام ملاذی مخدومی مدظله ؎

ایا بر سپهر سعادت چو مهر — ز قدرت یکی پایه آمد سپهر
سپهر بزینت بود کاخ جاه — نگر مهر را قبهٔ بارگاه
بدوران بسی دیدم ای نامدار — امیر و وزیر و شه و شهریار
محیط خرد را توئی دُر ناب — سپهر کرم را توئی آفتاب
ز بهر تو این پیکر انگاشتم — ز روی سخن پرده برداشتم
چنان باز کردم سر درج راز[1] — که گردد جهانی ازین چشم باز
نکردم تمامش بنام کسی — که باشد پشیمانیم زو بسی
وزان پس بر آیم بر اطراف دهر — بگویم چو فردوسی از روی قهر
(ق ۱۱۹ ب) "درختی که تلخ است وی را سرشت — گرش در نشانی بباغ بهشت (ق ۱۱۹ ب)
ور از جوی خلدش بهنگام آب — به بیخ انگبین ریزی و شیر ناب
سر انجام گیتی بکار آورد — همان میوهٔ تلخ بار آورد"

---

[1] گوهر راز (کذا)

نظر کن بعبد اللہ ہاتفی | مسلّم بنظم جلی و خفی
درین رنگ ازین خوب تر گفتہ است | بگوشت رسانم کہ دُر سفتہ است
"اگر بیضۂ زاغ ظلمت سرشت | نہی زیر طاوس باغ بہشت
بہنگام آن بیضۂ پروریش | زانجیر جنت دہی ارزنش[1]
دہی آبش از کوثر و سلسبیل | دران بیضہ دم در دمد جبرئیل
شود عاقبت بچۂ زاغ زاغ | کشد رنج بیہودہ طاوس باغ"
درین معنی از لطف ایزد تعال | مرا ہم نگاری نمودہ جمال
نشاید چو آن شاہدان گرچہ دید | چنان نیز نبود کہ نتوان شنید
اگر از گل شورۂ بد سرشت | بنای بسازی بباغ بہشت
نخستش بصد گونہ رای و صواب | بہم گر براری بمشک و گلاب
و ہد خشت و گل جبرئیل امین | بلندش کنی مثل چرخ برین
(ق ۱۲۰ ا) پی زینت آن ز نقش و نگار | بسازی بہر گوشہ صد اصل کار
نمائی دران غایت اہتمام | کنی با ہزار اہتمامش تمام
ہمان شورہ آخر کند کار خویش | تو شرمندہ گردی ز کردار خویش
بسی رنج بردم درین مختصر | چہ لیل و نہار و چہ شام و سحر
سر اکنون ازین بحر برکردہ ام | ہمین است چیزی کہ آوردہ ام
اگر نہ چہ لایق بہ بزم ہمی است | ولی نزد من بہ ز دست تہی است
بظاہر اگرچہ فرو مایہ ام | بہمت چو گردون بود پایہ ام
بتعریف و توصیف خلقم مبین | بمن بین و ندکہنہ دلقم مبین

(ق ۱۲۰)

---

[1] ازرنش (کذا)

غلام تو ام ای جهان کرم — تو جوهر شناسی و من جوهرم
غرض زین همه ای عزیز کسی — بود تا نام نیکت که ماند بسی
امیدم چنانست از کردگار — که تا باشد این خاکدان را مدار
نگردد تهی از تو عالم دمی
که جانی و جان همه عالمی

تمام شد بفضله تعالی

اصل نسخهٔ کتاب در رمضان ۹۶۵ھ بکتابت رسید ۔

فہارس

(۱) فہرست مضامین

---

(۲) الاسماء والاعلام

(۴) اسماء الکتب

(۴) الامکنة والبقاع

(۵) اسمای خوشنویسان و کاتبان و نقاشان که ذکرشان در لطایف آمده

تمت الکتاب بعونہ و فضلہ

۳۱ دسمبر ۱۹۳۲ء

سید محمد عبداللہ
ریسرچ سٹوڈنٹ

اورینٹل کالج میگزین

جلد ۹ - عدد (۴) - مسلسل عدد (۳۶)

بابت

اگست ۱۹۳۳ء

حصہ اوّل

ایڈیٹر

مولوی محمد شفیع ایم - اے

مطبع کریمی لاہور میں باہتمام میر قدرت اللہ پرنٹر چھپا اور بابو این مترا

نے

اورینٹل کالج لاہور سے شایع کیا

فہرستِ مضامین

ساتویں آٹھویں اور نویں صدی ہجری

میں

بنوں کی تاریخی اہمیت

اس میں کلام نہیں کہ شمال مغربی سرحدی صوبے کے اضلاع میں سے بنوں ہی ایک ایسا ضلع ہے جو کسی خاص بڑے درے سے وابستہ نہیں ہے۔ مثلاً خیبر۔ کرم۔ گومل اور بولان بالترتیب پشاور۔ کوہاٹ۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں اور سندھ سے متعلق ہیں۔ مگر اس امر کے باوجود بنوں اپنی تاریخی اہمیت کے اعتبار سے صوبہ سرحد کے دیگر اضلاع میں سے کسی سے کم نہیں رہا۔ ہم اپنے دعوے کے ثبوت میں بنوں کے قرب و جوار کے آثار[۱] قدیمہ کے حالات اور اسکے متعلق فاہیئن[۲] اور ہیون سانگ کے بیانات کو پیش کرتے لیکن چونکہ

---

[۱] بنوں ڈسٹرکٹ گزیٹیر ص ۲۸

[۲] ہندوستان کا قدیم جغرافیہ از کننگھم (Ancient Geography of India by Cunningham) ص ۸۴ - ۸۶

ہمارا میدان تلاش و تفتیش ساتویں - آٹھویں اور نویں صدی ہجری تک محدود ہے - اس لئے سردست ہم محض ایک دو کتابوں کے حوالوں پر اکتفا کرتے ہوئے نفس مضمون کی طرف رجوع کرتے ہیں -

ساتویں - آٹھویں اور نویں صدی ہجری کی متعلقہ کتب تاریخ پر جن میں بنوں کے حالات محفوظ ہیں ایک سرسری نظر ڈالنے سے گمان ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں ہندوستان کی موجودہ شاہراہ عظیم جو پشاور - اٹک - راولپنڈی سے ہوتی ہوتی اس سرزمین کے عظیم الشان شہروں کو ملاتی ہے - شاذ و نادر ہی استعمال ہوتی ہوگی - اور شمال مغرب کی جانب سے ہندوستان آنے کا راستہ خیبر - کوہاٹ اور بنوں ہی ہوگا - کیونکہ اس دوران میں اکثر بیرونی حملہ آور جنکا بعد میں ذکر کیا جائیگا - درہ خیبر یا کرم سے گذر کر کوہاٹ بنوں کا راستہ اختیار کرتے رہے ہیں -

قبل اس کے کہ ہم بعض تاریخی حملہ آوروں کے ہندوستان پر یورش کشی کے راستوں کا نقشہ پیش کریں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ہم جوزجان کے فاضل مورخ منہاج سراج مصنف طبقات ناصری کے راستہ کو جو ساتویں صدی کے منتصف اول میں ہندوستان تشریف لائے - چند فقرات میں بیان کردیں منہاج سراج اپنی شہرہ آفاق کتاب میں لکھتے ہیں کہ میں نے مغلوں کے تسلط سے پہلے پہل (تقریباً ۶۲۲ھ میں) اپنے وطن مالوف کو خیرباد کہا اور غزنیں بہنان یا متھان کے راستہ سے کشتی میں سوار ہوکر بروز سہ شنبہ ۲۶ جمادی الاول ۶۲۴ھ کو اچہ پہنچا -

ہم درین سال کاتب این حروف از طرف خراسان از راہ غزنین و متھان (بہتان)، در کشتی روز سہ شنبہ بست و ششم ماہ جمادی الاول سنۃ اربع و

عشرین وستمائہ باچہ رسید - ص۱۴۴[1]

ہم منہاج سراج کے ہندوستان میں وارد ہونے کے راستے کے متعلق اتنا عرض کرنا چاہتے ہیں کہ ہمارے فاضل مورخ کا راستہ کے فیصلہ کرنے کا انحصار زیادہ تر بہتان یا مستان کے محل وقوع کے صحیح اور قطعی تعین پر موقوف ہوگا - اس مسئلہ میں یورپ کے مستشرقین کے درمیان بین اختلاف ہے - چنانچہ سر جارج الیٹ اپنی مشہور تالیف تاریخ ہند میں لکھتے ہیں کہ منہاج سراج غزنین ملتان کے راستہ سے اچہ میں وارد ہوا - اسکے برعکس مسٹر راورٹی[2] مترجم طبقات ناصری رقمطراز ہیں کہ لفظ بہتان یا بتیان سے مراد موجودہ بنوں ہے اور مصنف طبقات ناصری نے ہندوستان آتے وقت غزنیں بنوں کا راستہ اختیار کیا تھا -

مسٹر راورٹی اپنے نظریہ کے جواز میں اسطرح استدلال کرتے ہیں :-

یقیناً بہتان یا مستان سے ملتان مراد نہیں - یہ جگہ اس علاقہ سے تعلق رکھتی ہے جو غزنیں - کرمان اور کوہستان نمک کے بین بین واقع ہے یعنی اس سے بنوں یا اس کے گرد و نواح کا علاقہ مراد ہے - کیونکہ مٹھن کوٹ اچہ سے اسقدر پائیں جانب واقع ہے کہ اگر منہاج سراج غزنیں اور مٹھن کوٹ کا راستہ اختیار کرتا تو وہ اچہ سے بہت نیچے چلا جاتا - دوسرے[3] ضلع بنوں میں اکرا کے وسیع اور واضح آثار قدیمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ کوہ جود کا راستہ کرمان اور گردیز سے ہوتا ہوا غزنیں اور ہندوستان کے درمیان راہ عظیم تھا - اور شمالی راستہ جو پشاور اور جہلم کو ملاتا ہے - شاذ و نادر استعمال ہوتا تھا - کیونکہ درہ خیبر بالواسطہ شاہان دہلی کے زیر نگین نہیں تھا -

---

[1] تاریخ ہندوستان جلد دوم ص۳۰۲ ، [2] راورٹی ص۵۴۱ ،
[3] راورٹی ص۵۳۸ ،

مسٹر میسن اس مسئلہ میں راورٹی کے نظریہ کی تائید میں یوں رقمطراز ہیں:۔
"یہ ممکن ہے کہ ازمنۂ قدیم میں بنوں موجودہ حالت سے زیادہ معمور ہوگا اور شاید اس کا نظام حکومت موجودہ نظام سے زیادہ مرتب ہوگا کیونکہ تین چار سو سال قبل تیمور کی یورش کے حالات سے معلوم ہوتا ہے کہ کوہاٹ اور ہندوستان کو ملانے والی شاہراہ بنوں میں سے گذرتی تھی۔ دوسرے اس ملک کے مسلمان حملہ آوروں کی کتب حالات سے واضح ہوتا ہے کہ خلفائے اسلام کی افواج بنوں۔ کرمان کے راستہ سے دارالسلطنت حکومت غزنین پر چڑھائی کرتی تھیں لیکن ضلع بنوں کے گزیٹیر میں اس خیال کی تردید ان الفاظ میں ہوتی ہے:۔ "چونکہ شمال مغربی بڑے بڑے دروں میں سے کسی کا بنوں کے ساتھ بالواسطہ تعلق نہیں اور بیرونی حملہ آور اکثر کرم اور خیبر کے راستہ سے ہندوستان پر فوج کشی کرتے رہے ہیں۔ اس لئے یہ کہنا کہ بنوں۔ کابل اور ہندوستان کے درمیان ایک شاہراہ تھی صحت سے بعید ہوگا۔"

جیسا کہ ذیل کے مشاہدات سے ثابت ہوگا گو بنوں کسی خاص بڑے درہ سے وابستہ نہیں ہے تاہم ساتویں۔ آٹھویں اور نویں صدی ہجری کے نامور فاتح اکثر خیبر یا کرم بنوں کے راستہ سے ہندوستان کی سرزمین سے وارد ہوتے رہے اور یہاں کے سرسبز اور زرخیز علاقوں کو تسخیر کرتے رہے۔ پس یہ کہنا کہ کابل اور ہندوستان کے درمیان آمد و رفت کا سلسلہ عام طور پہ بنوں کے راستے سے ہوتا رہا حق بجانب ہوگا۔

(Narrative of Various Journeys in Bolu- ؎
-chistan, Afghanistan and the Punjab 1826
— 1836 Vol. I P. 99) +

؎ بنوں ڈسٹرکٹ گیزیٹیر ص ۲۲ ،

منہاج سراج نے اپنی کتاب میں ہندوستان آنے کے تذکرہ کے علاوہ ایک دو اور واقعات بھی بنوں کی طرف منسوب کئے ہیں :-

سنہ ۶۱۳ھ میں سلطان شمس الدین التمش نے بنوں کی طرف لشکر کشی کی مگر ضعف اور نقاہت کے افراط کے باعث اسے واپس لوٹنا پڑا اور منجموں کے مشورے سے عماری میں بیٹھ کر دوپہر کو روز چہار شنبہ غرہ ماہ شعبان دہلی میں داخل ہوا۔ سلطان شمس الدین التمش کی اسی سن کی یورش کا ذکر تاریخ اکبر شاہی اور تاریخ مبارک شاہی میں بھی آتا ہے۔ لیکن بنوں میں فوج کشی کے محل کے متعلق اختلاف ہے۔ چنانچہ طبقات ناصری میں بنیان۔ طبقات اکبر شاہی میں ملتان اور تاریخ مبارک شاہی میں بھیلستان ہے۔ شمس العلما حافظ ہدایت حسین کا خیال ہے کہ تاریخ مبارک شاہی کا قول صحیح ہے اور طبقات ناصری کا بنیان بھیلستان ہونا چاہیئے۔

دوسرا سلطان شمس الدین کی وفات کے بعد ملک سیف الدین قرلغی نے بنوں سے سیف الدین ایبک کے علاقہ اچہ پر چڑھائی کی۔ سیف الدین اپنے لشکر سمیت شہر سے باہر آیا اور حریف کے ساتھ جنگ کی جس میں سیف الدین قرلغی اور اسکی افواج کو شکست کھا کر پسپا ہونا پڑا۔

طبقات ناصری اور تاریخ مبارک شاہی میں بنوں کے متعلق ایک اور تاریخی واقعہ بھی بیان کیا گیا ہے اور وہ یہ ہے کہ :- سلطان شمس الدین التمش کے فرزند سلطان ناصر الدین نے سنہ ۶۵۶ھ میں بنوں کی طرف کوچ کیا اور کوہ جود اور نندنہ کے

---

۵۱ طبقات ناصری صـ۱۷۴ (بنیان) ۵۲ تاریخ مبارک شاہی صـ۲

۵۳ طبقات ناصری صـ۲۳۸ ،

۵۴ مسٹر راورٹی اور شمس العلما حافظ ہدایت حسین کا خیال ہے کہ نندنہ کی جگہ سندھ ہونا چاہیئے۔ دیکھو راورٹی صـ۶۷۸ مگر بظاہر نندنہ صحیح معلوم ہوتا ہے۔ تاریخ مبارک شاہی صـ۳۵ ،

علاقوں کو تاخت و تاراج کیا۔

طبقات ناصری اور تاریخ مبارک شاہی کے مندرجہ بالا حوالوں کے بعد اب ہم جلال الدین خوارزم شاہ۔ چنگیز خان۔ تیمور اور بابر کے ہندوستان کی جانب لشکر کشی کرنے کے راستوں کے بیان کرنے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

سلطان جلال الدین خوارزم شاہ نے مغول کی سفاک ٹڈی دل افواج کی تاب مقاومت نہ لاکر ۱۲۲۱ء میں ہندوستان کا رخ کیا اور راستے میں اس بے سر و سامانی کے باوجود غزنیں کے حاکم کے ساتھ میدان کارزار میں اترا اور اپنے حریف کو شکست فاش دی۔ جب چنگیز خان کو اس بات کا علم ہوا تو اسنے جلال الدین کی سرکوبی کے لئے اسکا تعاقب کیا اور دریائے سندھ کے کنارے پر ان کے درمیان معرکہ آرائی ہوئی۔ جس میں جلال الدین نے پوری پوری داد شجاعت دی۔ جب مغلوں نے ہر طرف سے ترغہ کر لیا۔ لشکر کی کثیر تعداد تہ تیغ ہوگئی اور نصرت کی کوئی امید باقی نہ رہی تو جلال الدین نے جان بچا کر دریا میں گھوڑا ڈالا اور چند دل شکستہ سپاہیوں کے ساتھ دریا کو عبور کرتا ہوا چول جلالی میں وارد ہوا۔

مندرجہ بالا واقعہ میں اگر چول جلال کے محل وقوع پر غور کیا جاتا ہے تو از روے قیاس کہا جا سکتا ہے کہ جلال الدین اور چنگیز خاں ہندوستان آتے وقت بنوں سے گذرے ہونگے۔ کیونکہ جیسا کہ تیمور کی فوج کشی کے حالات بیان کرتے وقت ثابت ہوگا کہ چول جلالی اور بنوں کے درمیان تقریباً چالیس کوس کا فاصلہ ہے۔ اور دوسرے اس زمانہ میں غزنیں بنوں کا راستہ اچھا خاصہ مشہور بھی تھا۔ چنانچہ منہاج سراج جلال الدین سے تقریباً چھ سال بعد ہندوستان میں اسی راستہ سے وارد ہوا۔ اس لیئے جو شخص چول جلالی یا اسکے قرب و جوار میں آیا ہوگا۔ وہ ضرور غزنیں بنوں کے راستہ ہی سے آیا ہوگا۔ پس یہ کہنا کہ جلال الدین اور چنگیز خان

غزنیں بنوں کے راستے سے دریائے سندھ کے کنارے تک پہنچے قابل گرفت نہیں ہو گا۔

چنگیز خاں اور جلال الدین کے بعد ہم تیمور اور بابر کے حملوں کی طرف رجوع کرتے ہیں:-

یہ ایک مشہور تاریخی واقعہ ہے کہ تیمور رجب ۸۰۰ھ میں ہندوستان کے تاخت و تاراج کے خیال سے کابل کو خیرباد کہکر سمرقند اور غزنیں کی راہ سے ہندوستان کی طرف متوجہ ہوا۔ اور درہ کرماج (کرم) سے گذرتا ہوا ایریاب[۵۱] پہنچا۔ بروز شنبہ ۱۸ ذی الحجہ ۸۰۰ھ کو ایریاب سے خطہ شنوازیان کی طرف کوچ کیا۔ پہاڑوں اور جنگلوں کو کاٹ اور چیر کر خطہ مذکور میں ڈیرے ڈالے۔ اور ایک دن کے قیام کے بعد شاہزادہ خلیل بخت کو حکم دیا کہ تم امرا کے ایک دستہ کے ساتھ قپچغاق کے راستے سے بنوں کی طرف روانہ ہوا اور خود رات بھر کی مسافت اختیار کر کے بروز سہ شنبہ بیست و یکم علی الصبح قلعہ نغز[۵۲] میں پہنچا۔ بعد ازاں[۵۳] صاحب قران قبیلہ پرنیاں کی تادیب اور گوشمالی کی غرض سے اس قبیلہ کے علاقہ کی طرف گیا اور وہاں سے یکم محرم ۸۰۱ھ کو قلعہ نغز کی طرف مراجعت کی۔ شاہ علی فراہنی کو پانچ سو سواروں کے ساتھ قلعہ کی حفاظت تفویض کی

---

۵۱ ظفرنامہ جلد دوم ص۴۲ - اس علاقہ میں تیمور نے ایک قلعہ کا بھی تذکرہ کیا ہے - اس قلعہ کا نام محل وقوع کی نسبت سے ایریاب تھا - تیمور نے اسے موسیٰ اوغانی کی معرفت مرمت بھی کرایا تھا -

۵۲ قلعہ نغز:- قیاس یہی چاہتا ہے کہ یہ قلعہ ایریاب سے تقریباً بیس کوس کے فاصلے پر ہوگا - تیمور کی اوسط روزانہ رفتار اندازاً تیس کوس تھی اور چونکہ یہ علاقہ پہاڑی اور ناہموار ہے اس لئے تیمور نے رات بھر میں بیس میل قدرے کم و بیش فاصلہ ہی طے کیا ہوگا۔ مسٹر [illegible] نے اپنی کتاب میں کوہاٹ اور بنوں کے راستے پر ایک قلعہ کے جس کا نام [illegible] ذکر کیا [illegible] ممکن ہے کہ یہی قلعہ نغز ہو - دیکھو [illegible] جلد اول ص۱۰۳

۵۳ ظفرنامہ ص۴۵-۴۶ [illegible] ص۹۲

اور خود موضع بنوں کی جانب روانہ ہوا - ۱۸ - محرم بروز جمعہ دریاے سندھ کے کنارے پر پہنچا اور دریا کو عبور کرنے کے بعد چول جرد یا چول جلالی کے کنارے پر خیمے ڈالے -

تیمور نے ہندوستان کے تاخت و تاراج کے بعد اپنے مستقر سلطنت کو مراجعت کرتے وقت بھی یہی راستہ اختیار کیا - چنانچہ ظفر نامہ میں لکھا ہے - کہ وہ جبہاں - سان بست اور قلعہ بر وجہ سے ہوتا ہوا چول جلالی پہنچا جہاں اسنے دریاے سندھ کو عبور کیا اور نصف یوم کے توقف یعنی نماز پیشین کے بعد تازہ دم ہوکر از سر نو کوچ کیا اور دس کوس کے فاصلہ پر شب باشی کی - دوسرے روز علی الصبح وہاں سے روانہ ہوا اور موضع بنوں میں پہنچکر اسے اپنے عساکر نصرت ماثر کی نزول گاہ بنایا - اسکے بعد وہ اپنے اسی پرانے راستے سے غزنیں وغیرہ کی طرف واپس لوٹا -

تیمور کے ایک سو دس سال بعد ۹۱۰ھ میں ہندوستان میں سلطنت مغلیہ کا بانی بابر بادشاہ بھی خیبر اور کوہاٹ کے راستہ سے علاقہ بنوں کی سرزمین میں وارد ہوا - چنانچہ وہ اپنی تزک میں بنوں کی بابت لکھتا ہے :-

دبنو نظر در آمد - جاے ہموارے واقع شدہ شمالی او کوہستان بنگش ونغر است - رود بنگش از بنو بر مے آید - بنو باین آب معمور است - جنوبی او چوپارہ و آب سندھ است - مشرقی اودین کوٹ است وغربی او دست کہ وار وتاک ہم میگویند - از قبائل افغانان کرانی و کیوی و سور و عیسے خیل و نیازی این ولایت را مے کارند ۹۴

لہ ۱۰ + ۳۰ = ۴۰ اس سے واضح ہے کہ بنوں اور چول جلالی کے درمیان تقریباً چالیس میل کا فاصلہ تھا

ہمارے خیال میں مندرجہ بالا تاریخی حوالوں کی روشنی میں ساتویں - آٹھویں اور نویں صدی ہجری میں بنوں کی تاریخی اہمیت کا بخوبی اندازہ ہوسکتا ہے پس اگر یہ کہا جائے کہ زمانۂ زیر بحث میں بنوں شمال مغربی صوبہ جات اور ہندوستان کے درمیان ایک قابل اعتنا مقام اتصال رہا ہے تو صحت سے بعید نہ ہوگا -

یلٰسین خان نیازی

علمائے غزنہ

(سلسلہ کے لئے دیکھو رسالہ ہذا بابت مئی ۱۹۳۳ء)

(۲) احمد بن الحسین بن یحییٰ بن سعید

نوٹ :- فاضل حموی مختلف کتابوں سے اخذ کرتے ہوئے علامہ ہمدانی کے حالات اپنی مصنفہ معجم الادباء (۱: ۹۴) میں درج کرتے ہیں - مگر چونکہ اسلوب ترتیب غیر منتظم ہے - اسلئے نظام ترتیب کو مدنظر رکھتے ہوئے معجم الادباء کے صفحات کا خیال نہیں رکھا گیا تاہم جو حالات اس سے ماخوذ ہیں وہ من وعن مقدم و موخر صفحات میں بصراحت ملینگے'

آپ کا اسم گرامی احمد بن الحسین ہے - کنیت ولقب علی الترتیب ابوالفضل و بدیع الزمان ہے - وطن اصلی ہمذان ہے - ابوشجاع شیرویہ بن شہردار" تاریخ

ہمذان" میں رقمطراز ہیں کہ علامہ بدیع الزمان نے آخر میں ہراۃ کے اندر قیام کیا۔
ابوالحسین احمد بن فارس صاحب المجمل اور عیسےٰ بن ہشام سے روایت کیا کرتے تھے
فضلائے عصر و بلغاء دہر میں انکا شمار ہوتا ہے۔ یہ اہل حدیث والسنۃ سے تعصب
رکھتے تھے" مادر ہمذان نے اس جیسا گوہر آبدار پھر نہ پیدا کیا۔ اس ہستی پر ہمذان
کو بیحد ناز و فخر ہے۔ انکے بھائی ابوسعد بن الصفار اور قاضی ابومحمد عبداللہ بن الحسین
نیشاپوری ان سے روایت کرتے ہیں، ابوشجاع نے سال وفات ۳۹۰ھ ذکر کی
ہے۔ ابوشجاع شیرویہ اور انکے حقیقی بھائی ابوسعد کا قول ہے کہ ابن لال۔ ابن
ترکان۔ عبدالرحمان الامام۔ ابوبکر محمد بن الحسین الفراء ابن جاحان اور ایک کثیر
جماعت سے انہوں نے روایت کی ہے" (شیرویہ و ابوسعد نے فاضل بدیع
کا زمانہ پایا ہے۔ مگر ان سے سماع حاصل نہیں ہوا)

ہمذانی حدیث میں ثقہ تھے اور بلند پایہ رکھتے تھے۔ اعتقاداً اشاعرہ کے متبع تھے
آخر عمر[1] میں انکو جنون ہوگیا تھا اور اسی حالت جنون میں اس دارالاسباب سے
کوچ کرگئے۔ یاقوت حموی نے اپنے ایک[2] دوست سے جو اسماء رجال میں کافی
دستگاہ رکھتا تھا" یہ سنا ہے کہ علامہ کی ولادت ۱۳۔ جمادی الاخری ۳۵۸ھ میں
ہوئی۔ ابوالنصر عبدالرحمٰن بن عبدالجبار الفامی اپنی مصنفہ تاریخ ہراۃ میں تحریر
کرتے ہیں کہ میں نے متعدد لوگوں کی مختلف تصانیف مطالعہ کی ہیں مگر فاضل

---

[1] یہ قول قابل وثوق نہیں ہے اولاً تو اس لئے کہ کسی تذکرہ میں علامہ کی جنون کا واقعہ نہیں ملتا
دوسرے یہ کہ خود یاقوت حموی نے بھی اسکو بصیغہ مجہول (یقال) سے تعبیر کیا ہے۔ جس سے معلوم
ہوتا ہے کہ مصنف کے نزدیک بھی یہ قول قابل اعتماد نہیں" [2] افسوس یہ ہے کہ تاریخ ولادت سے تمام
تذکرے ساکت ہیں بجز یاقوت کی اس روایت کے اور کوئی روایت کسی کتاب میں" جو اسوقت زیر نظر ہیں" نہیں ملتی
اسلئے کچھ وثوق کے ساتھ علامہ کی عمر متعین نہیں کی جاسکتی۔ ہاں بنابر مشہور چالیس سال عمر لکھی جاتی ہے'

ہمذانی کے احوال کا استقصاء جس قدر علامہ ثعالبی نے اپنی تصنیف یتیمہ میں کیا ہے اتنا کسی مورخ نے سپرد قلم نہیں کیا" میں[۵۱] نے بھی جو کچھ انکے حالات قلمبند کئے ہیں وہ بتمامہا ثعالبی کی یتیمہ سے ماخوذ ہیں"

ثعالبی[۵۲] یتیمہ (۴ : ۱۶۷) پر تحریر کرتے ہیں کہ علامہ کی نظیر سرعت فہم ذکاوت وجودت رفعت طبع صفاء ذہن اور قوۃ نفس میں نہیں ملتی، ان کا کوئی مقابل نثر کی حلاوت نظم کی لطافت میں نہیں پایا جاتا، آج تک کوئی شخص دیکھنے اور سننے میں نہ آیا۔ جس نے علم ادب کے اندر وہ مرتبہ پایا ہو جو علامہ کو حاصل تھا فاضل بدیع اپنی ذاتی قابلیت سے جو صنائع بدائع اور معجز عبارات موقف تحریر میں لائے ہیں۔ آج تک اس پایہ کی معجز عبارات کوئی حوالہ قلم نہ کر سکا۔ غرض یہ شخص عجائب و غرایب کا مجموعہ ہے۔ قوت حافظہ کا یہ حال ہے کہ پچاس اشعار کا وہ قصیدہ جو انہوں نے اپنی عمر میں کبھی نہ سنا ہو محض ایک مرتبہ کے سننے میں ان کو نوک زبان ہو جاتا تھا۔ اور اسکو اس شان سے من اولہا الی آخرہا سنا دیتے تھے کہ کسی حرف میں تغیر نہ آتا تھا۔ اسی طرح چار پانچ ورق کی وہ نثر جس پر کبھی نظر نہ پڑی ہو۔ ایک مرتبہ کے دیکھنے سے ہو بہو بلا ترک حرفے و عبارت قلمبند کر دیتے تھے۔ اگر کسی شخص نے قصیدہ بلیغہ یا رسالہ عجیبہ کے انشاء کی خواہش ظاہر کی تو یہ اپنی قوت ارتجالیہ کی وجہ سے بہت جلد مسئول عنہا قصیدہ اور رسالہ کو لکھ کر فارغ ہو جاتے تھے۔ آپ نے بعض خطوط اسطرح قلمبند کئے ہیں کہ آخری

---

[۵۱] یاقوت حموی نے بھی حسب رائے ابو النصر العامی یہ کیا ہے کہ بدیع الزمان کے اکثر حالات یتیمہ سے اخذ کئے ہیں" چنانچہ ہم نے بھی یہ ہی کیا ہے کہ اقتباس حالات کے وقت ہر دو کو زیر نظر رکھا ہے" لہٰذا جو حالات یا عبارت یاقوت سے زیادہ ہے وہ سب یتیمہ (۴ : ۱۶۷) سے ماخوذ ہے چنانچہ اسکے لئے یتیمہ کو بھی زیر نظر رکھا جائے۔

[۵۲] ثعالبی نے علامہ سے ملاقات کی ہے اور ان سے کتابت بھی کی ہے،

سطر سے بالترتیب پڑھے جاتے ہیں (اول سطر سے پڑھنا مشکل بلکہ محال اور بے معنی ہوگا) اور یہ ہی نہیں کہ یہ اعجاز الفاظ ہی الفاظ میں ہو بلکہ عمدہ عمدہ مضامین پُراز بلاغت و فصاحت ان رسائل معکوسہ میں ملتے ہیں۔ علامہ میں یہ عجیب کمال تھا کہ ایک بلیغ قصیدہ اس طرح انشا کرتے تھے کہ اس کو نثر و نظم دونوں کہا جا سکتا تھا۔ نثر میں اکثر ایسے فقرات و قوافی استعمال کرتے تھے جن سے بہترین مصرعے مستنبط ہو سکیں۔ نثر و نظم کی ہر صنف میں مشکل سے مشکل مضامین جلد اور بسہولت قلمبند کر لیتے تھے۔ علاوہ اس کے فارسی کے وہ اشعار جو بحیثیت مضامین بلند پایہ رکھتے تھے۔ انکو آپنے اس خوش اسلوبی سے عربی جامہ پہنایا ہے کہ ندرت استعارات و تشبیہات کے ساتھ ساتھ عربی کے خاص انداز کو بھی ہاتھ سے نہیں جانے دیا!

باوجود ان تمام اوصاف باطنیہ اور کمالات علمیہ کے علامہ حسن ظاہری سے آراستہ و پیراستہ تھے۔ آپ خلق وسیع اور طبیعت نرم رکھتے تھے۔ ایفائے وعدہ کا بہت خیال رکھتے تھے۔ احباب کے ساتھ شیر و شکر کی طرح گھلے ملے رہتے تھے۔ آپ کی محبت بے غرض و بے لوث ہوا کرتی تھی۔ دشمنوں سے بہت اجتناب رکھتے تھے۔ آپ نے اپنا مولد اصلی ہمذان ۳۸۰ھ عین زمانۂ شباب میں چھوڑا ہجرۃ از وطن کے زمانہ یعنی ۳۶۰ھ تک احمد بن فارس صاحب المجمل لغوی سے شرف تلمذ حاصل کیا حتیٰ کہ اپنی فطری ذکاوت اور جودت طبع سے اپنے استاد کا تمام علم بدرجہ اتم حاصل کر لیا۔ پھر ابو القاسم[۱] صاحب ابن عباد کے پاس آئے یہاں آکر ان کے ثمرات علم سے بہت کچھ تلمذ حاصل کیا۔ بعد ازاں راہی جرجان ہوئے۔ بزمانۂ قیام جرجان آپ کا اختلاط اسماعیلیہ فرقہ سے بہت کچھ رہا۔ کچھ عرصہ

---

[۱] صاحب ابو القاسم کا نام اسماعیل اور باپ کا نام عباد اور کنیت ابوالحسن ہے۔ یہ شخص سیاست و لغت دان تھا۔

تک اسی فرقہ کے اکتاف میں رہکر بسر اوقات اور انوار علم حاصل کرتے رہے خصوصاً
اس جماعت میں قابل ذکر آلدیخواہ ابوسعید محمد بن منصور ہیں' ان سے آپ کو بہت
زیادہ خصوصیت تھی - ابوسعید نے ان کو ہمیشہ مواہب وعطا سے نوازا - حتیٰ کہ
جب علامہ نے نیسا پور جانے کا قصد کیا تو اسوقت ابوسعید ہی نے علامہ کے زاد راہ
کا انتظام کیا اور راہ سفر میں جو عوائق درپیش تھے انکو بصورت زر وجواہر دور کیا
غرض علامہ[۱] ۳۸۲ھ میں وارد نیسا پور ہوئے یہاں آکر انکی فصاحت وبلاغت کا بہت
زیادہ شہرہ ہوا - تصنیف وتالیف کا کام شروع کیا - نیسا پور ہی میں آپ نے چار
سو مقالے تحریر کئے جسکے اندر سلسلہ کلام دو فرضی نام عیسیٰ بن ہشام اور ابو الفتح
الاسکندری سے شروع کیا گیا ہے -

اس کتاب کے اندر دلکش پیرایہ میں مضامین ضبط کئے گئے ہیں جسکو دیکھ
کر آنکھ کو سرور اور نفس کو لذت حاصل ہوتی ہے - الفاظ نہایت شستہ مانوس
الاستعمال اور سہل الفہم ہیں محض تقفیہ ہی کا لحاظ نہیں کیا گیا بلکہ سلاست و
جزالت بھی مد نظر ہے - اسی نیسا پور میں علامہ ہمدانی اور فاضل ابوبکر خوارزمی کے
مابین مناظرہ کا سلسلہ شروع ہوا - مشہور تھا کہ علامہ ابوبکر کے ساتھ کوئی شخص علمی

بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۴ مؤید الدولہ ابو منصور بویہ بن رکن الدولہ اور اس کے بھائی فخر الدولہ کے دربار میں منصب
وزارت پر اٹھارہ سال اور ایک ماہ مامور رہے - ان کی ولادت ۳۲۶ھ اور وفات ۳۸۵ھ
میں ہوئی - یہ ابوحیان توحیدی کے نشانہ ملامت بہت زیادہ ہیں - طبیعت پر نخوت تھی اور مزاج میں
تعلی - ان کے مفصل حالات دیکھنے کے لئے معجم الادباء (۲: ۲۷۳) ملاحظہ ہو' اعاشیہ صفحہ ۱ [۱] صاحب معجم
نے اپنی کتاب کے (۱: ۹۶) پر علامہ کے ورود نیسا پور کا زمانہ ۳۹۲ھ تحریر کیا ہے - بظاہر یہ کاتب کی ستم ظریفی
معلوم ہوتی ہے - اس لئے کہ دیگر تذکروں میں ہم کو دخول نیسا پور کا زمانہ ۳۸۲ھ ملتا ہے اور یہی صحیح اور قابل
وثوق ہے - نیز خود یاقوت کے دیگر صفحات پر دخول نیسا پور کا زمانہ ۳۸۲ھ تحریر ہے'

مناظرہ نہیں کر سکتا ۔ مگر جب ہمذانی سے تقابل اور مناظرہ ہوا اور انکو ابوبکر پر تفوق و مسابقت ہوئی تو عامۃ الناس میں دونوں فاضلوں کے متعلق چرچے ہونے لگے۔ کوئی ابوبکر ترجیح دیتا تھا اور کوئی ہمذانی کو۔ بہر حال جب اثناء مناظرات میں ان کو نمایاں کامیابی ہوئی تو اس سے انکی شہرت میں اور بھی چار چاند لگ گئے ۔ ہر طرف ان ہی کا چرچہ اور ذکر ہونے لگا ۔ رؤسا اور سلاطین کے دربار میں عزت کی نظر سے دیکھے جانے لگے ۔ ہر طرف سے ان پر تحفہ تحائف اور روپیہ کی بوچھار ہونے لگی ۔ مناظروں میں مغلوب ہونے کی وجہ سے فاضل ابوبکر کو بہت رنج ہوا ۔ مشہور ہے کہ آپ نے فرط حیا کی وجہ سے گھر سے نکلنا بھی ترک کر دیا تھا ۔ حتیٰ کہ ایک سال کے اندر اندر انکے طوطی روح نے قفس عنصری کو خیرباد کہا ۔ بالآخر یہ باحیا ہستی موت ہی کے بعد گھر سے نکلی ۔ خوارزمی کے انتقال کے بعد ہمذانی کی شہرت و عزت کے لئے میدان بالکل خالی ہو چکا تھا ۔ چنانچہ انہوں نے ہر حیثیت سے شہرت آفاق حاصل کی ۔ اسباب معیشت میں بھی ان کے لئے بہت زیادہ آسانیاں فراہم ہو گئیں ۔ اکثر بلاد و ممالک کی سیر و سیاحت میں مشغول ہوئے خصوصاً بلاد خراسان و سیستان و غزنہ میں سے کوئی شہر ایسا باقی نہ چھوڑا جہاں علامہ کا قدم نہ گیا ہو اور وہاں کی آب و ہوا سے شناسا نہ ہوئے ہوں ۔ ان علاقہ جات کا کوئی امیر و سلطان وزیر و رئیس ایسا باقی نہیں رہا جس سے کہ ہمذانی نے ملاقات نہ کی ہو بلکہ بعض بعض کے مدحیہ قصائد سپرد قلم کر کے بہت کچھ مواہب و عطایا حاصل کئے انکی ہر ایک نے بہت زیادہ قدر و منزلت کی ان ہی وجوہ سے ہمذانی کافی مالدار ہو گئے"

آخر میں[1] علامہ نے اپنا دار القیام شہر ہراۃ کو بنایا اور تا دم مرگ یہی آپ کا دار القرار رہا ۔ ہراۃ آ کر آپ کو گوشہ نشینی اور تعبد کا بہت زیادہ شوق ہوا ۔ لیکن کوئی

---

[1] سلطان محمود کی شاہانہ فتوحات اور معرکہ آرائیاں جس طرح زبان زد خاص و عام تھیں اسی طرح اس کی

قیامگاہ اور سکونت بخش مقام نہیں ملا تھا کہ فضل خداوندی شامل حال ہوا اور ان کو علامہ ابو علی بن الحسین بن محمد ختنامی کی دامادی کا شرف حاصل ہوا۔ اس رشتۂ مصاہرت کی وجہ سے انکو بہت زیادہ سہولتیں حاصل ہوئیں۔ ابو علی کی وجہ سے انکی پشت ہمت اور مضبوط ہوگئی۔ زر و زمین اور دیگر مواہب سے ان کو کافی ذخیرہ مل گیا اور یہ خوشحالی کے ساتھ بسر اوقات کرنے لگے۔ لیکن آہ اس بلبل ادب و طوطی فصاحت نے اپنی حیات کی چالیس منزلوں کو پورا کرکے داعی اجل کو لبیک کہا اور بروز جمعہ مورخہ ۱۱ جمادی الاخری ۳۹۸ھ میں دنیا کو داغ مفارقت دے گئے۔ ادباء عصر و فضلاء دہر نے ان کے فراق میں نوحہ گری کی۔ زبان قلم ان کے ماتم میں شکستہ ہوئی۔ آنکھ نے ان پر رو رو کر اپنی خنکی کو ضایع کیا۔ علماء عصر نے پُر درد مراثی ضبط قلم کرکے دنیائے علم و ادب میں ایک ہیجان برپا کر دیا مگر حقیقت یہ ہے کہ ما مات من لم یمت ذکرہ۔ جس شخص کا تذکرہ بعد مرگ خیر

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۶) علمی قدردانی شاہانہ داد و دہش کا شہرہ تمام دنیا میں ہو چکا تھا۔ جگہ جگہ اس کی علم دوستی اور علما نوازی کا چرچہ تھا۔ علما و شعرا ہر سمت سے جوق جوق غزنہ آ رہے تھے۔ اسی سلسلہ میں عربی زبان کا بے مثل انشا پرداز فاضل ہمذانی بھی سلطان کے جوار فیض میں ہرات آیا اور تا دم مرگ یہیں قیام کیا چنانچہ ہمارے اس قول کی تائید میں ہمذانی کے وہ قصائد کافی ہونگے جو کہ سلطان محمود کی مدح میں تحریر ہوئے ہیں جنکو ہم آیندہ صفحات میں درج کرینگے۔ علاوہ ان قصائد کے وہ رسائل جو ابو العباس اسفرائنی وزیر محمود کو فتوحات کی تہنیت میں تحریر کئے گئے ہیں وہ اس قول کی مزید تائید کر رہے ہیں مگر افسوس اور حیرت یہ ہے کہ جرجی زیدان جیسا واقفکار شخص اپنی مصنفہ آداب اللغۃ العربیہ (۲ : ۲۲۸) پر سلطان محمود کے تذکرہ میں لکھتا ہے کہ محمود کے دربار میں اسقدر کثرت سے علما و ادبا کا جمع ہونا اس وجہ سے نہ تھا کہ محمود کو علم سے کوئی خاص دلچسپی یا محبت تھی بلکہ یہ محض ملکی فتوحات کا نتیجہ تھا۔ دربار کی زیب و زینت کیلئے محمود نے بہت زیادہ شاہانہ داد و دہش سے کام لیا۔ اس رائے کی تردید میں چونکہ ہمارے اکابر خصوصاً علامہ شبلی نے نہایت بسط و تفصیل کے ساتھ واقعات حوالہ قلم کر دیے ہیں اس لئے کوئی ضرورت نہیں سمجھی کہ ان تمام واقعات کا اعادہ کیا جائے ہاں حوالہ کے لئے شعر العجم ۱:۸۵ دیکھیے نیز روضۃ الصفا۔ منتخب التواریخ۔ تاریخ فرشتہ۔ تاریخ ہند میں مقام مذکور کو دیکھا جائے۔

کے ساتھ نوع انسان کی زبان پر جاری رہے اسکو ہرگز اموات میں شمار نہیں کیا جاسکتا۔ آج تک علامہ ہمدانی کی نثر و نظم اسی آب و تاب کے ساتھ اس دنیا میں موجود ہیں اور متعلمین و مستفیفین سے خراج تحسین وصول کر رہی ہیں" خداوند قدوس اس قدسی الاصل ہستی کو ہمیشہ ہمیشہ اپنے جوار رحمت میں رکھے۔ اللہم آمین !

ہمدانی کی وفات میں اختلاف ہے۔ مگر اس اختلاف کا تذکرہ نہ تو ابو منصور یتیمہ میں کرتے ہیں۔ اور نہ یاقوت حموی معجم الادباء میں" ہاں اس کی کسی قدر تشریح علامہ ابن خلکان نے اپنی مصنفہ وفیات الاعیان (۱ : ۳۹) میں کی ہے۔ کہتے ہیں کہ ہمدانی کی وفات کے متعلق ایک روایت تو یہ ہے کہ انکو زہر دے دیا گیا تھا اس سے انکی وفات ہوئی" مگر چونکہ یہ نہیں معلوم کہ زہر کیوں اور کس نے دیا اس لئے اس قول پر اعتماد کلی نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ اس قول کی تضعیف دیگر کتب تاریخ کے سکوت اور سمعانی کی مصنفہ کتاب الانساب کے بیان سے ہو رہی ہے۔ علامہ سمعانی اپنی کتاب کے صفحہ ۵۹۲ پر درباره بیان شہر ہراۃ و تذکرہ علامہ ہمدانی اس طرح لکھتے ہیں کہ لوگوں کا خیال ہے کہ علامہ نے ۳۹۸ھ میں زہر دیے جانے کی وجہ سے وفات پائی ولکن ہذا لیس بقوی لیکن یہ قول قوی اور صحیح نہیں۔

دوسری روایت حاکم ابوسعید عبد الرحمن بن محمد بن دوست ثقات سے روایت کرتے ہیں کہ ہمدانی کو ایک مرتبہ سکتہ لاحق ہوا۔ لوگوں نے بلا تشخیص و تفتیش انکی تکفین و تدفین میں نہایت عجلت سے کام لیا۔ دفن ہونے کے بعد جب علامہ کو سکتہ سے افاقہ ہوا تو اپنے آپ کو قبر کی آغوش میں پایا۔ قبر کی تاریکی اور اس ہولناک منظر کو دیکھ کر ایک چیخ ماری اور دہشت کی وجہ سے طائر روح پرواز کر گیا۔ رات کو علامہ کی آواز بھی سنائی گئی۔ چنانچہ لوگوں نے شبہ کی بنا پر قبر کو کھودا۔ دیکھا کہ فاضل ہمدانی کا مرغ روح قفس عنصری کو خیرباد کہہ چکا ہے اور بوجہ دہشت اپنی

داڑھی پکڑے ہوئے ہیں"

ابو اسحاق حصری اپنی کتاب زہر الآداب میں علامہ کا تذکرہ ان الفاظ سے کرتے ہیں" کہ ھذا اسم وافق مسماہ ولفظ طابق معناہ یعنی علامہ کا لقب اور کنیت اسم بامسمی اور لفظ بامعنی ہیں - ان کا کلام چاشنی دار اور نہایت ہی پُر لطف ہے ظرافت جملہ جملہ سے ٹپکتی ہے (بعد ازاں ابو اسحاق انشاء مقامات کی وجہ اسطرح تحریر کرتے ہیں) کہ جب ابو بکر محمد بن درید الازدی کو چالیس مقامات لکھکر یہ غرور ہوا کہ میں نے انشاء مقامات میں نہ کسی کی تقلید کی اور نہ کسی سے اس فن کو حاصل کیا بلکہ یہ میرے افکار ابکار کے نتائج ہیں جنکو میں نے ذی عقل و اصحاب بصیرت کیلئے ہدیۂ نظر کیا ہے (حالانکہ ان میں اکثر ایسی ہی حکایات ہیں جنکے مطالعہ سے طبیعت نفرت کرتی ہے سننے کو دل نہیں چاہتا) تو اسوقت علامہ ہمذانی نے بصورت معارضہ یہ چارسو مقالے زیب قلم کئے جو دراصل ظرافت سے پُر اور حسن عبارت سے آراستہ ہیں - ان دونوں اشخاص کی مقامات میں بعد المشرقین ہے نہ الفاظ اور نہ معانی کسی میں مطلق مناسبت نہیں - ہمذانی نے حکایات کا مدار دو فرضی شخصوں پر رکھا ہے - ایک عیسے بن ہشام ہے - دوسرا ابو الفتح اسکندری (کما مرّ آنفا) فاضل یاقوت حموی دربارۂ مفارقت مابین علامہ ہمذانی و صاحب ابن عباد یہ واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ مجلس کے اندر ہمذانی کو حادثہ لاحق ہوا انہوں نے فوراً محض حیا کی وجہ سے کہا کہ شیخ ہذا صریر التخت - یہ تخت کی آواز ہے (مگر آپ جانتے ہیں کہ جائے استاد خالی است) صاحب ابن عباد نے فوراً بلاتامل اسطرح جواب دیا و اخشیٰ ان یکون صریر النخت - ہمذانی کو اس جواب سے بہت شرمندگی ہوئی ان پر گھڑوں پانی پڑ گیا - چنانچہ یہیں سے سیدھے راہی خراسان ہوئے فاضل یاقوت نے ابو النضر عبد الرحمن القاضی کی تصنیف تاریخ ہراۃ سے ہمذانی کا ایک

قصیدہ نقل کیا ہے جو کہ سلطان محمود کی مدح سرائی میں صرف قلم ہوا ہے۔ علاوہ اس قصیدہ کے یتیمہ (۴ : ۱۹۷) پر سلطان محمود کی مدح میں ہمذانی کے دو قصیدے اور ملتے ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ اور بھی قصائد ہمذانی نے محمود کے متعلق انشا کئے ہوں۔ مگر چونکہ ہم کو ان کا دیوان سردست دستیاب نہیں ہوسکا اسلئے ہم کچھ نہیں کہہ سکتے مگر تاہم ان چند اشعار سے اتنا تو علم ہوسکے گا کہ ہمذانی کو دربار محمودی سے کچھ نہ کچھ تعلق ضرور رہا ہے۔

بادشاہ معہ کثیر فوج کے کہیں جا رہا ہے۔ اس حالت کو دیکھ کر ہمذانی بیساختہ کہتے ہیں ؎

خرج الامیر ومن وراء رکابه　　غیری وعزّ علی ان لم اخرج

مجھ پر یہ بہت شاق ہے کہ بادشاہ کے ہمرکاب اور تمام لوگ ہوں اور میں نہ ہوں!

یا سید الامراء مالی خیمة　　الا السماء الی قراها التجی

اے امیروں کے سردار میرے لئے بجز اس نیلگوں آسمان کے اور کوئی خیمہ بھی نہیں ہے۔ جس میں پناہ گزین ہوسکوں

کتفی بعیری ان ظعنت ومفرشی　　کمی وجنح اللیل مطرح هودجی

حالت سفر میں میرا کاندھا میرا بارکش ہوتا ہے۔ میری آستین فرش اور پہلوئے شب ہودج اتارنے کی جگہ

یتیمہ میں یہ دو قصیدے اور ملتے ہیں۔ جنکے چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:-

یا ایها الملک الذی　　بعساکر الآمال یغزی

اے وہ بادشاہ جس سے مخلوق کے تمنا اور امیدوں کے عساکر جنگ کرتے ہیں۔

خلقت یداک علی العدا　　سیفا و للعافین کنزا

تیرے دونوں ہاتھوں کو خداوند قدوس نے دشمنوں کے لئے شمشیر اور سائلین کے لئے خزانہ بنایا ہے

وکانّ امطار الربیع م الی نداک کفیک تعزیٰ

موسم ربیع کی موسلا دھار بارش تیرے دست سخا کی طرف منسوب کی جاتی ہے '

لازلت یا کنف الامیر م لنا من الاحداث حرزا

اے درگاہِ امیر حوادث زمانہ سے ہمیشہ ہمیں اپنی پناہ میں رکھ '

یہ قصیدہ کم ازکم دس بارہ ابیات پر مشتمل ہے ۔جس میں سے چند اشعار ہدیہ نظر ہیں ؎

اافریدون فی التاج ام الاسکندر الثانی

سلطان محمود کیا فریدوں ہے یا سکندر ثانی

ام الرجعة قد عادت الینا بسلیمان

یا رجعت زمانہ ہم تک حضرت سلیمان کو لوٹا لائی ہے

اظلت شمس محمود علے انجم سامان

آج محمود کی شمس سامانی ستاروں پر" پرتو فگن ہے

ابوعامر عدنان بن محمد الضبی کی تعریف میں مندرجہ ذیل قصیدہ زیب قلم کیا گیا ہے ۔یہ شخص ہراۃ کا والی و رئیس ہے '

لیل الصبا و نحارہ سکران حدثان لم یعرکھما حدثان

یا زفرۃ لی لا یکاد ازیزھا لیسع الضلوع الیک یا ھمذان

قسماً لقد فقد العراق بی امرءً لیست تجد دبردہ البلدان

فاعمد براحلتی ھراۃ فانھا عدات وان رئیسھا عدنان

علامہ نے علاوہ ان قصائد کے متعدد لوگوں کی مدح سرائی کی ہے مثلاً امیر ابوعلی رئیس ابوجعفر المیکالی ابوالطیب سہل بن محمد بن سلیمان - اسماعیل بن احمد الدیوانی - ابونصر بن زید - خلف بن احمد وغیرہ وغیرہ - خوف طوالت نیز موضوع سے خارج ہونے کی وجہ سے ان کو ترک کیا جاتا ہے -

علامہ کی زیادہ تر شہرت انکے کلام نثر سے تعلق رکھتی ہے - جس کی سب سے واضح اور روشن دلیل آج ہماری آنکھوں کے سامنے مقامات ہمدانی ہے علاوہ اس کے رسائل کا وہ مجموعہ " جس میں ہر قسم کے مکاتیب درج ہیں " ثبوت فضیلت کے لئے کافی وافی ہے - مگر ان دلائل کے ہوتے ہوئے ہم علامہ کے چند موجز حکمت آمیز کلمات ہدیہ نظر کرتے ہیں جن سے علامہ کی بلاغت کا بخوبی اندازہ ہو سکے گا :-

المرء لا یعرف ببردہ - کالسیف لا یعرف بغمدہ - نار الخلفاء - سریع الانطفاء - الحذق لا یزید الرزق - والدعۃ لا تحجب الساعۃ - ان بعد الکدر صفوا - وبعد المطر صحوا - الراجع فی شیئہ - کالراجع فی قیئہ - ما کل مائع ماء ولا کل سقف سماء - الکریم عند اھل اللوم - کالماء فی فم المحموم - الخبر اذا تواتر به النقل - قبلہ العقل - ان الوالی سیعزل - والراکب لیستنزل - والنذل لا یالم العذل - ما کل بیت بیت اللہ - ولا کل محمد رسول اللہ

مندرجہ ذیل خط ہمدانی نے پہلی مرتبہ ابوبکر خوارزمی کو لکھا ہے جس کے اندر یہ کمال ہے کہ باوجود نثر ہونے کے ہر فقرہ سے بحر طویل کا ایک مصرع مستنبط ہو رہا ہے - ملاحظہ ہو :-

انا لقرب دار الاستاذ — کما طرب النشوان مالت بہ الخمر
ومن الارتیاح للقاءہ — کما انتفض العصفور بلّلہ القطر
ومن الامتزاج بولائہ — کما التفت الصہباء والبارد العذب
ومن الابتہاج بمزارہ — کما اھتز تحت البارح الغصن الرطب

مندرجہ ذیل خط بالکل الٹا لکھا گیا ہے۔ اگر اسکو اول سطر سے پڑھا جائے۔ تو بالکل بے معنی کلام معلوم ہوتا ہے۔ ہاں اگر اسکو آخر سطر اور آخر کلمہ سے اول سطر اور اول کلمہ تک بالترتیب پڑھا جائے تو ایک بامعنی اور پرفصاحت کلام ہو جاتا ہے۔ ہم ارباب ادب اور ناظرین کے لئے اس خط کو بجنسہٖ نقل کرتے ہیں۔ لہذا خط معکوس داہنی جانب ہوگا اور بائیں جانب خط مستقیم

خط معکوس	خط مستقیم
اللہ شاء ان الحاضر عدو بہا و تملأ	ان رای الامیرُ الجلیلُ اطال اللہ
المنابرِ ظہورُ لہا و تضرع الدفاتر وجوہُ	بقاءہ و ادام تائیدہ و نعماءات
بہا و تمشقُ المحابرِ بطون لہا ترشق	بیندار کنا بجمیلِ نظرہ' فقد بعثنا
آثاراً کانت فیہ آمالِنا مقتضی علی	الیہ وفودَ آمالنا وکشفنا لہ وجوہ
ایادیہ فی تائیدہ اللہ ادامَ الامیرُ	احوالنا وعلّقنا رقابَ آمالِنا علی ہممہ
جری فاذ المسلمین ظہور	وشمنا بارقۃَ کرمِہ و انتجعنا مصابَ
عن الثقلَ ھذا ویرفعَ الدین	شیمِہ لینظر نظراً کریماً فقد صار الناس
اھلَ عن الکلّ ھذا یحط ان	اجمع صیارفۃ والنقود زائفۃً والتجارات
فی الیہ نتضرعُ ونحن واقفۃً	واقفۃً ونحن نتضرع الیہ فی ان
والتجاراتُ زائفۃً والنقود	تحطّ ھذا الکلّ عن اھلِ الدین

صیارفة اجمعُ الناسُ صارَ فقد
كریماً نظراً لینظر شیمه مصابَ و
انتجعنا كرَمه بارقةَ و شمنا همه
علے آمالنا رقابَ و علقنا احوالنا وجوهَ
له و كشفنا آمالنا وفودَ الیه بعثنا
فقد نظره بجمیل یتدارکنا ان و
نعماه تائیده و ادام بقاءهُ . اللّٰهُ
اطال الجلیل الامیر رأی رات

و یرفعَ هذا الثقلَ عن ظهور المسلمین
فاذا اجری الامیرُ ادامَ اللّٰهُ تائیده
فی ایادیه علے مقتضی آمالنا کانت
فیه آثاراً تورشق لها بطونُ المحابر
و تمشق بها وجوهُ الدفاتر و تفرع
لها ظهورُ المنابر . . . . . و
تملؤ بها صدورُ المحاضر
ان شاءَ اللّٰه ؎

علامہ ہمذانی نے ابوالعباس الفضل بن احمد اسفرائنی وزیر اول سلطان محمود کو چند خطوط فتوحات پر مبارک باد دیتے ہوئے انشا کئے ہیں جنکا بعینہ اس مقام میں درج کرنا طول کلام کے مرادف ہے۔ اس لئے ہم ان خطوط سے قطع نظر کرکے صرف اس جگہ کی عبارت درج کرتے جہاں ہمذانی نے مدح محمود میں بہت زیادہ غلو سے کام لیا ہے

ولم ینطق التاریخ بما کان والوحی بما یکون بان اللّٰه تعالے خص احداً من عباده لیس النبیین بما خص به الامیر السید یمین الدولة و امین الملة

یعنی وحی اور اوراق تاریخ اس امر کا ثبوت نہیں پیش کرسکے کہ خداوند قدوس نے بجز انبیاء کے اپنے بندوں میں سے کسی اور کو بھی ان فضائل میں شریک کیا ہو جو سلطان محمود کے ساتھ خاص ہیں۔

اسی خط میں آگے چلکر اس طرح رقمطراز ہیں :-

؎ اس خط کے ملاحظہ کے لئے دیکھئے رسائل بدیع الزمان ص ۸۳

ثم حکمت علماء الامۃ و اتفق قول الائمۃ ان سیوف الحق اربعۃ وسائرھا للنار سیفُ رسول اللہ فے المشرکین و سیفُ ابی بکر فے المرتدین ۔ و سیف علیؓ فی الباغین و سیف القصاص بین المسلمین و سیوف الامیر لا تخرج عن ھذہ الاقسام فسیفہ بظاھر ھراۃ فیمن عطل الحدّ و اتھم بانہ ارتدّ و سیفہ بظاھر غزنۃ فیمن سد فے وجہہ العقوق نوعا من الکفر والفسوق و سیفہ بظاھر مرو فیمن نقض العھد بعد تغلیظہ و نبذ الیمین بعد تاکیدہ ۔ وسیفہ بظاھر سجستان فیمن نبہ الحرب بعد رقودھا وخلع الطاعۃ بعد قبولھا و سیفہ الآن فی دیار الھند قرنت بہ الفتوح و اثنت علیہ الملائکہ والروح و ذلّت بہ الاصنام وعزّ بہ الاسلام والنبی علیہ السلام الی آخر الخط

یعنی تمام علماء امت اور ائمہ اس امر پر متفق ہیں کہ چار قسم کی شمشیر زنی حق ہے ۔ باقی سب ناحق ہیں :۔

(۱) حضور روحی فداہ کی تلوار جو مشرکین عرب میں چلی (۲) حضرت ابوبکر کی مرتدین کے متعلق شمشیر زنی (۳) حضرت علی کی ذوالفقار سرکشوں اور باغیوں کے لئے (۴) حق قصاص کے لئے شمشیر چلانا ۔ یہ چاروں قسم کی شمشیر زنی حق ہے ۔ لیکن سلطان محمود نے جسقدر (جنگ) اور شمشیر زنی کی ہے ۔ وہ سب ان ہی چاروں حقوق میں داخل ہے ۔ اس لئے کہ ہرات پر محمود کی چڑھائی اس لئے تھی کہ اہل ہراۃ نے حدود خداوندی کا کچھ پاس نہیں کیا نیز ان پر ارتداد کا اتہام تھا ۔ غزنہ کو اس لئے تسخیر کیا کہ اسکے اندر نافرمانی اور کفر و فسوق کا شیوع ہو چکا تھا ۔ اسی طرح مرو پر شمشیر زنی کی نوبت اس لئے آئی کہ انہوں نے نقض عہد کا ارتکاب کیا اور اپنی قسم موکد کا لحاظ بھی نہیں کیا ۔ سیستان پر بھی اسی وجہ سے حملہ کیا گیا کہ ان لوگوں نے آتش جنگ کو بار دیگر بھڑکایا اور خروج عن الطاعۃ کے مرتکب ہوئے ۔ باقی ہند پر محمود کی یلغار

اور شمشیر زنی اس لیے ہوئی تاکہ اسلام اور بانی اسلام کا بول بالا ہو اور اعداء اللہ و اصنام کا منہ کالا ہو اور وہ ذلیل ہوں یہی وجہ ہے کہ محمود کی تلوار ہند پر حملہ کے وقت ہمیشہ فتح کے ساتھ نیام میں گئی اور ملائکہ اور روح الامین اس کے لئے دعا گو اور تعریف کناں رہے)

خلاصہ یہ کہ اس خط اور اسی قسم کے دوسرے رسائل سے یہ بخوبی معلوم ہو گیا کہ ہمدانی کو محمود سے کافی تعلق تھا۔ نیز بعض دیگر فتوحاتِ محمود علامہ نے قلمبند بھی کی ہیں۔ چنانچہ خود کہتے ہیں

و ستذکر من حدیث الهند و بلادها و غلظ اکبادها وصدق جلادها و کثر اجنادها نبذاً لیعلم السامع ای غزوة غزاها الامیر السید

یعنی ہم عنقریب ہند اور مضافات ہند اور اہل ہند کی بہادری اور انکی کثرت وغیرہ کا حال بالتفصیل قلمبند کرینگے تاکہ سامع کو معلوم ہو سکے کہ سلطان محمود نے کس قسم کی لڑائیاں سر کی ہیں[1]۔ ذیل میں علامہ کا وہ مناظرہ درج کیا جاتا ہے جو ابوبکر خوارزمی کیساتھ ہوا ہے۔ جسکی وجہ سے ہمدانی کی ہستی منظر عام پر آئی اور انکی بلاغت و فصاحت سرعت فہم و ذکا اور حفظ وغیرہ کا جا بجا چرچا ہونے لگا۔

علامہ یاقوت نے ابوالحسن بن ابوالقاسم بیہقی صاحب وشاح الدمیہ کے واسطہ سے یہ مناظرہ تحریر کیا ہے کہ ایک مرتبہ سید السادات ابوعلی نے ان دونوں حضرات کو ایک مجلس میں جمع کیا۔ مگر چونکہ ابوبکر کا مکان دور تھا اس لئے ان کیلئے سواری بھیجی گئی بالآخر ابوبکر اپنے تلامذہ کی ایک کثیر جماعت کے ساتھ تشریف لائے۔ تھوڑی دیر کے بعد ہمدانی نے کہا کہ آپ کو اس مجلس میں شرکت کی دعوت اس لئے دی گئی ہے تاکہ جناب اپنے فیوضات علمیہ سے اس مجلس کو بہرہ اندوز کریں اور بلیغ اشعار و نادر

---

[1] یہ تمام عبارت رسائل بدیع الزمان ص ۲۱ و ۲۴ و ۲۵ سے اخذ کی گئی ہے۔ تفصیل کیلئے دیکھو مقام مذکور۔

امثال کا ذکر و تذکرہ ہو - نیز یہ کہ آپ سے چند باتیں معلوم کرکے سعادت حاصل کی جا سکے اور اس لئے کہ آپ ہم سے کچھ سوال کرکے ہمارے جوابات پر اظہار مسرت فرمائیں - چنانچہ ہم پہلے ان فنون کا تذکرہ کرتے ہیں جنکی باگ ڈور آپ کے قبضہ میں ہے - اور جنکی وجہ سے آپ کا شہرہ بہت زیادہ ہو رہا ہے - یعنی حفظ نظم و نثر اور بداہتہ ان چاروں میں سے کسی ایک کو جناب مناظرہ اور معارضہ کے لئے انتخاب فرمائیے - ابوبکر نے حفظ میں تو کبرسن کی وجہ سے مناظرہ نہ کیا اور اسی کے ساتھ نثر و نظم کو پس پشت ڈالکر بداہتہ پر معارضہ کے لئے اقرار کیا - ہمذانی نے کہا کہ آپ کو اختیار کلی ہے جو چاہیے موضوع مقرر کیجئے - خوارزمی نے کہا کہ میں تم سے وہی کہتا ہوں جو موسےٰ علیہ السلام نے جادوگروں کے مقابلہ میں کہا تھا "بل القوا" یعنی تم پہلے اقدام کرو - بدیع نے نہایت مسرت کے ساتھ اقدام کیا اور بداہتہً ایک طویل قصیدہ پڑھنا شروع کر دیا - اس قصیدہ کے اندر شریف ابوعلی کی مدح اور ذاتی مفاخر اور ابوبکر کی تقبیح اور ہجو ہے - اس کے جواب میں خوارزمی نے بھی چند ابیات کا قصیدہ کہا لیکن چونکہ ادنیٰ درجہ کا تھا مضامین و الفاظ ہر اعتبار سے گرا ہوا تھا - ہمذانی نے کہا کہ بڑے شرم کی بات ہے کہ بلّی تم سے زیادہ عاقل ہو وہ تو براز کرکے فوراً اس کو مٹی سے چھپا ڈالتی ہے مگر تم ہو کہ اپنی اس غلاظت پر پردہ بھی نہیں ڈالتے - بعد ازاں شریف نے ان سے متنبی کے اس شعر پر اجازہ کے لئے حکم دیا - "ارق علے ارق و مثلی یارق" ابوبکر نے فوراً بڑھ کر چند شعر اسی وزن و قافیہ کے انشا کئے اور بعد میں عذر کرکے بیٹھ گئے[۵] -

ہمذانی نے اٹھتے ہی کہا کہ خدا تمہارا عذر قبول کرے - مگر استاد تم نے بڑے سخت قافیہ جمع کر دیے - آپ کے قصیدہ میں ہر قاف جبل قاف کی طرح ہے - اچھا

---

[۵] ابوبکر کے قصیدے کا ایک شعر یہ ہے ؎ فاذا ابتدہت بدیہۃ یاسیدی فاراک عند بدیہتی تتقلق '

لیجئے اب ہم سے سنئے اور بدیع نے چند اشعار کہکر اپنی عادت کے موافق ابو بکر کی تفضیح کرتے ہوئے یہ شعر کہا ؎ یا احمقا و کفاک تلک فضیحۃ

اسپر فوراً ابو بکر نے یہ اعتراض کیا کہ اسکا منصرف ہونا ناجائز ہے۔ ہمذانی فوراً گستاخی سے جواب دیتے ہیں کہ میں اس وقت تک چپت بازی کرونگا کہ وہ منصرف ہو جائے اور تم یہاں سے چلے جاؤ۔ یعنی شاعر غیر منصرف کو منصرف کرسکتا ہے چنانچہ اسی طرح شعر میں کو دنا جائز ہے۔ لیکن آپ تو فرمایئے کہ آپ نے ممدوح کی مدح کی یا ہجو و طعن آپ نے دو معنی متفاوت اپنے شعر میں بیان کئے ہیں جو کسی طرح جائز نہیں۔ اول تو یہ غلطی ہے کہ ابتداً یا سیدی کہکر خطاب کیا جاتا ہے۔ دوسرے یہ کہ تنقلق کا عطف کر کے تلق کی نسبت ممدوح کی طرف کی جارہی ہے۔ تیسرے یہ کہ ممدوح کے مقابلہ میں اپنی ارتجال گوئی پر فخریہ چیزیں ایسی ہیں جن سے اغماض نہیں کیا جاسکتا۔ اس کے بعد شریف نے کہا کہ اچھا متنبی کے اس مصرع پہ طبع آزمائی کی جائے اھلا بدار سباک اغیدھا

علامہ ہمذانی بلا تامل کہتے ہیں ؎

یا نعمۃ لا تزال تجحدھا　　　ومنۃ لا تزال تکندھا

ابو بکر نے دوسرے مصرعہ پر فوراً یہ اعتراض کیا کہ منۃ کے مقابلہ میں لا تکفرہا ہونا چاہیئے نہ کہ لا تکندھا اس لئے کہ کنود کے معنی قلت خیر کے ہیں نہ کہ کفران نعمت۔ مگر جماعت نے فوراً یہ جواب دیا کہ کیا تم نے قرآن شریف کی اس ایت کو نہیں پڑھا ان الانسان لربہ لکنود یہاں لکنود کے معنی لکفور کے ہی ہیں۔ اس پر ابو بکر کو بہت شرمندگی ہوئی۔ بعد میں مجلس گرم ہوئی اور قوال نے گانا شروع کیا اس اثنا میں ان دونوں کے اندر برابر نوک جھوک ہوتی رہی۔ حتیٰ کہ رات بہت زیادہ گذر گئی۔ اور لوگوں کو نیند آنے لگی۔ اور حسب تمدن نیشاپور لوگ اسی مجلس میں سو گئے

صبح کو اٹھ کر کوئی خوارزمی کو فوقیت دیتا تھا اور کوئی علامہ ہمذانی کو۔ فضلائے دہر نے ان کے مابین صلح کرانے کی کوشش کی چنانچہ بدیع ہمذانی ابوبکر کے پاس گئے اور اپنی گستاخی اور بدکلامی کی معافی طلب کی اور کہا کہ جس طرح ہر بادل اور بارش کے بعد مطلع صاف ہو جاتا ہے۔ اسی طرح ہر کدورت کے بعد صفائے قلب بھی ہونا چاہیئے۔ چنانچہ (معمولی طور پر) صلح ہو گئی اور ایک دن ہمذانی نے ابوبکر کے مکان پر قیام کیا۔ ابوبکر نے ان کی ضیافت کی۔ مگر چونکہ بعض رؤسائے خوارزمی سے بددل ہو چکے تھے۔ اس لئے انہوں نے پھر ان دونوں میں شکر رنجی اس طرح کرا دی کہ سید ابو القاسم الوزیر کے مکان میں ایک مجلس مناظرہ کا انعقاد ہوا جس کے اندر ابوبکر کو بہت بری طرح سے شکست ہوئی اور یہ نہایت غیظ و غضب کی حالت میں مجلس سے اٹھ آئے[۵]۔ مجلس سے اٹھتے وقت ابوبکر ہمذانی کو خطاب کر کے کہتے ہیں کہ

والله لا ترکنک بین المیمات فقال البدیع ما معنی المیمات فقال۔ بین مہزوم۔ ومہذوم و مہشوم و مغموم ومحموم۔ ومرجوم۔ فقال واترکنک بین المیمات ایضاً۔ بین الھیام۔ والصدام والجذام۔ والحمام والزکام والسام۔ والبرسام۔ والھام۔ والسقام

ان لغات کے علاوہ ہمذانی نے مطبوخ اور منحوس اور مصلوب میں سے ہر ایک کے متعدد الفاظ اپنے اپنے وزن پر ابوبکر کے جواب میں کہہ ڈالے۔ جنکو دیکھ کر ہمذانی کی لغت دانی کا دل سے اعتراف کرنا پڑتا ہے

علامہ ہمذانی کی تصنیفات کا جسقدر پتہ چل سکا وہ سب مندرجہ ذیل ہیں (از آداب اللغۃ العربیۃ (۲ : ۲۷۵)

---

[۵] رسائل بدیع الزمان میں اس مناظرہ کو نہایت تفصیل سے درج کیا ہے علامہ یاقوت نے اسکو بہت مختصر بیان کیا ہمنے بھی خوف طوالت کی وجہ سے یاقوت کے بیان پر بھی اختصار سے کام لیا۔ تفصیل کیلئے دیکھو رسائل صفحہ از ۳۸ تا ۸۴'

۱- رسائل بدیع الزمان

اس کے اندر تمام وہ رسائل و مکتوبات درج ہیں جو ہمذانی نے اپنے متعلقین کو لکھے ہیں نیز ابوبکر وغیرہ کے مناظرے اور سلطان محمود کی فتوحات کا بھی تذکرہ ہے یہ مجموعہ ۱۲۹۸ھ میں بمقام استانہ طبع ہوا بعدہٗ شیخ ابراہیم الاحدب طرابلسی کی مختصر شرح کے ساتھ بمقام بیروت ۱۸۹۰ء میں طبع ہوا۔

۲- دیوان شعر - اس کا ایک نسخہ قلمی پیرس کے کتب خانہ میں موجود ہے نیز مصر کے اندر ۱۳۲۱ھ میں طبع ہوا۔

۳- مقامات - یہ ان ہی کے نام سے مشہور ہے۔ مقامات ہمذانی سب سے پہلی کتاب ہے جو اس خاص طرز کیساتھ فن لغت میں مدون ہوئی۔ ہمذانی نے اس طرز کو اپنے استاد ابن فارس صاحب المجمل لغوی سے حاصل کیا۔ پھر انکی پیروی حریری وغیرہ نے کی۔ اس مقامات میں مختصر حکایات ہیں۔ حکایات میں مضامین عبرت۔ مواعظ اور عمدہ نکات و محاورہ جات کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ ضرب الامثال و حکمت آمیز باتیں بکثرت ملتی ہیں۔ اولاً یہ استانہ کے اندر ۱۲۹۸ھ میں بعدہٗ شیخ محمد بن عبدہ کی شرح موجز کے ساتھ بمقام بیروت ۱۸۸۹ء میں طبع ہوئی۔

محمد عبدالرزاق صدیقی

پودے اور بوٹیاں اُگتی تھیں اور وہاں اُنکی نشو و نما کو بدقت نظر مشاہدہ کرتا رہا۔ سفر سے واپسی پر وہ سلطانِ مصر ملک الکامل[1] بن ملک العادل کے دربار میں ملازم ہوگیا۔ بادشاہ نے اُسے رئیس علی سائر العشابین مقرر کیا۔ ملک العادل کے بیٹے ملک صالح کے عہد حکومت میں بھی اسی عُہدے پر ممتاز رہا، یہاں تک کہ اسنے ۶۴۶ھ (مطابق ۱۲۴۸ء) میں وفات پائی۔ کتاب المفردات ملک صالح[2] ہی کے نام معنون ہوئی تھی، کتاب مذکور کے علاوہ ابن البیطار نے اور بھی متعدد کتابیں تصنیف کی تھیں جن میں دیسقوریدس[3] کی قدیم تصنیف[4] کی شرح خصوصیت سے قابل ذکر ہے۔

ابن ابی اصیبعہ[5] جسنے تاریخ الاطبا لکھی ہے اپنی کتاب میں ابن البیطار کے اُن مشاہدات اور ذاتی تحقیقات کا ذکر کرتا ہے۔ جو اسنے اپنے دورانِ سفر میں کیں، یہ سوانح نگار ابن البیطار کا ہمعصر تھا۔ اور ابن الصوری[6] کا جس نے جبل لبنان میں ایک مصور کی معیت میں نباتی تحقیقات کی تھیں دوست اور شاگرد تھا۔ وہ ابن الصوری کی بے حد تعریف کرتا ہوا لکھتا ہے

